الا بذکر اللہ تطمئن القلوب

الحمد للہ مجموعہ ملفوظات سیدنا و مرشدنا حضرت محمد نعیم المعروف بہ مسکین شاہ صاحب قبلہ مدظلہ العالی

المسمّٰی بہ

طمانینۃ القلوب فی ذکر المحبوب

المعروف بہ

لذاتِ مسکین

باہتمام

حقیر فقیر عبد اللہ بن حسن پٹھان

بار دوم بطبع رسید

تاج محل فائن آرٹ لیتھو ورکس بمبئی میں طبع شد

دیباچہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم ؕ

زبان بشر میں اتنی طاقت کہاں کہ اس خالق وکون ومکان کی حمد وثنا بیان کر سکے ۔جس نے کائنات کے ذرّے ذرّے کو حامل صد راز بنایا اس کی قدرت کے کھیل انوکھے اور نرالے ہیں ۔ جہاں تک انسان ضعیف البنیان کی رسائی مشکل ہی نہیں بلکہ محال ہے ۔ بڑے بڑے نکتہ رس اور دور بین نگاہیں اس راہ میں قدم قدم پر ٹھوکریں کھاتی ہیں ۔ پھر مجھ جیسے ہیچمدان کا کیا ذکر بس اتنا کہنا کافی سمجھتا ہوں کہ :-

میری انتہائے نگارش یہی ہے
تیرے نام سے ابتدا کر رہا ہوں

اور نعت حضرت رسول خدا احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہٖ اجمعین میں بھی زبان قلم کو جنبش میں لانا انتہائے سوئے ادب ہے جن کی شان میں خود خالق کائنات یوں فرماتا ہے لولاک لما خلقت الافلاک

پھر انسان علاوہ اس کے اور کیا عرض کر سکتا ہے پھر

ہر چند وصفت می کنم درحسن زاں زیباتری

امابعد روح چونکہ حکم ربی ہے اور انسان کا جسم خاکی اس سے معمور کیا گیا ہے ۔جب انسان کا جسم خاکی اس سے معمور کیا گیا ہے جب انسان راہ طریقت میں قدم رکھتا ہے اور روحانیت کا غلبہ جسمانیت پر غالب آجاتا ہے تو وہ انسان بہ ظاہر عوام کی طرح زندگی بسر کرتا ہے لیکن بباطن

فنا فی اللہ ہو جاتا ہے۔ جس کو طریقت میں سالک کے نام سے یاد کیا جاتا ہے اور وہ باوجود اس کثافت جسمانی کے لطیف ہو جاتا ہے۔

علمائے طریقت نے جس کے چند درجے رکھے ہیں۔ اور ان مدارج کو طے کرنے کیلئے کسی رہبر کی ضرورت پڑتی ہے۔ بغیر رہبر کے منزل مقصود تک پہونچنا دشوار ہے۔ رہبر بتدریج ایک ایک طریقہ تلقین کرتا ہے جس کے چھ مدارج رکھے گئے ہیں۔

(۱) شروع حرکت۔ جو کام حرکت کیلئے ضروری ہو۔ یعنی تحصیل صفات ایمان، ثبات، نیت، صدق، انابت، اخلاص،

(۲) جو چیز حرکت کیلئے مانع ہوتی ہے اُسے قطع کرے۔ یعنی تحصیل صفات توبہ، زہد، فقر، ریاضت، محاسبت و مراقبت، تقویٰ،

(۳) وہ حرکت جس سے انسان مبدا سے مقصد کو پہونچتا ہو یعنی تحصیل صفات خلوت تفکر، خوف، رجا، صبر، شکر۔

(۴) جو موقع انسان کو حاصل ہوتا ہے حرکت سے مبدا سے مقصد تک یعنی تحصیل صفات ارادت، شوق، محبت، معرفت، یقین، سکون۔

(۵) جو حالت مقصد پر پہونچنے سے حاصل ہوتی ہے یعنی تحصیل صفات، توکل۔ رضا تسلیم۔ توحید۔ اتحاد۔ وحدت۔

(۶) حرکت اختتام۔ وسلوک پورا ہونے پر یعنی تحصیل فنا .... جب انسان پر کثافت غالب ہے ان مدارج کے پڑھنے اور سننے سے گھبرا جاتا ہے۔ مگر قدرت نے انسان کو اتنی طاقت بخشی ہے کہ اگر ضبط و تحمل کے ساتھ اُس پر عمل پیرا ہو تو ضرور کامیابی سے ہمکنار ہو جاوے اور اس میں خاص پیر کی روحانیت کو بھی کافی دخل ہے۔ جسقدر رہبر کی روحانیت بڑھی ہوئی ہوگی

بڑھی ہوئی ہوگی ۔ اسی قدر جلد کامیابی حاصل ہوگی ۔ سلسلہ شریفہ نقشبندیہ
کے مشائخ پیران عظام نے بہت لطائف مقرر کئے ہیں لیکن اس موقع پر خاص چھ
لطائف درج کئے جاتے ہیں تاکہ طالب کو شوق ہو پھر مشائخین کی توجہ خاص سے
اور لطائف کی تعلیم حاصل ہو جایا کرتی ہے جس کی برکت سے یہ مدارج طے ہو جاتے ہیں اور انسان کو وہ درجہ
مل جاتا ہے جسکو سالک کہا جاتا ہے کیونکہ انسانی وجود عالم صغیر ہے اور دنیا عالم کبیر ہے چھ لطائف ذیل میں درج ہیں

(اول) لطیفہ قلب - برائے مقام اول -

(دوئم) لطیفہ روح - برائے مقام دوئم،

(سوئم) لطیفہ سری - برائے مقام سوئم،

(چہارم) لطیفہ خفی - برائے مقام چہارم،

(پنجم) لطیفہ اخفیٰ - برائے مقام پنجم،

ششم) لطیفہ نفسی - برائے مقام ششم،

یہ طاقتیں پیر کے خاص توجہ سے حاصل ہو سکتی ہیں اور حضرت مولانا مرشدنا
سید محمد نعیم مسکین شاہؒ نے اپنی کتاب لذات المسکین میں بالتفصیل ان
مدارج کو قلمبند فرمایا ہے اور یہ ثابت کیا ہے کہ جب انسان ان مدارج کو طے
کرلیتا ہے تو اس کی کثافت لطافت میں تبدیل ہو جاتی ہے ۔ اور اس میں وہ تمام
اوصاف پائے جاتے ہیں جو وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَمَا كُنْتُمْ کا صحیح طریقے پر
مصداق ہو جاتا ہے لیکن سب سے پہلے انسان کو صوم صلوٰۃ کا پابند
ہونا لازمی ہے ۔ چونکہ بغیر شریعت کی پابندی کے راہ طریقت کا طے کرنا مشکل
ہی نہیں بلکہ محال ہے ۔

فقیر خاکسار عبد اللہ شاہ پٹھان،

اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ

الحمد للہ مجموعہ ملفوظات سیدنا و مرشدنا حضرت محمد نعیم المعروف
مسکین شاہ صاحب قبلہ مدظلہ العالی المسمّٰی بہ

طمانینۃ القلوب فی ذکر المحبوب

المعروف بہ

لذّات مسکین

باہتمام

حقیر فقیر عبیداللہ شاہ بن حسن پٹھان بطبع رسید

تاج محل فائن آرٹ لیتھو ورکس بمبئی
طبع شد

رسالہ عقائد ضروریہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین الصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین محمد و علی آلہ و اصحابہ اجمعین۔
بعد حمد و صلوٰۃ کے ایمان لے آ اور یقین جان کہ اللہ تعالےٰ ایک ہے۔ یعنی نہیں ہے دوسرا
شریک اُسے اور وہ اللہ تعالےٰ قدیم ہے۔ یعنی ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہیگا۔ اور وہ اللہ
تعالیٰ موجود ہے یعنی ذات سے اپنی موجود ہے نہ دوسرے سے اور وہ اللہ تعالےٰ
واجب الوجود ہے یعنی وجود اُس کا واجب اور لازم ہے۔ جان اللہ تعالےٰ کے تئیں
صفتیں حقیقیہ ہیں اور قدیم ہیں جیساکہ حیات۔ علم۔ قدرت۔ ارادت۔ سمع۔ بصر
کلام تکوین۔ پس اللہ تعالےٰ حی ہے یعنی جیتا ہے بغیر جسم و جان کے۔ اور علیم ہے
یعنی جانتا ہے بغیر وہم و خیال کے۔ اور قدیر ہے یعنی سب چیز پر قادر ہے۔ اور مرید
ہے یعنی ارادہ کرنے والا ہے۔ تمام کام ارادے سے اُس کے ہوئے اور ہوتے ہیں۔
اور سمیع ہے یعنی سننے والا ہے۔ بغیر کانوں کے۔ اور بصیر ہے یعنی دیکھنے والا ہے
بغیر آنکھوں کے۔ کوئی چیز نظر سے اُس کے پوشیدہ نہیں ہے۔ اور متکلم ہے یعنی باتیں
کرنے والا ہے بغیر زبان کے۔ اور متکون ہے یعنی پیدا کرنے والا ہے تمام ممکنات
کا۔ ان صفتوں کے تئیں صفات کاملہ بھی کہتے ہیں۔ جان کہ علماء محققین نے صفات

ثبوتیہ حقیقیہ کے تئیں لا ہو ولا غیرہ فرمائے ہیں۔ یعنی یہ صفتاں نہ عین ذات ہیں نہ غیر ذات، سوائے صفات حقیقیہ کے صفات اضافیہ بے شمار ہیں۔ جیسا کہ خالقیت۔ رازقیت۔ اِحیا۔ اِماتت۔ پس اللہ تعالےٰ خالق ہے یعنی پیدا کرنے والا عالم کا ہے۔ اور رازق ہے یعنی رزق دینے والا تماموں کا ہے۔ اور محی ہے یعنی زندہ کرنے والا ہے۔ اور ممیت ہے یعنی مارنے والا ہے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ اللہ تعالےٰ جسم و جسمانی نہیں ہے۔ یعنی تن دار نہیں ہے اور جوہر نہیں ہے۔ جان کہ جوہر بھی قسم سے تن کے ہے۔ اور عرض نہیں ہے یعنی سیاہ یا سفید یا مانند ان کے اور کوئی صفت دار نہیں ہے۔ اور مصوّر نہیں ہے یعنی صورت دار نہیں ہے۔ اور مرکب نہیں ہے یعنی ٹکڑے ٹکڑے جمع نہیں ہے۔ اور معدود نہیں ہے۔ یعنی مانند یک دو تین کے شمار کئے نہیں جاتا ہے۔ جان کہ اللہ تعالےٰ ایک ہے۔ نہ ایسا ایک کہ دو۔ تین۔ چار۔ پانچ اس ایک سے گنے جاتے ہیں۔ اور محدود نہیں ہے یعنی اطراف گھیرا نہیں گیا ہے۔ اور متناہی نہیں ہے یعنی انتہا نہیں رکھتا ہے۔ اور اللہ تعالےٰ لمبا۔ چوڑا۔ اونچا۔ چھوٹا۔ کشادہ تنگ نہیں ہے۔ بلکہ اللہ تعالےٰ کشادہ ہے نہ ساتھ اس کشادگی کے کہ فہم میں ہماری آوے۔ اور گھیرا ہے ہمارے تئیں نہ ایسا کہ سمجھ میں ہماری آوے۔ ایمان لے آئے ہیں ہم کہ اللہ تعالےٰ واسع ہے۔ اور محیط ہے اور قریب ہے لیکن کیفیت اُن کی نہیں جانتے ہیں ہم۔ جان کہ اللہ تعالےٰ نہ داخل عالم ہے نہ خارج عالم ہے۔ متصل عالم ہے نہ منفصل عالم ہے ایسا داخل اور خارج اور متصل اور منفصل کہ قیاس میں ہمارے آوے اور یقین جان کہ ذات اللہ تعالےٰ کی جہات ستہ سے خالی ہے۔ یعنی آگے پیچھے اوپر نیچے۔ سیدھے۔ بائیں کسی طرف تخصیص کی گئی نہیں ہے۔ اور اللہ تعالےٰ ساتھ کسی چیز کے ملتا نہیں ہے۔ اور کوئی چیز ساتھ اس کے ملتی نہیں ہے۔ اور اللہ

تعالیٰ کسی شی میں رہتا نہیں ہے اور کوئی شئے بیچ اس کے رہتی نہیں ہے جیسا کہ پانی بیچ ڈھیلے کے یا آگ بیچ پتھر کے۔ اور کوئی زمانہ شامل اللہ تعالیٰ کو نہیں ہے۔ نہ ماضی نہ حال نہ استقبال۔ اور اللہ تعالیٰ ماں اور باپ سے اور زن و فرزند سے پاک ہے۔ یعنی کسی نے اس کو جنا نہیں ہے اور کوئی اس سے جنے نہیں گیا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کھانے پینے سے سونے جاگنے سے مبرا ہے پس کسی طور سے غفلت کو دخل جناب باری میں نہیں ہے۔ ہمیشہ حاضر اور ناظر ہے۔ جان کہ اطلاق شئی کا حضرت بیچوں پر کرتے ہیں۔ نہ ایسی شئے کہ بیچ ممکنات کے ہے کہ وہ حادث ہے۔ اللہ تعالیٰ حدوث سے منزہ ہے۔ جان کہ اللہ تعالیٰ بیچوں و بیچگونہ اور بے شبیہہ اور بے نمونہ ہے یعنی جو صفتیں کہ بیچ ممکنات کے ہیں اُن صفتوں سے پاک اور مبرا ہے۔ اور کوئی مانند اللہ تعالیٰ کے نہیں ہے۔ بیچ ذات یا صفات کے اور کوئی اللہ تعالیٰ کی مشابہت نہیں رکھتا ہے۔ اور کوئی اللہ تعالیٰ کا مخالف اور معاند نہیں ہے۔ یعنی کسی طور سے بال برابر مقابلہ کرنے والا نہیں ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کبھو محتاج مدد کا نہیں ہے کوئی مددگار اُس کا نہیں ہے تمام ادنیٰ مخلوق اُس کے ہیں۔ کسے طاقت کہ مدد اُس کی کرے۔ جو صفتیں کہ کمال کی ہیں اللہ تعالیٰ ان صفتوں سے صفت کیا گیا ہے۔ اور جو چیزیں کہ نقصان کی ہیں اللہ تعالیٰ سے مسلوب ہیں۔ جان کہ جو نام پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اُس ذات پاک کے لئے ہیں۔ وہی نام لینا اور سوائے اُن کے دوسرے نام نہ لینا اگرچہ معنی ایک ہوویں جوا دکھنا سخی نہ کہنا جیسا کہ بیچ اس زمانے کے بعضے عوام کہتے ہیں رحیم اور رام دونوں نام اس کے ہیں بیچ اس کے کفر ہے۔

فصل بیچ بیان تقدیر کے:- جان کہ اللہ تعالیٰ جیسا پیدا کرنے والا بندوں کا ہے۔ ویسا ہی پیدا کرنے والا

افعال اونہوں کا ہے نیکی ہووے یا بدی تمام مقدر کیے گئے ۔ اللہ تعالےٰ لکھے ہیں ۔ لیکن نیکی سے راضی ہے اور بدی سے راضی نہیں ہے ۔ ہر چند دونوں ساتھ ارادے اور خواہش اُس سبحانہ کے ہیں ۔ باوجود پیدا کرنے افعال کے اللہ تعالےٰ نے بندوں کے تئیں بیچ کرنے کاموں کے اختیار عطا فرمایا ہے ۔ اور کسب بیچ اُس کے ثابت بندہ مختار ہے نیکی کرے یا بدی پس بسبب اس اختیار کے نیکی پر ثواب عطا فرماتا ہے اور بدی پر عذاب وارد کرتا ہے ۔ یقین جان کہ توفیق اوپر عبادت کے اور گمراہی اوپر معصیت کے اللہ تعالےٰ سے ہے

فصل :۔ بیچ بیان رویت کے ۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ مومنان اللہ تعالےٰ کے تئیں بیچ بہشت کے ساتھ طور بیچوں اور بیچونگی کے اور بے کیف و بے کیفیت بے مقابلہ بے جہت بے احاطہ دیکھیں گے ۔

فصل :۔ بیچ بیان ایمان اور اعتقاد فرشتوں کے ۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ فرشتے اللہ تعالیٰ کی مخلوق نورانی ہیں ۔ اور عبادت میں لاثانی ہیں بال برابر خلاف حکم نہیں کرتے ہیں نہ مرد ہیں نہ عورت ہیں ۔ دونوں حال سے پاک ہیں ۔ نہ کھاتے ہیں نہ پیتے ہیں ۔ غذا اُن کی ذکر اور فرمانبرداری الٰہی ہے ۔ جلّ جلالہٗ اولاد اونہوں سے جاری نہیں ہے ۔ فقط ارواح مجرد ہیں گنتی اُونہوں کی سوائے اللہ تعالےٰ کے دوسرے کو معلوم نہیں ہے ۔ ایک حصہ تمام عالم ہے اور نو حصے وہ ہیں ۔ یہاں تک کہ ہر ایک قطرے کے ساتھ ایک فرشتہ مُوکل ہے ۔ تمام عالم میں دخل اونہوں کو ہے اور سوائے صورت اپنی ہر کسی کی صورت پر قادر ہیں ۔ جس کی صورت چاہتے ہیں اُس کی صورت سے ظاہر ہوتے ہیں ۔ اور چار اونہوں سے مرتبہ عظیم رکھتے ہیں ۔ اور مقام نبوت

سرفراز ہیں ۔ ایک جبرئیل ۔ دوسرے اسرافیل ۔ تیسرے میکائیل ۔ چوتھے عزرائیل
علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والتسلیمات ۔ جبرئیل علیہ السلام واسطے پیغام لے آنے
نبیوں پر مقرر ہیں ۔ اسرافیل علیہ السلام واسطے پھونکنے صور کے کھڑے ہیں ۔
میکائیل علیہ السلام واسطے تقسیم کرنے رزق کے حکم کئے گئے ہیں ۔ عزرائیل علیہ السلام
واسطے نکالنے جان جانداروں کے مقرر ہیں ۔ بعد ان چاروں کے اٹھانے والے عرش
کے ہیں ۔ بعد ان کے ہر ایک اپنے کام پر اور مقام پر ہے ۔ جان کہ رسول
بنی آدم کے علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات افضل ہیں اوپر رسول فرشتوں کے علیہ
الصلوٰۃ والتسلیمات اور رسول فرشتوں کے افضل ہیں عام مسلمانوں سے
اور عام مسلمان افضل ہیں عام فرشتوں سے اور عام فرشتے افضل ہیں
گنہگار مسلمانوں سے ۔

فصل :۔ بیچ بیان ایمان اور اعتقاد انبیا علیہم الصلوٰۃ والتسلیمات کے
ایمان لے آ اور یقین جان کہ تمام رسولان صلوٰۃ اللہ تعالےٰ علیہم اجمعین
بنی آدم ہیں اور بھیجے ہوئے اللہ جل جلالہ کے طرف خلق اللہ کے ہیں ۔ راستہ
نیکی کا بتانا اور بدی سے بچانا کام اونہوں کا ہے ۔ جو قبول کیا اُن کو اور اُن کے
راستے کو وہ بہشت میں گیا ۔ اور جو خلاف اُن کے کیا وہ دوزخ میں پڑا ۔ اور تمام
رسولان صلوٰۃ اللہ تعالیٰ اجمعین ۔ تمام بنی آدم سے اور فرشتوں سے افضل ہیں ۔
اور معصوم ہیں یعنی گناہ کبیرہ اور صغیرہ سے پاک اور مبرا ہیں ۔ وہ جو فرمائے ہیں تمام
حق ہے اس میں بال برابر خلاف نہیں ہے ۔ جان کہ مرتبہ نبوت اور رسالت کا
عبادت اور کسب سے نہیں حاصل ہوتا ہے ۔ محض فضل الٰہی سے جل جلالہ کوئی
ریاضت سے رسول نہیں بنتا ہے ۔ اور اللہ تعالےٰ نے انھوں کو معجزے عنایت
فرمائے ہیں ۔ معجزہ اس کے تئیں کہتے ہیں جو خرق عادت ساتھ دعوی نبوت

کے ہووے جیساکہ موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کا عصا اژدہا ہوتا تھا۔ اور عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کی دعا سے مردہ زندہ ہوتا تھا اسی طور سے ہر ایک پیغمبر کو ایک دو معجزہ عطا فرمایا تھا۔ اور نبی ہمارے محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کے تئیں تمام معجزے سب نبیوں کے عنایت فرمائے تھے سوائے ان معجزوں کے جو آپ چاہتے تھے عنایت فرماتا تھا۔ بلکہ ادنیٰ امتیوں سے آپ کے وہ کام خلاف عادت ہوئے کہ اوپر کے نبیوں سے ہوئے تھے۔ جان کہ کوئی عورت یا کوئی غلام یا کوئی جھوٹا نبی نہیں ہوا سکندر ذوالقرنین اور لقمان حکیم ان دونوں کی نبوت میں اختلاف ہے۔ جو نبی بولے اس سے جھگڑا نہ کرکے اقرار اور انکار نبوت سے ان دونوں کے سکوت کرنا۔ اور نبوت میں حضرت خضر علیٰ نبینا وعلیہ السلام کے بھی اختلاف ہے۔ لیکن قول صحیح طرف نبوت کے ہے۔ پہلے رسول دادا ہمارے حضرت آدم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام ہیں۔ اور آخر رسول یعنی ختم المرسلین فخر الاولین والآخرین محبوب رب العالمین نبی ہمارے رسول ہمارے سردار ہمارے یعنی حضرت محمد مصطفےٰ ہیں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیٹے عبداللہ کے عبداللہ بیٹے عبدالمطلب کے۔ عبدالمطلب بیٹے ہاشم کے ہاشم بیٹے عبدالمناف کے۔ جان کہ ایک لاکھ چوبیس ہزار اور بعضے روایت میں دو لاکھ چوبیس ہزار اگرچہ پیغمبر شمار کئے جاتے ہیں۔ انحصار او کھنوں پہ نہ کرکر مطلق تماموں پر ایمان لے آنا۔ اگر ایمان ایک پر نہ لایا گویا تماموں پر نہ لایا۔ جان کہ بعضے انہوں سے نبی ہیں اور بعضے رسول ہیں۔ رسول اور نبی دونوں بھیجے ہوئے اللہ جل جلالہ کے ہیں۔ لیکن ساتھ رسول کی کتاب اور شریعت نئی ہے۔ اور ساتھ نبی کے نہیں ہے اور پانچ ان رسولوں میں اولوالعزم ہیں۔ یعنی مرتبہ بڑا رکھتے ہیں۔ ایک نوح دوسرے ابراہیم تیسرے موسیٰ۔ چوتھے عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہم الصلوۃ والسلام۔

پانچویں حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم کہ سردار اُن چاروں کے ہیں ختم المرسلین فخر الاولین والآخرین اور رحمۃ للعالمین ہیں کہ بھیجے ہوئے تمام ہیں۔ کیا انسان اور کیا جنات اور سبب پیدائش ممکنات کا آپ ہیں کہ واسطے آپ کے اللہ تعالیٰ جل شانہ نے تمام ممکنات کو پیدا کیا۔ اور ربوبیت اپنی ظاہر کیا دین اور شریعت آپ کی قیامت تک باقی رہے گی۔ بعد آپ کے کوئی رسول نہ ہوا ہے نہ قیامت تک ہوگا۔ عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کہ آسمان پر ہیں قریب قیامت کے واسطے مارنے دجال لعین کے اتریں گے آپ کی شریعت پر اور دین پر عمل کریں گے اور مانند امت آپ کے زندگانی کرینگے آپ کی امت میں داخل ہونے کا فخر کریں گے۔

فصل ۵ - بیچ بیان ایمان اور اعتقاد کتابان اللہ جل جلالہٗ کے۔

ایمان لے آ اور یقین جان کہ جو کتابان اللہ تعالیٰ نے پیغمبروں پر بھیجا ہے وہ تمام کلام اللہ تعالیٰ کا ہے اور غیر مخلوق ہے کہ اس میں بال برابر شبہ نہیں ہے اگر کسی نے شبہ کیا وہ ایمان سے باہر ہوا۔ جان کہ علماؤں نے اگرچہ شمار کتابوں کا ایک سو چار تک کئے ہیں انحصار اُن پر نہ کر کر مطلق ایمان لے آنا۔ شاید کہ اس گنتی سے زیادہ ہوویں یا کم ہوویں۔ اُن کتابوں سے چار کتابان بڑے اور مشہور ہیں۔ ایک توریت کہ اوپر موسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے نازل ہے دوسرے زبور کہ اوپر داؤد علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے نازل ہے تیسری انجیل کہ اوپر عیسیٰ علیٰ نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام کے نازل ہے چوتھے قرآن شریف کہ خلاصہ اُن تمام کتابوں کا ہے کہ اوپر خلاصۂ عالم اور سردار اولاد آدم حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے نازل ہے۔ جان کہ تمام کتابیں بعد ذکر الٰہی جل جلالہٗ اور احکام شرعی کے بھرے ہوئے تعریف

ہیں حضرت محمدؐ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے اور آل اور صحابہ اور امت آپ کے ہیں۔ کہ انبیاء اوپر کے علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام ذکر سے اور تعریف سے آپ کے قرب الٰہی جل جلالہٗ پیدا کرتے تھے۔ جان کہ تمام کتابوں پر ایمان لے آنا لیکن تابعداری احکام اونہوں کی نہ کرنا۔ واسطے منسوخ ہونے احکام اونہوں کے اور قرآن شریف پر باوجود ایمان کے تابعداری تمام احکام کی فرض اور لازم ہے۔ جسنے تابعداری نہ کیا اُس نے ایمان قرآن شریف پر نہ لایا۔ اور ایمان لے آ قرآن شریف کلام اللہ تعالےٰ کا ہے نہ کلام پیغمبر صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کا نہ کلام جبرئیل علیہ السلام کا ہے۔ معجزہ بیچ عبارت اور معانی اس کے یہ ہے کہ اگر تمام عالم جمع ہو ویں مانند چھوٹے سورے کے بنا نہ سکیں۔ اور جان کہ حدیث قدسی بھی کلام اللہ تعالےٰ کا ہے لیکن فرق درمیان میں قرآن شریف اور حدیث قدسی کے یہ ہے کہ قرآن شریف واسطے سے جبرئیل علیہ السلام کے پہنچا ہے اور حدیث قدسی کو واسطہ جبرئیل علیہ السلام کا نہیں ہے پس معانی اُس کے اوپر قلب مبارک حضرت محمدؐ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے وارد ہوئے ہیں۔ اور عبارت اُس کی زبان مبارک سے ارشاد فرمائے ہیں۔ جان کہ بیچ اُس عبارت کے مانند قرآن شریف کے معجزہ نہیں ہے۔ جان کہ جیسا کہ حضرت محمدؐ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم ختم المرسلین ہیں ویساہی قرآن شریف ختم کتب اولین ہے۔ کہ بعد اُس کے نہ دوسری کتاب نازل ہوئی ہے نہ قیامت تک ہوگی۔ اور احکام اُس کے قیامت تک جاری رہیں گے۔

فصل ۔ بیچ بیان ایمان و اعتقاد معراج شریف کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ معراج حضرت محمدؐ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم

کا ساتھ جسم مبارک کے بیچ بیداری کے ہوا ہے یعنی اللہ تعالےٰ نے مکہ شریف میں ذات مبارک کے تئیں مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک اور مسجد اقصیٰ سے آسمان اول تک اور آسمان اول سے عرش تک اور عرش سے مقام قاب قوسین او ادنیٰ تک لے گیا ہے۔ جان کہ حبیب رب العالمین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم نے جمال بیچوں و بیچگونگی کو ان آنکھوں سے دیکھے ہیں اور اس دیکھنے میں بھی علماؤں نے اختلاف کئے ہیں۔ بعضے عدم رویت کے قائل ہیں۔ اور جان کہ حبیب رب العالمین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے تئیں باوجود خاصہ بیشمار کے دو خاصہ بڑے ہیں۔ ایک معراج شریف دوسرا مقام شفاعت کہ بیچ اس کے دوسرے انبیاؤں کے تئیں علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام شرکت نہیں

فصل۔ بیچ بیان ایمان اور اعتقاد روح کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ روح مانند تمام ممکنات کے نو پیدا ہے۔ قدیم نہیں ہے کسی نے قدیم جانا نہایت برائی کیا۔ اور مذہب اہل سنت و جماعت کا خلاف کیا۔

فصل۔ بیچ بیان ایمان اور اعتقاد خیریت امت حبیب رب العالمین۔ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ جیسا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم بہتر تمام انبیاؤں کے ہیں امت آپ کی بہتر تمام امتوں کی ہے۔ اور صحابہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے بہتر تمام امت کے ہیں۔ اور بعد صحابہ رضی اللہ تعالےٰ عنہم کے تابعین اور بعد تابعین کے تبع تابعین ہیں۔

جان کہ صحابی رضی اللہ تعالےٰ عنہ اس ذات پاک کے تئیں کہتے ہیں کہ ساتھ ایمان کے صحبت سے رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے مشرف

ہوے اگرچہ وہ صحبت ایک ساعت تھی۔اور تابعین وہ ہیں جو صحابہ رضی اللہ تعالے عنہم سے ملاقات کیے اور فیض سے اونہوں کے مشرف ہوئے۔اور تبع تابعین وہ ہیں جو تابعین کو دیکھے اور فرمانبرداری اونہوں کی کیے جان کہ کوئی عام مومن سے مرتبہ اولیاء رحمۃ اللہ تعالے علیہم کو نہیں پہنچتا ہے۔اور کوئی اولیاؤں سے مرتبہ صحابی رضی اللہ تعالے عنہ کو نہیں پہنچتا ہے۔اور کوئی صحابیوں سے رضی اللہ تعالے عنہم مرتبہ رسولوں کو نہیں پہونچتا ہے۔علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام۔

فصل۔بیچ بیان خلافت خلفاء راشدین رضی اللہ تعالے عنہم کے۔

ایمان لے آ اور یقین جان کہ بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کے اور بعد انبیاؤں کے علیٰ نبینا وعلیہم السلام مرتبہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالے عنہ کا ہے کہ آپ جانشین مطلق اور خلیفہ برحق حبیب رب العالمین صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کے ہیں اور قرابت میں سسر ہیں اور بعد حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالے عنہ کے مرتبہ حضرت عمر ابن خطاب رضی اللہ عنہ کا ہے کہ آپ خلیفہ دوسرے آن سرور صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کے ہیں آپ بھی سسر ہیں اور بعد حضرت عمر ابن خطاب رضی اللہ تعالے عنہ کے مرتبہ حضرت عثمان ابن عفان رضی اللہ تعالے عنہ کا ہے کہ آپ خلیفہ تیسرے رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کے ہیں اور قرابت میں داماد ہیں اور بعد حضرت عثمان ابن عفان رضی اللہ تعالے عنہ کے مرتبہ حضرت علی ابن ابی طالب کرم اللہ تعالے وجہہ کا ہے کہ آپ خلیفہ چوتھے حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کے ہیں آپ بھی داماد ہیں۔اور یقین جان کہ حضرت امام حسن رضی اللہ تعالے عنہ افضل ہیں حضرت امام حسین رضی اللہ تعالے عنہ سے اور جان کہ بیچ خلافت حضرت صدیق اکبر اور حضرت عمر ابن خطاب رضی اللہ تعالے عنہما کے باوجود اشارہ رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کے اجماع تمام صحابہ رضی اللہ تعالے عنہم کا ہوا تھا۔

تماموں نے بجان و دل فضیلت اور تا ابدادی شیخین رضی اللہ تعالے عنہما کی قبول کئے
جس نے اجماع سے انکار کیا وہ کافر ہوا۔ پس مذہب اہل سنت و جماعت کا یہ ہے
کہ اوپر ترتیب خلافت کے فضیلت اور محبت ہر ایک سے رکھے یعنی بعد حضرت جناب
رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم کے جیسا مرتبہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالے
عنہ کا ہے ویسے ہی محبت زیادہ رکھے۔ اور بعد آپ کے حضرت عمر ابن خطاب رضی اللہ
تعالی عنہ سے اور بعد آپ کے حضرت عثمان ابن عفان رضی اللہ تعالے عنہ سے اور بعد آپ کے
حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالے وجہہ سے محبت رکھے اگر کسی نے مرتبہ چاروں کا برابر
جانا یا بیچ امور دین کے محبت سے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالے عنہ کے دوسرے
کی محبت زیادہ کیا وہ مذہب اہل سنت و جماعت سے باہر ہوا اور خاصہ اہل سنت
و جماعت کا یہ ہے کہ باوجود تفضیل شیخین رضی اللہ تعالے عنہما کے محبت ختنین اور محبت
اہل بیت رضی اللہ تعالے عنہم کے تئیں جزء ایمان فرماتے ہیں اور جو کہ یہ محبت
نہیں رکھا۔ وہ اہل سنت و جماعت سے خارج ہوا۔ یقین جان کہ صحابہ اور اہل بیت
رضی اللہ تعالے عنہم آپس میں ایک دوسرے پر نثار تھے۔ اور مانند دودھ شکر کے ملے
ہوئے تھے۔ باقی برابر آپس میں کدورت نہیں تھی۔ عیاذ باللہ اگر کسی نے کدورت جانا
وہ اپنی خباثت سے تئیں اُن ذاتوں پاکوں پر خیال کیا جو لڑائیاں کہ بعد حضرت جناب
رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کے آپس میں ہوئے وہ واسطے حق کے تھے نہ واسطے
ہوائے نفس کے لیکن فرق یہ تھا کہ ایک طرف دو ثواب ملتے تھے اور دوسری طرف ایک
ثواب ہرگز خیال اُن لڑائیوں پر نہ کر کہ صاف دلی سے تمام صحابہ اور اہل بیت رضی
اللہ تعالے عنہم سے اعتقاد اور محبت کامل رکھنا۔ نعوذ باللہ منہا کسی نے ادنی صحابی سے
یا اہل بیت سے بغض رکھا یقین کہ اس نے جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم
سے بغض رکھا پس جو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بغض رکھا وہ ایمان سے

یاہر ہوا۔ اور جان کہ بوقت ذکر ہر صحابی اور اہلبیت کے رضی اللہ تعالے عنہ کہنا
اور نیکی سے یاد کرنا۔ جان کہ صحابہ اور اہلبیت رضی اللہ تعالے عنہ بشارت دیے
گئے جنت کے ہیں یعنی جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وآلہ وسلم نے خوشخبری
جنت کے پہنچائے ہیں بعضوں کو خاص اور بعضوں کو عام لیں عشرہ مبشرہ مشہور
واسطے اس کے ہیں۔ کہ وقت واحد میں زبان مبارک سے نام دسوں کا لے کر بشارت
جنت کی فرمائے ہیں یعنی ابوبکر رضہ بیچ جنت کے اور عمر رضہ بیچ جنت کے اور عثمان رضہ
بیچ جنت کے اور علی رضہ بیچ جنت کے اور طلحہ رضہ بیچ جنت کے اور زبیر رضہ بیچ جنت کے
اور عبدالرحمن رضہ بن عوف بیچ جنت کے اور سعد رضہ بن ابی وقاص بیچ جنت کے
اور سعید رضہ بن زید بیچ جنت کے اور ابو عبیدہ بن جراح بیچ جنت کے۔ اور یہ
عشرہ مبشرہ رضی اللہ تعالے عنہم باوجود بشارت خاص کے تمام بشارتوں میں
شریک ہیں۔ بعد خلفاء چہار رضی اللہ تعالے عنہم چھ صحابی رضی اللہ تعالے عنہم
کہ باقی عشرہ مبشرہ سے مرتبہ اونھوں کا ہے۔ بعد عشرہ مبشرہ رضہ کے مرتبہ اہل بدر رضہ
کا ہے یعنی جو صحابہ رضی اللہ تعالے عنہم کہ جنگ بدر میں شریک تھے۔ بعد اہل بدر
کے مرتبہ اہل احد رضہ کا ہے یعنی جو صحابہ رضی اللہ تعالے عنہم کہ جنگ احد میں شریک
تھے۔ بعد اہل احد کے مرتبہ اہل بیعت رضوان کا ہے۔ یعنی جو صحابہ رضی اللہ عنہم
کہ نیچے جھاڑ کے بیعت کیے تھے مرتبہ اونہوں کا ہے جان کہ عام مہاجرین رضی اللہ تعالے
عنہم فاضل ہیں عام انصار رضی اللہ تعالے عنہم سے۔ جان کہ صحابہ رضی اللہ تعالے
عنہم بمقتضائے آیہ شریفہ کے رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ (رحم کرنیوالے آپس میں ۱۲) بیچ شان پاک انہوں کے
نازل ہے۔ آپس میں محبت اور رحم ایک دوسرے پر کرتے تھے۔ اور جیسا عاشق
جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تھے۔ ویسا ہی عاشق ایک دوسرے
پر تھے اور جان اپنی نثار کرتے تھے اور جو لڑائیاں کہ آپس میں ہوئے بہ سبب

اجتہاد کے ہوئے۔ نہ واسطے ہوائے نفس کے نہ واسطے محبت جاہ کے۔ نہ واسطے
ریاست کے نہ واسطے ملک کے نہ واسطے مال کے جان کہ بیچ ان لڑائیوں کے
حق طرف حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کے تھا اور طرف دوسروں کے خطا تھی
جبکہ وہ خطا خطائے اجتہادی تھی سبب ایک درجہ ثواب کا تھا نہ موجب عذاب کا۔
اسی جائے سے مقام اور مرتبہ ان ذاتوں پاکوں کا دریافت چاہیئے کرنا۔ کہ جنکی
خطا پر اللہ تعالیٰ ثواب عطا فرماتا تھا۔ پس کسی نے اس خطا پر عتاب کیا یا زبان
لعن وطعن کو دراز کیا اس نے اللہ تعالیٰ سے معارضہ کیا جس نے کہ اللہ تعالیٰ سے
معارضہ کیا وہ ایمان سے اپنے ہاتھ دھویا۔ جان کہ بیچ ان لڑائیوں کے حضرت
عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہ محبوبہ جناب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وآلہ وسلم کی تھیں اور حضرت طلحہ اور حضرت زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کہ عشرہ مبشرہ
سے تھے وہ تھے اور حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہ سالے جناب رسول اللہ
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے تھے اور عادل اور فاضل تھے۔ اور صحابا و
بھیاؤں اور شرفاؤں رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے تھے اور کاتب وحی تھے۔ اور
صاحب اجتہاد تھے وہ تھے اور کتنی لڑائیاں بہ سبب اس اجتہاد کے حضرت علی
مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے کئے۔ اگرچہ بیچ اس اجتہاد کے خطا تھی موجب ثواب
کے تھے نہ موجب عذاب کے اور حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ نے فرمائے ہیں
کہ بھائیاں میرے اوپر میرے باغی ہوئے ہیں نہ فاسق ہیں نہ کافر ہیں۔ نعوذ
باللہ منہا کسی نے فاسق کہا یا کافر لایا زبان لعن وطعن کو دراز کیا اس نے خلاف
حضرت علی مرتضی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ کا کیا اور دل کو آپ کے آزردہ کیا۔ جان کہ
جب دو بھائی آپس میں لڑتے ہیں اور غیر کی طرف رجوع کرتے ہیں وہ کہتا ہے
کہ تم دونوں بھائی آپس میں ایک ہو ہمارے تئیں کیا کہ ہم بیچ اس کے کہیں اگر ایک

کو کچھ کہتے ہیں دوسرا خفا ہوتا ہے پس صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم آپس میں برادر حقیقی
سے زیادہ تھے۔ کسی نے ایک سے بے ادبی کیا سب کو ناراضا کیا۔ پس سلامتی بیچ
اس کے ہے کہ اپنے تئیں بیچ معاملات ان بزرگواروں کے دخل نہ دینا اور موافق حکم
ہر ایک کے ناموں سے محبت رکھنا۔ جان کہ یہ آیہ شریفہ وَاِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ
عَظِیْمٍ بیچ شان مبارک حبیب خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے نازل
ہے۔ اور صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اس خلق عظیم سے فیض پاکر متخلق ساتھ اخلاق
حمیدہ کے ہوکر صفات ذمیمہ سے پاک اور مبرا ہیں۔ جس نے گمان بد بیچ ان
پاک ذاتوں میں خیال حسد اور بغض اور کینہ کا کیا پس اس نے تاثیر صحبت
مبارک آں سرور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے آنکھیں اپنی ڈھانپا۔ اور فرمایا
آپ نے کہ بہتر زمانوں کا زمانہ میرا ہے۔ اس نے بدتر زمانوں کا گردانا۔ اور صحابہ
رضی اللہ تعالیٰ عنہم کہ بہتر اور سردار خیر الامم کے ہیں بدتر اس امت کے بلکہ بدتر
تمام امتوں کے کیا نعوذ باللہ من ذالک۔ جان کہ اولیا و غوث و اقطاب محبوب رحمۃ
تعالیٰ علیہم کہ ادنیٰ صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مرتبہ کو نہیں پہونچتے ہیں
صحبت سے انہوں کے حسد اور بغض اور کینہ صاف ہوکر نفس امّارہ مطمئنہ ہوا
ہے پس جس نے کہ ہمنشینان جناب حبیب رب العالمین کو نسبت حسد اور بغض
اور کینہ کی لگایا اس نے کیا بڑی جرأت کیا۔ اور مرتبہ سے صاحب آں صحابہ رضی اللہ
تعالیٰ عنہم کے کہ سردار انبیاؤں کے ہیں صلی اللہ تعالیٰ علیٰ نبینا و علیہم السلام
منہ پھیرا۔ نعوذ باللہ من ذالک۔

فصل: بیچ کیفیت یزید شقی کے۔ جان کہ یزید شقی بدبخت نے کہ حضرت
امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو شہید کیا۔ ایسا برا کیا کہ ابتدائے زمانہ سے یہاں
تک کسی نے نہیں کیا۔ اور انتہا تک کوئی نہیں کرنے کا۔ پس کس نے اُسے اچھا جانا

وہ مذہب اہل سنت و جماعت سے خارج ہوا۔ اور اپنے تئیں یزیدیوں میں داخل کیا۔ اُسے اور اُس کے کام کو برا جان کر خدا پر چھوڑنا۔ اور لعنت اُس پر نہ کرنا۔ جان کر لعنت نہ کرنا واسطے اسبات کے نہیں ہے کہ وہ بدبخت قابل لعنت کے نہیں ہے۔ بلکہ واسطے اس کے ہے کہ مذہب اہل سنت و جماعت میں کسی پر لعنت کرنے سے عبادت کرنا بہتر ہے۔ اگر لعنت بہتر ہوتی پہلے شیطان اور نمرود اور ہامان۔ اور شداد۔ اور فرعون اور ابوجہل۔ اور ابولہب پر لعنت کیا کرتے۔ پس جسے کہ اللہ تعالےٰ نے لعنت کیا ہماری لعنت کرنے سے کیا ہوتا ہے اور جو کہ قابل لعنت کے نہیں ہے اُس پر لعنت ہوتی ہے۔ اس لئے لفظ لعنت سے پرہیز کرنا چاہیئے اور ہر کسی کو کہہ دینا۔

فصل:۔ بیچ فضیلت ازواج مطہرات رضی اللہ تعالےٰ عنہن کے۔

ایمان لے آ اور یقین جان کہ ازواج مطہرات یعنی بیبیاں پیغمبر صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے رضی اللہ تعالےٰ عنہن تمام اُمتوں کی ماں ہیں دفضل سے اللہ تعالےٰ کی ایسی سرفراز ہیں کہ زمانے کی عورتوں سے ممتاز ہیں۔ جان کہ بزرگی میں اور ثواب میں کوئی عورت ان کے برابر نہیں ہے۔ وہ تمام بی بیاں گیارہ ہیں۔ اور بعضی روایت میں زیادہ ہیں۔ کسی جاہل نے ان مطہرات رضی اللہ تعالےٰ عنہن سے بغض رکھا یا زبان طعن کو دراز کیا بیشک اُس نے اپنے پر دروازہ لعنت کا کھولا۔ جان کہ ان تمام بی بیاں رضی اللہ تعالےٰ عنہن میں پہلے مرتبہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کا ہے اور بعد آپ کے مرتبہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کا ہے۔ اور بعد حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کے مرتبہ باقی بیبیاں جو ازواج مطہرات سے ہیں اونہوں کا ہے۔ رضی اللہ تعالےٰ عنہن۔ اور جان کہ یہ دو

بی بیاں حضرت حوا اور حضرت آسیہ اور حضرت مریم رضی اللہ تعالےٰ عنہن سے فاضل ہیں۔ اور بعد ازواج مطہرات رضی کے جو بی بیاں کہ صحابیات ہیں افضل ہیں اوپر غیر صحابیات کے رضی اللہ تعالےٰ عنہن۔ جان کہ اولاد اور آل رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے تئیں جان سے زیادہ عزیز رکھنا اور دریائے محبت میں ڈوبے رہنا زیور ایمان اور زینت اسلام ہے۔ بیقین جان کہ فضیلت کو اولاد نبی رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے کوئی نہیں پہنچتا ہے جیسا کہ فرمایا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اَلْفَاطِمَۃُ بِضْعَۃٌ مِّنِّیْ یعنی فاطمہ گوشت کا ٹکڑا میرا ہے رضی اللہ تعالےٰ عنہا۔ اس بزرگی میں دوسرے کو دخل نہیں ہے۔ اور فرمائے پیغمبر خدا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم نے کہ فاطمہ زہرا رضی سردار ہیں بی بیاں جنت کی اور حضرت امام حسن رضی اور حضرت امام حسین رضی اللہ تعالےٰ عنہما سردار ہیں جوانان جنت کے۔ جان کہ حضرت جناب غوث الثقلین رضی اللہ تعالےٰ عنہ بیچ غنیۃ الطالبین کے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کے تئیں اوپر فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالےٰ عنہا کے بزرگی دیئے ہیں۔ اور اکثر علماء اہلسنت و جماعت اوپر اس بات کے ہیں کہ بعضے خصلتوں میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا افضل ہیں اوپر فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالےٰ عنہا کے اور بعضے خصلتوں میں حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالےٰ عنہا افضل ہیں اوپر عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا کے۔ جان کہ اولاد مبارک حضرت سید المرسلین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے آٹھ ہیں چہار صاحبزادے اور چہار صاحبزادیاں رضی اللہ تعالےٰ عنہم۔ ایک حضرت قاسم دوسرے حضرت عبداللہ۔ تیسرے حضرت ابراہیم۔ چوتھے حضرت طیب رضی اللہ تعالےٰ عنہم اور طاہر لقب حضرت عبداللہ کا ہے اور چہار صاحبزادیوں میں سے ایک حضرت زینب دوسرے حضرت رقیہ تیسرے حضرت ام کلثوم چوتھے حضرت

فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالےٰ عنہن۔ جان کہ حضرت ابراہیم رضی اللہ تعالےٰ عنہ ماریہ بنت شمعون قبطی رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے تھے اور باقی تمام خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہم سے تھے۔

فصل ۱۲ :- بیچ ترتیب بزرگی اولاد چہار یار رضی اللہ تعالےٰ عنہم کے۔

جان کہ اوپر قول صحیح کے بزرگی اولاد چہار یار رضی اللہ تعالےٰ عنہم کی موافق ترتیب بزرگی انھوں کے ہے یعنی جیسا بزرگی حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالےٰ عنہ کو اوپر باقی صحابہ رضی اللہ تعالےٰ عنہم کے ہے ویسا ہی اولاد آپ کی بزرگ ہیں۔ اولاد سے تماموں کے اور بعد اولاد حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے بزرگی اولاد کو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے ہے۔ اور بعد اولاد آپ کے بزرگی اولاد کو حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے ہے۔ اور بعد اولاد آپ کے بزرگی اولاد کو حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالےٰ وجہہ کے ہے جو اولاد کہ سوائے فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالےٰ عنہا کے تھے اسواسطے کہ اولاد حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالےٰ عنہا کی بزرگی اولاد پر تماموں کی ہے اوپر قول دوسرے کے بزرگی علم اور تقویٰ پر ہے یعنی جس کا تقویٰ اور علم زیادہ اُس کی بزرگی زیادہ

فصل ۱۳ :- بیچ بیان کے چچا پیغمبر خدا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے۔

جان کہ چچا پیغمبر خدا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے بارہ تھے۔ اور ساتھ قول بازوں کے دس تھے۔ ان میں سے حضرت امیر حمزہؓ اور حضرت عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما مشرف ایمان ہوکر اصحاب جلیل الشان ہوئے۔ اور ابو طالب جو باپ حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے تھے۔ اور ابولہب ان دونوں نے زمانہ اسلام کا پایا لیکن مسلمان نہیں ہوئے۔ باقی چھ چچا آگے دعوت کے اوپر دین وملت اپنے کے مرے

فصل ۱۴ :- بیچ ایمان واعتقاد رویت اللہ تعالےٰ کے۔ ایمان لے آ اور

بیقین جان کہ دیکھنا اللہ تعالے کے تئیں بیچ آخرت کے ان آنکھوں سے بے جہت
اور بے مقابلہ اور بے کیف وکیفیت ہے - اہل سنت وجماعت سے کسی نے
بیچ اس کے اختلاف نہیں کیا - انکار کرنے سے رویت کے کافر ہوتا ہے۔
جان کہ بیچ دنیا کے شب معراج میں ان آنکھوں سے بغیر حبیب رب العالمین
صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے کسی نے نہیں دیکھا ہے اور کوئی نہیں دیکھنے
کا پس کسی نے باوجود اختلاف ہونے بیچ دیکھنے حبیب رب العالمین صلی اللہ
تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے اس دنیا میں ان آنکھوں سے دیکھنے کا دعویٰ کیا وہ
اہل سنت وجماعت سے باہر ہوا بلکہ زندیق ہوا - اور جان کہ دیکھنا اللہ تعالےٰ
کا اس دنیا میں ساتھ چشم باطن کے اوپر صفت بیچوں وبیچگونگی کے جائز ہے۔
اور بیچ دیکھنے خواب کے اختلاف ہے لیکن اکثر مشائخ اوپر جواز رویت کے
ہیں اور دیکھنا اللہ تعالےٰ کا بیچ بہشت کے اوپر مرد اور عورت کے عام
ہے جیسا کہ اخص خواص کے تئیں دولت رویت صبح وشام میسر ہوگی ۔ اور
بعضوں کے تئیں روز جمعہ میں اور تماموں کے تئیں روز عیدین میں میسر ہوگی
اور بعضے علماء کہتے ہیں کہ دولت رویت خاص واسطے مردوں کے ہے نہ واسطے
عورتوں کے اور بیچ رویت فرشتوں کے اختلاف ہے اکثر علماء فرماتے ہیں کہ دیدار
اللہ تعالےٰ کا فرشتوں کو میسر نہیں ہونے کا اور بعضے علماء کہتے ہیں کہ جبریل علیہ السلام
کے تئیں ایک مرتبہ میسر ہوگا - اور جان کہ جنات جو کافر ہیں ساتھ کافروں کے
بیچ دوزخ کے ہمیشہ رہیں گے - اور جو جن کہ مسلمان ہیں موافق قول حضرت امام
اعظم رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ کے سوائے بہشت کے مکان دوسرے میں رہیں گے - اور
موافق قول صاحبین رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہما کے بیچ جنت کے رہیں گے - لیکن
دیدار سے اللہ تعالےٰ کے محروم رہیں گے -

فصل ۱۵ :- جان کہ شیعہ کہتے ہیں کوئی پیغمبر علیٰ نبینا وعلیہ السلام کافر سے پیدا نہیں ہوئے ۔ اور کوئی بیٹا پیغمبر کا کافر نہیں ہوا ۔ یہ قول غلط محض ہے ۔ اس واسطے کہ حضرت ابراہیم علیٰ نبینا وعلیہ السلام فرزند آذر بت تراش کے تھے ۔ اور نوح علیٰ نبینا وعلیہ السلام کا بیٹا کافر تھا ۔ اور یقین جان کہ تمام رسولان نسب پاک سے ہیں کوئی کافر سے جنے گئے ہیں بیچ پاکی اونہوں کے شبہ نہیں ہے ۔ واسطے جائز ہونے نکاح بیچ کفر کے اور حبیب رسول خدا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم حج وداع کو تشریف فرما ہوئے قبر والدین پر رونق افزا ہوکر دعا اور التجا جناب باری میں کیے اللہ تعالےٰ نے اُن برگزیدۂ جہان کے تئیں قبر میں زندہ کیا اور وہ دونوں ذات مبارک ایمان سے مشرف ہوئے ۔

یہ خاصہ والدین جناب رسول خدا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کا ہے ۔

فصل ۱۶ :- بیچ بیان خرق عادت کے ۔ جان کہ خرق عادت انبیا علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام سے ظاہر ہووے اُسے معجزہ کہتے ہیں ۔ اور اولیا سے یعنی دوستان خدا سے ظاہر ہووے اُسے کرامت کہتے ہیں ۔ اور وہ کرامت حقیقت میں معجزہ اُس نبی کا ہے کہ وہ ولی جس کی اُمت میں ہے اور عام مسلمان صالح مرد سے ظاہر ہووے اُسے مونت کہتے ہیں ۔ اور کافر یا فاسق فاجر سے ظاہر ہووے اُسے مکر اور استدراج کہتے ہیں ۔ اور جو چیز کہ سحر سے یا طلسمات سے ظاہر ہووے اُسے خرق عادت نہیں کہتے ہیں ۔ اور انبیا علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام سے آگے نبی ہونے کے ظاہر ہووے اُسے ارہاص کہتے ہیں ۔ جو کہ معجزہ سے انکار کیا اُس سے اللہ تعالےٰ بیزار ہوا ۔ اور جو کرامت کا انکار کیا وہ راہ صواب کو چھوڑا اور راہ خطا اختیار کیا ۔

فصل ۱۷ :- بیچ بیان امام کے ۔ جان کہ تابعداری امام اپنے کی بیچ ہر

زمانے کے اور خلق اللہ کے لازم ہے امام وہ ہو کہ جو مرد ہووے اور عاقل ہووے اور بالغ ہووے اور آزاد ہووے اور شجاع ہو
و تقویٰ کے مجموعہ ہووے اور اکثر احکام شریعت پر قادر ہووے حسب علم ہووے اور حسب نسب ہووے اور اوپر امامت اس کے چالیس آدمی
بہرہ ہیں گے متفق ہو کر بیعت کریں۔ اور گردن نہیں تابعداری اسکے کہیں بس وہ امام برحق ہے اتفاقاً امام سے کوئی فسق ظاہر ہووے
اور ظاہر ہیں اس کے فتور واقع ہووے مرتبہ امامت سے معزول نہیں ہو جاتا جیسا کہ شیعہ کہتے ہیں کہ امام معصوم ہووے اور اہل زمانہ سے افضل ہووے
یہ قول غلط ہے کہ معصوم سوا پیغمبروں علیہ السلام کے دوسرا نہیں ہے بس جس کہ موافق شریعت کہ اہل زمانہ کے کام نکلیں وہ قابل
امامت ہے کیا ضرور کہ اہل زمانہ سے افضل ہووے اور شیعہ کہتے ہیں کہ امام مہدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسواسطے خوف دشمنوں کے چھپے ہوئے
ہیں یہ بات شان امام کے دور ہے اور قول شیعوں کا غلط ہے جا بلکہ وقت ظہور ان کے اللہ تعالیٰ بی بی فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ
عنہا سے پیدا کریگا اور وہ امام برحق ہیں اور بعض دشمن بن بیرغا ہیں اور دوسرے قوم جاہل جنکو غیر مہدیہ کہتے ہیں کہ ذکر کرنے سے جو امام مہدی سمجھ کر
مرتبہ کو اس کے برابر مرتبہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم کے پہنچا کر ایمان اپنے ہاتھ سے دھوتے ہیں نعوذ باللہ من ذلک الاعتقاد

فصل ۱۸: بیچ بیان ایمان کے جانا کہ ایمان وہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم کی رسالت
دل سے یقین جاننا اور زبان سے اقرار کرنا بعد اسکے جو چیزیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہ وسلم نے اللہ تعالیٰ سے خلق اللہ
کو پہنچائے ہیں اور آپ فرمائے ہیں سے دل سے یقین جاننا اور زبان سے اقرار کرنا یہی ایمان ہے یقین دل ہو وہ کسی چیز
سے نہ زیادہ ہوتا ہے نہ کم ہوتا ہے لیکن عمل صالح سے زینت و زیبائش اور خوبصورتی پیدا کرتا ہے کوئی ایسا سوال کرے
اور پوچھے کہ تم مسلمان ہو جواب دینا الحمد للہ کہ ہم مسلمان ہیں یقیناً نہ آنکہ انشاء اللہ تعالیٰ بولنا۔

فصل ۱۹: بیچ بیان اعتقاد متفرقہ کے۔ جان کہ کرامات اولیاؤں رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم کے
بیچ دنیا کے حق ہیں یعنی دوستان الٰہی جل جلالہ سے خرق عادات ہوتے ہیں۔ ایمان لاؤ اور یقین جان
کہ اللہ تعالیٰ دعا اپنے بندوں کی قبول کرتا ہے اور حاجتیں اونہوں کی دنیوی اور اخروی کا بر لاتا ہے۔
لیکن بدلہ کافروں کی دعا کا دنیا میں ہے نہ آخرت میں جان کہ دعا سے اور خیرات سے اور پڑھنے سے کلام شریف
کے اور درود کے بخشنے سے مردوں کو ثواب اور فائدہ پہنچتا ہے اور ارواح ان کے خوش ہوتے
ہیں اور دعا دیتے ہیں۔ اور مدد کرتے ہیں اور عنایت اللہ تعالیٰ کی یہ ہے کہ ثواب بخشنے والے
کا کم نہ کر کر مردہ کو پہنچاتا ہے۔ بس جتنوں کو چاہے بخشے سب کو اللہ تعالیٰ ثواب برابر

پہونچتا ہے۔ جان کہ بعضے جائے جنگل میں یا دریا میں یا پہاڑوں میں کہ دعوت
اسلام نہیں پہنچی ہے۔ وہاں کے لوگ جو صاحب عقل ہیں یعنی دیوانے نہیں ہیں اُن
لوگوں کو زمین و آسمان کی دلیل سے اللہ تعالےٰ کی وحدانیت کا سوال کیا جائیگا۔
اور کوئی عذر آڑے نہیں آئیگا۔ اور یقین جان کہ نکاح متعہ حرام ہے بیچ حرمت اس کے
کچھ شبہ نہیں ہے۔ جان کہ مذہب اہل سنت وجماعت میں نماز پیچھے ہر مسلمان کے جائز ہے
نیک افعال ہو خواہ بد افعال، امام معصوم واسطے امامت کے شرط نہیں ہے اور جان
کہ بندہ بالغ اور عاقل ہر چند ساتھ پرہیزگاری کے کامل ہووے اور کسب وریاضت
سے یا بغیر اس کے مرتبہ کمال کو پہنچے اور انتہاء فقری حاصل کرے یعنی ولی اور غوث
اور قطب اور محبوب ہووے۔ تکالیف شرعی سے بیفکر نہیں ہویگا یعنی نماز روزہ حج
زکوٰۃ امر و نہی اُس سے ساقط نہیں ہونے کی اور مجتہدان دین کی اطاعت سے گردن
نہیں پھرنے کی۔ امام اعظم امام شافعی امام مالک امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ
تعالےٰ علیہم یہ چاروں تمام دین کے ہیں اور مذہب اونہوں کے برحق ہیں اور اختلاف
اونہوں کا واسطے مسلمانوں کے رحمت ہے تقلید کرنے والوں میں سے کسی نے انکار کیا وہ مذہب
اہل سنت وجماعت سے باہر ہوا۔ جان کہ اللہ تعالےٰ زیادہ قدرت سے بندوں کو
تکلیف نہیں دیتا ہے۔ اور موافق قدرت اونہوں کے امر و نہی فرمایا ہے۔ جان کہ کسی
نے نیت کیا کہ ایک ہفتہ یا مہینے کے یا کوئی اور مدت مقرر کیا کہ اسلام سے پھر جاکر یہودی
یا نصاری ہو جاؤں گا۔ پس اُسی وقت دائرہ اسلام سے باہر ہوکر کافروں میں داخل
ہوا نعوذ باللہ منہا۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ بہشت دوزخ دونوں حق ہیں واسطے
جزا و سزا اہل دنیا کے طیار کیے گئے ہیں۔ اور فی الحال موجود ہیں۔ لیکن بیچ مکانیت
اونہوں کے اختلاف ہے۔ بعضے کہتے ہیں کہ دوزخ نیچے زمین کے ہے اور بہشت اوپر
آسمان اول کے یا اوپر آسمان چہارم کے یا اوپر آسمان ہفتم کے نیچے عرش کے ہے اور بعضے

کہتے ہیں کہ دوزخ بھی آسمان پر ہے اور بعضے کہتے ہیں کہ جانے اُن دونوں کی اللہ تعالیٰ
کو معلوم ہے۔ لیکن بہر تقدیر موجود ہیں اور بیچ موجودیت اونہوں کے شبہہ نہیں ہے
جان کہ بعد طلاق دینے یا مرنے بیٹے کے جیسا کہ عورت اُس کی حرام ہے۔ ایام جاہلیت
میں ویسا عورت بیٹے پالے ہوئے کی حرام جانتے تھے۔ اللہ تعالیٰ لئے واسطے اُٹھانے
اس رسم کے بی بی زینب کے تئیں جو عورت زید کی اور زید پالے ہوئے فرزند پیغمبر خدا
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے تھے یہاں تک کہ اُن کو زید بن محمد پکارتے تھے۔ بعد طلاق
دینے زید کے نکاح اُن کا پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اوپر آسمان کے کیا۔ اور جبریل
علیہ السلام کو شاہد رکھا۔ جان کہ مفتریان سنت مذہب کہتے ہیں کہ جب نظر رغبت پیغمبر
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی اوپر زینب کے پڑی زید سے طلاق ہوئی۔ اسی طور سے
کہ نظر مبارک جس عورت پر پڑتی تھی اوپر شوہر اُس کے حرام ہوتی تھی۔ یہ افترا محض
ہے۔ اوپر اس کے اعتقاد نہ چاہیئے کرنا اور ایمان کو ہاتھ سے نہ کھونا۔ جان کہ جو لڑکی
یا لڑکے کافروں کے مرتے ہیں بعضے علماء فرماتے ہیں کہ بیچ بہشت کے خدمت میں
مسلمانوں کی رہیں گے۔ اور بعضے فرماتے ہیں کہ ساتھ ماں اور باپ اپنے بیچ دوزخ
کے رہیں گے لیکن قوت قول اول کو ہے۔ یقین جان کہ نزدیک اہل سنت وجماعت کے
مسح موزے کا بیچ سفر کے تین دن اور تین راتیں ہیں اور بیچ حضر کے یعنی بیچ گھر کے ایک
دن اور ایک رات ہے۔ جان کہ جس کی زندگی تمام ہوتی ہے اللہ تعالیٰ بیماری وغیرہ
سا سر انجام کرتا ہے اور مارتا ہے اکثر سر انجام میں ایک قتل ہے کہ سوائے موت آپنے
کے کسی کو قتل نہیں کرتا ہے۔ تعظیم دونوں قبلوں کی کرنا۔ ایک بیت المقدس کہ قبلہ
تمام انبیاؤں کا قدیم کا ہے علیٰ نبینا وعلیہم الصلوٰۃ والسلام دوسرا کعبۃ اللہ کہ
قبلہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کا ہے۔ نماز اوپر ہر جنازے کی
پڑھنا صالح نیک کردار ہو یا گنہگار بد اطوار۔ جان کہ ایمان درمیان میں خوف ورجا

کے ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے غضب سے ڈرتے رہنا۔ رحم و کرم سے اُس کے اُمیدوار ہونا۔ نہ آنکہ ایک طرف ہو جانا اور جان کہ خلافت سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی تیس برس تھی اور وہ تیس برس حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے وقت میں تمام ہوئے۔ بعد تیس برس کے بادشاہت اور امارت تھی۔ جان کہ مجتہد سے بیچ امور اجتہاد اُس کے کبھی صواب ہوتا ہے اور کبھی خطا۔ لیکن تعالیٰ خطا پر ایک ثواب اور صواب پر دو ثواب بعضے کہتے کہ دس ثواب عطا فرماتا ہے حالانکہ کوئی کام اللہ تعالیٰ پر واجب و لازم نہیں ہے لیکن تمام وعدہ اور وعید اُس کے حق میں ہیں۔ اور ایمان مقلد کا معتبر ہے بیچ مسلمانی اُس کے کچھ شبہ نہیں ہے اور ایمان وقت یاس میں مقبول نہیں ہے یعنی وقت نظر آنے عذاب آخرت کے ایمان لانا قبول نہیں ہے کوئی نشہ میں ہو کافر نہ کہنا اگرچہ اُس سے کلام کفر صادر ہووے اور حقیقت ہر شے کی ثابت ہے اور یقین جیسا کہ آگ کی حقیقت گرم ہے اور جلا دینا ہے اور پانی کی حقیقت سرد ہے اور ڈبا دینا ہے یہ حقیقت نہ وہم سے کم ہوتی ہے اور نہ خیال سے نہ اعتقاد سے بدلتی ہے جیسا کہ آگ کو سرد تصور کرنے سے سرد نہیں ہوتی ہے اور جلانا موقوف نہیں کرتی ہے۔ اسی طور سے ہر ایک چیز کی حقیقت حق ہے۔ حالانکہ کوئی زاہد صالح متقی کے تئیں یقیناً بہشتی نہ جاننا اور کوئی گنہگار بد بخت کے تئیں یقیناً دوزخی نہ کہنا واسطے مبہم ہونے خاتمہ کے اور نامعلوم ہونے تقدیر کے، حالانکہ تمام چیزیں کہ اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے وہ تمام رزق ہے لیکن بعضوں کو حلال کیا ہے اور بعضوں کو حرام کیا حلال سے راضی ہے اور حرام سے راضی نہیں ہے نہ آنکہ حلال رزق ہے اور حرام رزق نہیں ہے یقین جان کہ اللہ تعالیٰ کی ذات اور صفات کے سوائے سب چیزیں حادث اور مخلوق ہیں یعنی نئی پیدا کئے گئے ہیں قدیم نہیں ہیں آخر سب فنا ہو ویں گے۔

نیک وہ چیز ہے جسے شرع نے نیک کہی اور بد وہ چیز ہے جسے شرع نے بد بولی یہاں رسم اور عقل کا دخل نہیں ہے۔ اہل قبلہ کے تئیں کافر نہ بولنا یعنی کہ جو لوگ کہ منہ طرف قبلہ کے کرکے نماز پڑھتے ہیں۔ اگر اُن سے فروع دین میں خطا واقع ہووے اطلاق کفر کا نہ کرنا۔

فصل ۲:- بیچ بیان گناہ صغیرہ اور کبیرہ کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ آدمی بسبب گناہ کبیرہ یا صغیرہ کے کافر نہیں ہوتا ہے لیکن لائق عذاب کے ہوتا ہے پس اللہ تعالے مختار ہے۔ توبہ کرنے سے بخشے یا بغیر توبہ کے بخشے۔ یا موافق اُن دونوں کے عذاب کرے۔ جان کہ سوائے کافروں کے اور مشرکوں کے بیچ دوزخ کے کوئی ہمیشہ نہیں رہنے کا۔ اور کسی طور سے اُن کو نجات دوزخ سے نہیں ہونے کی۔ اور گنہگار مسلمان بیچ دوزخ کے موافق گناہ کے عذاب دیکھکر وہاں سے نکلکر بیچ بہشت کے داخل ہوگا۔ اور ہمیشہ بیچ اُس کے رہیگا۔ لازم ہے ہر مسلمان کو گناہ کبیرہ اور صغیرہ سے بچے اور نہایت پرہیز کرے۔ گناہ کبیرہ یہ ہیں اللہ تعالے کی رحمت سے ناامید ہونا۔ اور غضب سے اُس کے بیفکر ہونا۔ عورت پرہیزگار کو تہمت زنا کی کرنا جھوٹی قسم کھانا اور سوائے خدا کے دوسرے کی قسم کھانا۔ شہادت جھوٹی بھرنا سچی شہادت چھپانا۔ کسی پر جادو کرنا یا جادو کروانا۔ یتیم کا مال کھانا۔ سود کھانا۔ سودی پیسہ لینا۔ شراب پینا۔ تمام نشہ کی چیزیں کرنا چوری کرنا۔ خون ناحق کرنا۔ پرائی عورت سے زنا کرنا۔ لڑکے سے بُرا کام کرنا۔ لڑائی سے کافروں کی بھاگنا۔ اگرچہ مسلمانوں سے دوچند ہوویں۔ ماں باپ کو ایذا دینا۔ بیچ حرم مکہ کے جو چیزیں کہ منع ہیں کرنا۔ گوشت سور کا کھانا۔ جھوٹ بولنا۔ روزہ ماہ رمضان کا بغیر عذر شرعی کے کھانا۔ نماز نہ کرنا۔ نماز بے وقت پڑھنا۔ زکوٰۃ مال کی نہ دینا۔ بھائی بہن جو اہل قرابت ہیں اُن سے بغیر عذر شرعی کے قرابت ترک کرنا۔

مسلمانوں سے ناحق جنگ کرنا۔ صحابہ اور اہل بیت رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی
شان میں بد بولنا۔ رشوت کھانا۔ چغلی نزدیک بادشاہ اور امیر کے کھانا۔ باوجود
قدرت کے امر بالمعروف و نہی عن المنکر نہ کرنا۔ جاندار کو آگ میں جلانا۔ عورت بغیر مانی مرد کی کرنا مرد
اوپر عورت کے ظلم کرنا۔ بیچ ماپ کے اور تول کے کمی کرنا۔ درمیان میں مرد اور عورت
کے جدائی اور لڑائی ڈالنا۔ علمائے دین کی اہانت کرنا۔ کسی پر ظلم کرنا۔ کسی کو پیچھے بدی
سے یاد کرنا۔ کسی کے حق میں گمان بد کرنا۔ اپنے تئیں غیروں سے اچھا جاننا۔ کسی سے
وعدہ کر کے وفا نہ کرنا۔ غیر عورت کو نظر بد سے دیکھنا۔ امانت میں خیانت کرنا۔ قصداً
خدا تعالیٰ کا فرض ترک کرنا۔ قرآن شریف پڑھ کے بھول جانا۔ بتوں کے نام کا کھانا
کھانا۔ تہواروں میں کافروں کے اور جاتراؤں میں بتوں کے جانا۔ سوائے خدا تعالیٰ کے دوسرے
کو سجدہ کرنا۔ قرآن شریف کی مجلس میں دوسرے کام میں مشغول ہونا۔ جماعت
ہمیشہ ترک کرنا۔ مسلمانوں کو کافر کہنا۔ گلہ کسی کا سننا۔ ظالموں کی خوشامد کرنا۔
قضیہ ناحق پر فیصلہ کرنا۔ مول چکا کر زبردستی کم دینا۔ جورو باندی سے حیض و نفاس
کی حالت میں صحبت کرنا۔ اناج کی گرانی سے خوش ہونا۔ نامحرم عورت کے پاس
اکیلے بیٹھنا۔ جانوروں سے جماع کرنا۔ رسم کافروں کی پسند کرنا۔ نجومی اور برہمن کی
باتوں کو سچا جاننا۔ دعویٰ اپنی عبادت یا تقویٰ کا کرنا۔ مردے پر پیٹنا۔ پکار کے
رونا۔ کھانے کو برا کہنا۔ ناچ دیکھنا۔ راگ باجوں سے سننا۔ عبادت لوگوں کے
بتانے کو کرنا۔ بے اجازت گھر میں کسی کے چلے جانا۔ کسی کو مسخرگی سے بے حرمت کرنا۔
شطرنج اور چوسر اور جوا کھیلنا۔ دو طرف سے شرط باندھنا۔ سننا ہی شراب
بیچنے والا اور ناچنے گانے والا۔ سود کھانے والا۔ کہ سوائے اس کے دوسرا حیلہ
نہیں کرتا ہے۔ اس کے گھر کا کھانا کھانا۔ سوائے اس کے گناہ کبیرہ بہت ہیں۔
اللہ تعالیٰ سب مسلمانوں کو بچا دے۔ اور حفاظت میں اپنے رکھے۔ جان کہ سوائے

گناہ کبیرہ کے گناہ صغیرہ بیشمار ہیں یعنی کبیرہ سے چھوٹے۔ اور جو گناہ صغیرہ
ہمیشہ کرے وہ کبیرہ ہوتا ہے۔

فصل ۲۱ :- بیچ بیان افعال واقوال کے کہ آدمی اس سے کافر ہوتا ہے۔

یقین جان کہ بندہ مسلمان بعضے کاموں سے اور بعضے باتوں سے کافر ہوتا ہے۔
اور مسلمانی سے باہر ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ تمام مسلمانوں کو اونہوں سے بچا دے۔ اور
حفاظت میں اپنی رکھے۔ اللہ تعالیٰ کا شریک کرنا۔ پیغمبر خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ
وسلم کی اہانت کرنا۔ یہانتک کہ چادر مبارک کو آپ کی اہانت سے میلی بولنا۔ موئے
مبارک کو اہانت سے بال کہنا۔ یا کوئی ایک پیغمبر علیٰ نبینا وعلیہ السلام سے پھر جانا۔
فرشتوں سے اللہ تعالیٰ کے عداوت رکھنا۔ کتابوں سے اللہ تعالیٰ کی منکر ہونا۔
دن قیامت کے تئیں باور جاننا۔ اور سوائے اس کے جو باتیں کہ پیغمبر خدا صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے ایمان کی پہنچی ہیں اُن کو یقین نہ جاننا۔ اللہ تعالیٰ کی
رحمت سے نا اُمید ہونا اور اُس کے خوف سے بےفکر ہونا۔ کلمہ کفر اعتقاد یا بغیر
اعتقاد سے بولنا۔ کاہن کی باتوں کو جو غیب کی بات بولتے ہیں اُن کو یقین جاننا
گناہ صغیرہ ہو یا کبیرہ اس کے تئیں ہلکا جاننا۔ جو چیزیں کہ لائق اللہ تعالیٰ کو
نہیں ہیں اُن چیزوں سے تعریف کرنا۔ اور اللہ تعالیٰ کے نام کی مسخرگی کرنا۔ یا اور نبی
کو اُس کے مسخرگی کرنا۔ وعدہ اور وعید سے اللہ تعالیٰ کے منکر ہونا۔ نجومی کی باتوں
کو یقین جاننا۔ اور غیب کی باتیں کرنا۔ کہ علم غیب سوائے اللہ تعالیٰ کے دوسرے
کو نہیں ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ اپنی عنایت سے نبی کو وحی سے اور ولی کو الہام
علم غیب عنایت فرماتا ہے۔ سوائے اُن کے دوسرے کو لازم نہیں ہے کہ باتیں
غیب کی بولے۔ اور شرع نے جسے حلال کہا اُسے حرام جاننا۔ اور جسے حرام
بولی اُسے حلال جاننا۔ اور کسی حرام چیز کی آرزو کرنا کہ کاش کہ حلال ہوتی۔ یا

حلال چیز کی آرزو کرنا کہ کاش کہ حرام ہوتی ۔ یا کسی سے کفر ثابت ہوا ۔ اور اس سے خندہ کرنا ۔ یا کسی کو ساتھ کفر کے کہنے کی رضا دینا ۔ اور نماز بغیر طہارت کے پڑھنا ۔ یا قصداً قبلہ سے منہ پھیر کر نماز پڑھنا ۔ یا حرام کام کو بسم اللہ سے شروع کرنا ۔ یا شریعت کی مسخرگی یا اہانت کرنا ۔ جان کہ سوائے اس کے کفر کی باتیں بہت ہیں کہ بیچ اس مختصر کے گنجائش نہیں ہے ۔ اللہ تعالیٰ اُن سب تصدق سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے محفوظ رکھے ۔

فصل ۲۲ :- بیچ کراماً کاتبین کے ۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ کراماً کاتبین دو فرشتے ہیں ۔ کہ نیکی اور بدی آدمی کی لکھتے ہیں ۔ نیکی سیدھی طرف کا فرشتہ لکھتا ہے ۔ اور بدی بائیں طرف کا فرشتہ لکھتا ہے اور بعضے علماء فرماتے ہیں کہ دو فرشتے صبح سے شام تک لکھتے ہیں اور چلے جاتے ہیں اور دوسرے دو شام سے صبح تک لکھتے ہیں اور چلے جاتے ہیں ۔

فصل ۲۳ :- بیچ ایمان اور اعتقاد مرنے کے ۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ کہ اللہ تعالیٰ نے جسے پیدا کیا ہے اور روح بدن میں اُس کے پھونکا ہے آدمی ہو یا فرشتہ ہو یا جن ہو یا وحش ہو یا طیور ہو سب کو مرنا ہے ۔ اور اس دنیا سے جانا ہے اور یقین جان کہ بعد مرنے کے قبر میں زندہ ہونا ہے ۔ بیچ اس کے سوال و جواب ہے ۔ اور ثواب و عذاب ہے یعنی دو فرشتے ایک کا نام منکر دوسرے کا نام نکیر سیاہ رنگ ازرق چشم ساتھ صورت دہشتناک کے بیچ قبر کے آوینگے ۔ اور تین سوال کریں گے ۔ ایک مَنْ رَّبُّكَ یعنی کون سا ہے رب تیرا ۔ دوسرا مَنْ نَّبِيُّكَ یعنی کون سا ہے نبی تیرا ۔ تیسرا مَا دِيْنُكَ یعنی کونسا ہے دین تیرا پس جو کہ ایمان سے مرا ہے فضل سے اللہ تعالیٰ کے جواب دیگا کہ رب میرا اللہ تعالیٰ ہے اور نبی میرے حضرت محمد رسول اللہ

صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور دین میرا اسلام ہے۔ بعد اُس جواب باصواب
کے وہ فرشتے کہیں گے کہ تو مانند دلہن کے خوش اور خرم سو رہو۔ قبر اس کی کشادہ
ہوگی۔ ایک دریچہ بہشت سے کھلیگا۔ اور جو بے ایمان مرا ہے اُس سے جواب نہیں
سدھریگا پس قبر اُس کی تنگی کریگی۔ یہاں تک کہ پسلیاں اُس کی اِدھر سے
اُدھر نکلیں گی۔ اور گرز آتشین سے ماریں گے۔ دریچہ ایک دوزخ سے کھلیگا
پس قیامت تک اسی طور سے عذاب رہیگا۔ جان کہ جو گنہگار مومن کہ بیچ
دن جمعہ کے یا رات جمعہ کے دفن ہو ویگا قیامت تک اُسے عذاب قبر نہیں ہونے
کا۔ جان کہ سوال وجواب ثواب وعذاب منحصر قبر میں نہیں ہے کسی کو شیر کھاوے
یا جلجاوے۔ یا ڈوب جاوے قدرت سے اللہ تعالےٰ کے سب جا سے سوال
وجواب ثواب وعذاب ہے۔

نشانی قیامت کی

فصل ۴۲:- بیچ بیان نشانیاں قیامت کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ
دن قیامت کا آنے والا ہے یعنی جو ذی روح کہ دنیا میں مرے ہیں اُس دن سب
زندہ ہو وینگے۔ اور اپنے اپنے جسم سے اٹھیں گے کسی نے قیامت سے انکار
کیا وہ کافر ہوا۔ اور جو نشانیاں قیامت کی کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ
علیہ وآلہ وسلم نے فرمائے ہیں وہ تمام حق ہیں۔ کہ اُس میں بال برابر شبہ نہیں ہے
ایک نشانی پیدا ہونا امام مہدی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کا ہے اور وہ امام اولاد سے
سیدۃ النسا فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالےٰ عنہا کے ہو ویں گے اور نام آپ کا
محمد اور نام باپ کا عبداللہ ہو ویگا۔ بلند بینی کشادہ پیشانی ہو وینگے۔ ابر
سر پر سایہ کریگا۔ فرشتہ ابر میں سے پکاریگا۔ یہ مہدی ولی اللہ ہیں۔ امام
آخر الزمان ہیں۔ اطاعت اونہوں کی کرو۔ جہان کو ظلم سے پاک کرینگے بچھونا
عدل وانصاف کا بچھاوینگے مسلمانوں کو نعمت ظاہری اور باطنی سے سرفراز

فرماوینگے ۔ اور باغ دنیا کو تر و تازہ کریں گے ۔ دوسری نشانی قیامت
کی ظاہر ہونا دجال کا ہے اور وہ دجال بنی آدم سے ہے ۔ جزیرہ دریا میں
قید ہے اور کافروں سے ہے یہانتک کہ دعوی خدائی کا کریگا ۔ پیشانی میں اُس
کے کاف ۔ فے ۔ رے ۔ لکھا ہوگا ۔ ایک آنکھ میں انگور کے مانند اونچا ہوگا ۔
دوسری آنکھ سے دیکھیگا ۔ واسطے آزمائش خلق اللہ کے اللہ تعالے اُس کے
تئیں استدراج دیگا ۔ یعنی قدرت بڑی عنایت فرماویگا بہ سبب اُس قدرت
کے خلق اللہ کو گمراہ کریگا ۔ آگے نکلنے اُس کے تین برس کی بارش ہوگی ۔ قحط پڑیگا ۔
جب باہر آویگا کہیگا کہ میں خدا ہوں ۔ پس جو شہر والے یا گاؤں والے اقرار
اُس کمبخت کی خدائی کا کریں گے اور خدا سے پھروں سے پھرینگے ۔ اُس شہر پر اور
گاؤں پر کہیگا کہ پانی برسو پانی برسے گا ۔ زمین کو کہے گا کہ نقصان اپنے باہر لا ۔
زمین طرح طرح کے میوے باہر لائے گی ۔ گائے بکریوں کو کہیگا کہ دودھ زیادہ دیو
وہ دودھ زیادہ دیوینگے اور جو شہر والے یا گاؤں والے کہیں گے کہ تو دجال ہے
ہے کہ نبی ہمارے محمد صلی اللہ تعالے علیہ و آلہ وسلم نے تیرے سے خبر فرمائی تھی تو وہی
شیطان ہے ۔ ہمارا اللہ وحدہٗ لا شریک ہے ۔ اور نبی ہمارے حضرت محمد رسول اللہ
صلی اللہ تعالے علیہ و آلہ وسلم ہیں پس اُس شہر پر اور گاؤں پر کہ جسمیں دوستان الہی
ہوویں گے کہیگا پانی نہ برسے پانی نہ برسیگا ۔ قحط زیادہ ہوگا ۔ وہاں کی زمین کو کہیگا
کہ نقصان اپنی باہر مت لا ۔ زمین میوے نہیں دینے گی ۔ اور گائے بھینس کو کہیگا کہ
دودھ مت دیو ۔ دودھ نہیں دینے کے چند روز کی تکلیف اونھوں پر ہوویگی ۔
آخرت میں جزا اُس کی بہت ہی ملیگی ۔ اور کہیگا کہ تمھارے ماں اور باپ جو مر
گئے ہیں زندہ ہوکر میری خدائی کا اقرار کریں جب تم یقین کروگے پس اُسی وقت
شیاطین ساتھ صورت ماں اور باپ اُن لوگوں کے ظاہر ہوکر اُس کی خدائی کا

اقرار کرینگے۔ بعضے نادان اس بات سے دام میں اُس کے آوینگے اور بعضے ایماندار
کا ایمان قوی ہوگا۔ ایک طرف اُس کے باغ اور پانی ہوگا اُسے بہشت کہیگا۔
وہ حقیقت میں دوزخ ہے۔ دوسری طرف آگ ہوگی اُسے دوزخ کہیگا وہ حقیقت
میں بہشت ہے۔ جس نے اُس کی خدائی کا اقرار کیا اُسے اپنی بہشت میں ڈالیگا
اور جس نے انکار کیا اُسے اپنی دوزخ میں ڈالیگا۔ اسی طور سے تمام جہان چالیس
روز میں۔ روایت دوسری میں چالیس برس میں خراب کریگا۔ لیکن مدینہ منورہ
اور کعبۃ اللہ میں دخل اس کا نہیں ہونیکا۔ اللہ تعالیٰ شر سے اُس کے مسلمانوں
کو بچا دے۔ اور حفاظت میں اپنے رکھے۔ تیسری نشانی قیامت کی اُترنا حضرت
عیسیٰ علی نبینا وعلیہم السلام کا ہے یعنی بیچ وقت فتنۂ دجال کے کہ حضرت امام
مہدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسلمانوں کو واسطے مقابلہ اُس کے تیار کریں گے
اور مسلمان مقابلے سے اُس کے ہراساں ہوونگے۔ اُسی عرصہ میں حضرت عیسیٰ
علی نبینا وعلیہ السلام آسمان سے اُتریں گے۔ وقت نماز عصر کا ہوگا پس حضرت
عیسیٰ علی نبینا وعلیہ السلام واسطے تعظیم امت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم
کے ایک نماز پیچھے حضرت امام مہدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پڑھیں گے۔
اور باقی نمازاں آپ پڑھاویں گے۔ اور مانند مجتہدوں کے اوپر شریعت محمدی
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے چلیں گے۔ اور خلق اللہ کے تئیں اوپر اُس کے
بلاویں گے اور داخل ہونے سے اُمت میں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فخر اپنا
کریں گے۔ امام کے تئیں اور مسلمانوں کے تئیں اُترنے سے آپ کے بڑا سرور
اور بڑی قوت ہوگی۔ بعد نماز کے نیزہ لے کر واسطے مقابلہ دجال کے متوجہ
ہوویں گے۔ جس کافر کو کہ بو آپ کے دم کی پہنچیگی اُسی وقت مریگا۔ اور
بو دم کی نظر جہاں تک پہنچتی ہے وہاں تک پہنچیگی۔ دجال خوف سے آپ کے

نشانی ۳ قیامت کی

لرزاں اور ترساں بھاگے گا اور آپ پیچھا اُس کا کرینگے۔ یہاں تک کہ نزدیک دروازے دوران کے کہ وہ زیتون ہے۔ وہاں نیزے سے مار ینگے اور وہ نیزہ خون بھرا ہوا مسلمانوں کو بتا وینگے۔ بعدازاں جو مسلمان کہ ظلم سے اُس کے تکلیف پائے تھے اُن کو نہایت سرافراز فرمایئں گے۔ اور تسلی بخشیں گے۔

نشانی چہارم

چوتھی نشانی قیامت کی آنا یاجوج اور ماجوج کا ہے۔ یعنی حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا علیہ السلام کے تئیں اللہ تعالےٰ حکم فرماویگا کہ تم ساتھ مسلمانوں کے کوہ طور میں پوشیدہ ہو کہ ہم ایک گروہ کو باہر لاتے ہیں۔ کسی کے تئیں طاقت مقابلہ اُنکی نہیں ہے اُسی وقت حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ السلام ساتھ مسلمانوں کے کوہ طور میں پوشیدہ ہوویں گے۔ پس سد سکندری ٹکڑے ٹکڑے ہوگا۔ وہاں سے یاجوج اور ماجوج باہر آویں گے۔ وہ بنی آدم ہیں اور کافر ہیں۔ قد یاجوج کا ایک بالشت اور ماجوج کا سات گز کا۔ اونچا ہوگا۔ تمام جہان خراب کریں گے۔ یہاں تک کہ جو چیز سامنے آویگی۔ آدمی۔ بیل۔ گدھا۔ گھوڑا۔ چرند۔ پرند۔ جھاڑ۔ پہاڑ۔ سب کھا جاوینگے۔ پانی دریا کا پی جاوینگے خلق اللہ کو مارینگے۔ اور عمارتاں گرا دینگے۔ یہاں تک کہ بیت المقدس تک پہنچیں گے۔ آپس میں کہیں گے اہل زمین کو مارے اب اہل آسمان کو ماریں گے۔ پس تیراں طرف آسمان کے روانہ کرینگے۔ اُن تیروں کو اللہ تعالےٰ خون آلودہ کریگا۔ بہت خوش ہووینگے کہ اہل آسمان کو مارے۔ حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ السلام اور مسلمان کھانے پینے سے عاجز ہوکر دعا کرینگے اللہ تعالےٰ ایک پھوڑا گردن میں اونھوں کے نکالیگا۔ تماموں کے تئیں دفعۃً ماریگا۔ حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ السلام کوہ طور سے نیچے آویں گے ایک بالشت زمین گندگی سے اونہوں کے خالی نہیں رہنے کی۔ کہ مسلمان کھڑے رہیں۔ پھر دعا کرینگے۔ جانور بڑے بڑے اللہ تعالےٰ بھیجوائیگا۔ ایک ایک کو پکڑ کر دریا کے

کنارے سے آفتاب نکلنے کی جائے پر ڈالیں گے۔ بعدہٗ پانی بہت برسیگا۔ زمین پاک ہوگی خلق اللہ جہاں کی پانچ برس تک تیر و کمان اُن کے جلادیں گے۔ بعد اس کے حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا و علیہ السلام بیچ مکے کے رہیں گے۔ خلق اللہ کو دین محمدی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم پر بلادیں گے۔ عدل و انصاف بیشمار فرمادیں گے۔ دُنیا میں برکت زیادہ ہوگی۔ زمین نعمتاں اپنی باہر لادیگی۔ سوائے دین محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے کوئی ملت نہیں رہنے کی، تمام مسلمان اور خلق اللہ جہاں کے خوش و خرم اور باآرام رہیں گے۔ بعد سات برس کے بعضی روایت میں چالیس برس کے حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا و علیہ السلام انتقال فرمادیں گے اور قبہ نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم میں دفن ہووینگے۔

۵ نشانی قیامت کی

پانچویں نشانی قیامت کی نکلنا دابۃ الارض کا ہے۔ وہ دابۃ الارض جانور ہے۔ چہرہ اُس کا مانند چہرۂ آدمی کے ہوگا۔ اور دو بازو پر دو پر ہوں گے۔ سر مانند بیل کے۔ اور کان مانند کان ہاتھی کے۔ اور سینہ گردن مانند سینہ گردن اونٹ کے۔ دُم مانند بکری کے۔ رنگ مانند رنگ چیتے کے ہوگا۔ قد ساٹھ گز اونچا ہوگا۔ اور اور ایک روایت میں آسمان تک پہنچیگا۔ جاں کہ حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا و علیہ السلام بیچ طواف کعبہ کے ہووینگے۔ زمین نیچے پاؤں کے ہلیگی۔ صحن مسجد حرام کا ٹکڑے ٹکڑے ہوگا۔ دابۃ الارض قریب رکن کے نکلنا شروع کریگا۔ تین دن تک نکلتے رہیگا۔ جب باہر آویگا زبان عربی فصیح سے باتیں کریگا۔ چار طرف منہ پھیرا کر کہیگا۔ تمام دین باطل ہیں۔ مگر دین اسلام۔ وہاں آسمان تک آواز اُس کا پہنچیگا۔ عصا حضرت موسیٰ علیٰ نبینا و علیہ السلام کا اور انگوٹھی حضرت سلیمان علیٰ نبینا و علیہ السلام کی نزدیک اُس کے ہوگی۔ جس کی پیشانی پر کہ عصا اور مُہر رکھیگا بیچ پیشانی مسلمان کے نقطہ سفید ظاہر ہوگا۔ منہ اُس کا مانند ستارے کے روشن ہوگا۔ اور نقش انگوٹھی کا اُٹھے گا۔ اِنَّہٗ مُؤْمِنٌ یعنی تحقیق وہ مسلمان ہے بیچ پیشانی کافر کے کالا نقطہ پیدا ہوگا۔ منہ اُس کا مانند دیگ کے کالا ہوگا۔ نقش

انگوٹھی کا اٹھیگا۔ اِنَّہٗ کَافِرٌ یعنی تحقیق وہ کافر ہے۔ بعد اس کے مسلمان کو کہیگا
اَنْتَ مُؤْمِنٌ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ یعنی تو مسلمان ہے اہل جنت سے اور کافر
کو کہیگا اَنْتَ کَافِرٌ مِنْ اَهْلِ النَّارِ یعنی تو کافر ہے اہل دوزخ سے۔ چھٹی
نشانی قیامت کی نکلنا آفتاب کا ہے مغرب سے وہ رات بڑی دراز ہوگی۔
صبح کو آفتاب زرد کانپتا ہوا مغرب سے نکلکر بالائے آسمان تک پہونچیگا۔ بعد اس کے
اسی طرف ڈوبیگا۔ پھر موافق معمول کے مشرق سے نکلا کریگا۔ جان کہ دروازہ توبہ کا
اس دن سے بند ہوگا۔ یعنی توبہ کافروں کی کفر سے۔ اور منافقوں کی نفاق سے قبول نہیں
ہونے کی۔ اور توبہ مسلمانوں کی گناہوں سے قبول ہوگی۔ اس دن آدھے آدمی اور آدھے
[illegible] ہوں ہیں مرینگے۔ ساتویں نشانی قیامت کی۔ پیدا ہونا دھوئیں کا ہے۔ وہ
مشرق سے مغرب تک بھر جائیگا۔ مسلمانوں کو اس سے زکام پیدا ہوگا اور کافروں
کو حالت نشہ ظاہر ہوگی۔ کافروں کی ناک سے اور کانوں سے اور پیچھے سے نکلیگا۔
آٹھویں نشانی قیامت کی نکلنا آگ کا ہے۔ وہ مشرق سے یا عدن سے نکلکر مغرب
تک چلی جاویگی۔ نویں نشانی قیامت کی۔ خسف ایک بیچ مغرب کے ہے یعنی طرف
مغرب کے ایک ٹکڑا زمین کا غارت ہوگا۔ دسویں نشانی قیامت کی۔ خسف ایک
بیچ مشرق کے ہے یعنی طرف مشرق کے ایک ٹکڑا زمین کا غارت ہوگا۔
گیارہویں نشانی قیامت کی۔ خسف ایک بیچ جزیرۂ عرب کے ہے یعنی بیچ ملک
عرب کے ایک ٹکڑا زمین کا غارت ہوگا۔

فصل ۲۵: بیچ بیان دن قیامت کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ بعد ظاہر ہونے
ان نشانیوں کے۔ اور بعد وفات حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ السلام کے ہوا مشک سے
زیادہ خوشبو طرف سے یمن کے چلیگی۔ تمام ایمانداروں فرحت اور خوشبوئی سے
جان دیوینگے۔ بدترین آدمی کافران اور فاسقان رہینگے۔ مانند حیوانوں کے

چھٹی نشانی قیامت کی
ساتویں نشانی قیامت کی
آٹھویں نشانی قیامت کی
نویں نشانی قیامت کی
دسویں نشانی قیامت کی
گیارہویں نشانی قیامت کی

راستے بازار میں جفتی کریں گے ۔ اور گناہوں میں نہایت ڈوبیں گے ۔ یہاں تک کہ کوئی نام اللہ تعالیٰ کا نہیں لینے کا ۔ اُس وقت اللہ تعالیٰ حضرت اسرافیل علیٰ نبینا و علیہ السلام کو حکم صور پھونکنے کا فرماویگا ۔ پھر دصور پھونکنے کے دن قیامت کا قائم ہوگا تمام مخلوق جہان کے مریں گے ۔ پہاڑ پہاڑ اور مکانات مانند روئی کے اُڑیں گے ۔ آسمان ٹکڑے ٹکڑے ہو وینگے زمین خراب ہوگی ۔ آفتاب اور ماہتاب اور تارے کالے ہو کر گریں گے ۔ بہشت اور دوزخ لوح و قلم اور کرسی اور فرشتے فنا ہو ویں گے ۔ اُس صور سے کوئی جاندار باقی نہیں رہنے کا ۔ مگر اللہ تعالیٰ جسے چاہے وہ نہیں مریگا ۔ چالیس برس تک سب فنا رہیں گے ۔ اللہ تعالیٰ فرماویگا لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ یعنی واسطے کس کے ہے ۔ ملک آج کے دن پھر آپ ہی فرماویگا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ یعنی واسطے اللہ تعالیٰ کے ہے ایسا اللہ کہ واحد ہے اور قہار ہے ۔

فصل ۲۶ :- بیچ بیان اُٹھنے خلق اللہ کے ۔ بیچ دن قیامت کے ۔ جان کہ اللہ جل جلالہٗ بہشت اور دوزخ ۔ عرش و کرسی ، لوح و قلم آسمان ۔ زمین جبرئیل میکائیل اسرافیل عزرائیل علیہ السلام اور حاملان عرش ان تماموں کے تئیں پھر دفنا کرنے کے تئیں پیدا کریگا ۔ بعد چالیس برس کے اسرافیل علیٰ نبینا و علیہ السلام کے تئیں حکم دوسرا صور پھونکنے کا فرماویگا ۔ تمام قالب تیار ہو وینگے پھر اسرافیل علیٰ نبینا و علیہ السلام دوسرا صور پھونکیں گے ۔ ارواحیں صور سے نکلکر اپنے اپنے قالب میں داخل ہو ویں گے ۔ تمام قالب زندہ ہو کر اُٹھ کھڑے رہیں گے ۔ جان کہ کسی کو شیر کھاوے یا کوئی جل جاوے یا ڈوب جاوے ۔ یا کوئی اعضا کٹ کر بدن سے گر جاوے ۔ قدرت سے اللہ تعالیٰ کے تیار ہو کر تمام انسان اور جنات تمام مخلوقات کہ پیدا ہوئے تھے اپنے اپنے جسم سے اُس دن اُٹھیں گے ۔ اور میدان حشر میں حاضر ہو وینگے بعد اُس کے پھر مرنا نہیں ہے ۔ جان کہ سوائے آدمی اور جنات کے تمام جیوناسے

اور پرند سے کہ ایک دوسرے پر ظلم کئے ہیں بدلہ اُس کا اللہ تعالیٰ دلوا کر سب کو معدوم اور ناچیز کر دیگا۔ مگر وہ جانور کہ ذبح ہوئے ہیں اُن کے تئیں مٹی جنت کی بنا دے گا۔ اور آفتاب سوا نیزے پر آئیگا۔ زمین تانبے کی ہوگی۔ ایسی برابر کہ انڈا مرغی کا مشرق میں رکھیں مغرب سے دکھے گا۔ تمام آدمی موافق اعمال اپنے کوئی ٹخنوں تک کوئی پنڈلیوں تک کوئی رانوں تک۔ کوئی کمر تک۔ کوئی بغل تک۔ کوئی حلق تک کوئی لبوں تک پسینے میں ڈوبے رہینگے۔ جان کہ دن قیامت کا پچاس ہزار برس کا ہوگا۔ اور ایسی سختی رہے گی کہ کوئی اپنے میں آپ نہیں رہنے کا۔ یہاں تک کہ باپ بیٹے سے بیٹا باپ سے اور ماں بیٹی سے بیٹی ماں سے خویش خویش سے دوست دوست سے بھاگیں گے۔ اور سب پیغمبران اولوالعزم علی نبینا وعلیہم السلام نفسی نفسی پکاریں گے۔ اور حبیب رب العالمین یعنی محمدؐ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم اُمتی اُمتی فرماتے رہینگے۔

فصل ۲۷:- بیچ بیان شفاعت کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ شفاعت حضرت محمدؐ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے واسطے اُمت مرحوم کے۔ اور واسطے تمام اُمتوں کے بلکہ واسطے ملائکہ اور مرسلین کے صلوات اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اور واسطے جمیع ممکنات کے حق ہے کہ ہر ایک کو موافق مرتبہ اُس کے شفاعت فرماویں گے۔ جان کہ جائیں شفاعت کی بہت ہیں مانند عرصات کے اور پل صراط کے اور وقت سوال وجواب کے اور حساب وکتاب کے۔ اور دخول دوزخ کے سوائے اس کے بہت سے مقام ہیں۔ کوئی مقام اور کوئی جائے مصیبت کی۔ اور محنت کی۔ اور عذاب کی نہیں ہے کہ بغیر شفاعت حبیب رب العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے نجات ہووے۔ سب جگہ شفاعت آپ کی درکار ہے پس دن قیامت کے تمام آدمی کھڑے رہنے سے عرصات کے۔

اور گرمی سے آفتاب کے نہایت حیران اور پریشان ہوکر واسطے شفاعت کے طرف
آدم علیٰ نبینا و علیہ السّلام کے جاویں گے۔ اور ساتھ عاجزی کے عرض کرینگے کہ اللہ تعالیٰ
نے آپ کو اپنے ید قدرت سے بنایا ہے۔ باپ ہمارا کیا ہے۔ خلیفہ اپنا گردانا ہے۔
اور تمام ملائک سے سجدہ کروایا ہے۔ آپ جناب باری میں عرض کرکر اس مصیبت
سے نجات دلواؤ۔ حضرت آدم علیٰ نبینا و علیہ السلام فرماوینگے۔ اللہ تعالیٰ آج بڑے
جلال ہیں اور غضب میں ہے کبھی نہ ہوا تھا۔ نہ آگے ہوگا۔ میں نہایت شرمندہ ہوں
میرے تئیں گیہوں کھانے سے منع فرمایا تھا۔ اور میں نے اُس کے تئیں کھایا۔ یہ کام
بڑا مجھ سے نہیں ہونے کا۔ تم طرف نوح علیٰ نبینا و علیہ السّلام کے جاؤ۔ تمام خلق اللہ
حضرت نوح علیٰ نبینا و علیہ السلام کے پاس آویں گے اور عرض کریں گے۔ آپ نبی اللہ
ہو ہمارے تئیں اس عذاب سے خلاصی دلاؤ۔ آپ فرماویں گے۔ یہ کام عظیم الشان
میرے سے نہیں ہونے کا۔ میں وقت طوفان کے واسطے بیٹے اپنے کے دعا کیا۔ میرا
بیٹا کافر تھا۔ وہ دُعا خلاف مرضی اللہ جل جلالہٗ کے تھی۔ تم طرف ابراہیم علیٰ نبینا
و علیہ السّلام کے جاؤ۔ پھر حضرت ابراہیم علیہ السّلام کے پاس آویں گے اور عرض کرینگے
آپ کے تئیں اللہ تعالیٰ نے دوست اپنا بنایا ہے۔ آپ جناب باری میں ہماری
شفاعت کرو۔ حضرت ابراہیم علیٰ نبینا و علیہ السلام فرماویں گے۔ کہ میرے سے دنیا میں
تین کام ہوئے کہ میں اُس سے شرمندہ ہوں۔ اوّل یہ کہ تمام کافر ان واسطے جترا
کے باہر شہر کے چلے۔ میرے تئیں ساتھ اپنے بلائے میں نے بیماری کا عذر کیا۔ حقیقت
میں بیمار نہیں تھا۔ اور دوسرا کام یہ کہ جب وہ چلے گئے میں بتخانے میں جاکر کلہاڑی
سے تمام بتوں کی ناک کان توڑ کر کلہاڑی بڑے بُت کے کاندھے پر رکھا۔ جب باہر
سے آئے بتوں کو دیکھکر غمگین ہوئے۔ آپس میں کہے یہ کام ابراہیم کا ہے کہ وہ اونہوں
کی تعظیم نہیں کرتے تھے۔ اور گالیاں دیتے تھے۔ پس وہاں سے میرے گھر کو آئے

کہے کہ تم نے ہمارے خداؤں کو توڑے ہیں۔ میں نے جواب دیا۔ کہ یہ کام بڑا انہوں کا ہیں دیکھو کلہاڑی اونہوں کے کاندھے پہ ہے حقیقتاً توڑا میں تھا۔ اور بڑا بتا موں کا میں تھا۔ ظاہرا اُس کا نام لیا۔ تیسرا کام یہ ہے کہ ایک بادشاہ ستمگر عورتوں کو ظلم سے پکڑتا تھا۔ بی بی سارا جو عورت میری تھی۔ چچیری بہن میری تھی۔ جب لوگ اُس ظالم کے پکڑنے آئے۔ کہا میں کہ یہ بہن میری ہے۔ میں ان تینوں کاموں سے بہت شرمندہ ہوں۔ کام شفاعت کا موسیٰؑ سے ہوگا۔ سب نزدیک موسیٰ علیٰ نبینا و علیہ السلام کے آویں گے اور عرض کریں گے آپ کلیم اللہ ہو۔ اور رسول اولعزم ہو۔ ہماری شفاعت کرو۔ اس مصیبت سے خلاصی بخشواؤ حضرت موسیٰ علیٰ نبینا و علیہ السلام فرمادینگے کہ میں نے ایک قبطی کو مکی مارا۔ وہ اُس مکی سے مرگیا۔ ایسے جلال میں اللہ تعالےٰ ہے۔ کہ کبھی نہیں ہوا تھا۔ اور کبھی نہیں ہونے کا۔ مجھے اس وقت کلام کرنے کی طاقت نہیں ہے۔ تم طرف عیسیٰ علیہ السلام کے جاؤ اور حاجت اپنی عرض کرو۔ وہاں سے حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا و علیہ السلام کے پاس آویں گے اور عرض کریں گے کہ آپ کے تئیں اللہ تعالےٰ نے بغیر باپ کے پیدا کیا۔ روح اللہ خطاب فرمایا۔ اور مسیحؑ آپ کے مُردوں کو زندہ کروایا۔ آج ہماری مدد کرو۔ اس درد و غم سے خلاصی بخشواؤ۔ آپ فرمادینگے دُنیا میں جب قوم نے میری خدا سے منہ پھیرے۔ میرے تئیں خدا بولے اس بات سے میں گلتا ہوں۔ مجھے اس وقت دم مارنے کی طاقت نہیں ہے۔ تم حضرت سیدالمرسلین خاتم النبیین محبوبؐ رب العالمین صلی اللہ تعالےٰ علیہ و آلہ وسلم کے پاس جاؤ اور مصیبت اپنی عرض کرو۔ حضرت آدمؑ حضرت نوحؑ حضرت ابراہیمؑ۔ حضرت موسیٰؑ اور حضرت عیسیٰؑ اور تمام انبیا علیٰ نبینا و علیہم الصلوٰۃ والسلام ساتھ اُمتوں اپنے نیچے جھنڈے محمدیؐ صلی اللہ تعالےٰ علیہ و آلہ وسلم کے آویں گے اور باعاجزی تمام عرض کریں گے۔ کہ اے حبیب رب العالمین۔ رب العالمین

نے کبھی سخن آپ کا رد نہیں کیا۔ واسطے آپ کے زمین و آسمان اور تمام ممکنات پیدا کیا۔ آپ پناہ دینے والے بیکسوں کے اور غم کو پہونچنے والے غمگینوں کے ہو۔ رحمۃ اللعالمین شفیع المذنبین ہو۔ ہم غریبوں پر رحم فرماؤ۔ اور جناب باری میں شفاعت کرو۔ بعد سماعت فرمانے کے آپ کھڑے رہیں گے۔ میدان شفاعت میں تشریف لاویں گے۔ مقام محمودہ میں سجدہ فرماویں گے۔ حمد و ثنا جناب الٰہی کی کریں گے۔ کہ کسی نے نہیں کیا تھا۔ اور کوئی نہیں کریگا۔ بعدہٗ اللہ تعالےٰ فرماوے گا اے محبوب میرے سر اٹھاؤ۔ اور مانگو کیا مانگتے ہو۔ میں دنیا و آخرت واسطے محبت تمھاری پیدا کیا ہوں۔ ربوبیت اپنی واسطے دوستی تمھاری کے ظاہر کیا ہوں۔ اگر تم نہ ہوتے فلک سے اور ملک سے نشان نہ ہوتا۔ تم نہ ہوتے زمین اور آسمان کا ٹھکان نہ ہوتا۔ تم نہ ہوتے عرش کرسی اور لوح قلم بہشت دوزخ سے نام ہوتا۔ تم نہ ہوتے آدم و حوا کا کام نہ ہوتا۔ اے حبیب میرے۔ و اے محبوب میرے سر اٹھاؤ مانگو کیا مانگتے ہو۔ عرش سے فرش تک تمام میری رضا طلب کرتے ہیں۔ اور میں تمھاری رضا طلب کرتا ہوں۔ تب اس کے جناب سید المرسلین صلی اللہ تعالےٰ علیہ و آلہ وسلم سر سجدے سے اٹھاویں گے۔ اور عرض کرینگے خدایا اُمت ایک گنہگار رکھتا ہوں میں۔ اگر عذاب کرے تو اونہوں کے تئیں۔ بیشک وہ بندے تیرے ہیں۔ اور بخشے تو اونہوں کے تئیں یقین کہ تو غفور رحیم ہے۔ اللہ تعالےٰ گرمی کو آفتاب کے اور تکلیف کو عرصات کے کم کریگا۔ سوال و جواب حساب و کتاب شروع فرماوے گا۔ اور ایک حصہ اُمت مرحومہ کو بخشے گا۔ اس امر سے ملائکہ مقربین اور تمام نبیین اور مرسلین کو تسکین ہوگی۔ پھر جناب سید المرسلین صلوات اللہ تعالےٰ علیہ و علیٰ آلہ اجمعین سر مبارک کو دوبارہ سجدہ میں لیجاویں گے۔ دیر تک اُمتی اُمتی فرماویں گے۔ اور عرض کرینگے کہ اے کریم۔ و اے رحیم اُمت گنہگار کے تئیں بخش۔ پھر حکم ہوگا۔ اے حبیب میرے

وے محبوب میرے اے نبی میرے وے رسول میرے سر اٹھاؤ۔ بعد اس حکم کے جناب سید المرسلین حبیب رب العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سر مبارک کو اٹھاویں گے حمد وثنائے الٰہی بجا لاویں گے۔ پھر اللہ تعالیٰ اور ایک حصہ امت مرحومہ کو بخشیگا پھر جناب سید المرسلین حبیب رب العالمین صلوات اللہ علیہ وآلہ اجمعین تیسری بار سر مبارک سجدے میں لے جاویں گے رَبِّ اغْفِرْ لِاُمَّتِیْ رَبِّ اغْفِرْ لِاُمَّتِیْ فرماتے ہیں گے۔ پھر حکم ہوگا اے محمد میرے وے حامد میرے سر اٹھاؤ اور مانگو کیا مانگتے ہو۔ آپ سر مبارک کو اٹھاویں گے حمد وثنا بجا لا کر عرض کرینگے الٰہی یہ فرمان تیرا ہے وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰی اور البتہ قریب ہے عطا کریگا تجھے تیرا رب تیرا پس راضی ہوگا تو۔ اس وعدے کو اپنے وفا کر۔ امت گنہگار کو عطا کر۔ پس دریائے رحمت جوش میں آویگی حکم ہوگا غَفَرْتُ لِجَمِیْعِ اُمَّتِہٖ مُحَمَّدٍ یعنے بخشا میں تمام امت محمد کو صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم۔ بعد اس کے دوسرے امتوں کے۔ اور تمام خلائق کے واسطے شفاعت فرماویں گے۔ اللہ تعالیٰ شفاعت آپ کی قبول فرماویگا۔ تماموں کے تئیں بخشیگا پس اس دن پردہ آنکھوں سے سب کے اٹھیگا۔ مرتبہ حبیب رب العالمین سید المرسلین صلوات اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا معلوم ہوگا کہ جیسے آج کے دن بادشاہت اللہ تعالیٰ جل جلالہ کی ہے ویسا محبوبیت اور قربیت حبیب رب العالمین کی ہے تمام فرع ہیں آپ اصل ہیں۔ آپ دعوتی ہیں تمام طفیلی ہیں۔ الٰہی تمام امت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے تئیں قدم مبارک سے نزدیک کر کر دامن شفاعت سے لپیٹ۔ آمین یا رب العالمین۔

ترجمہ رب میرے بخش تو امت کو میرے اے پروردگار بخش میرے تو امت کو میرے ۱۲

فصل ۲۳ بیچ بیان حساب کے۔ ایمان لیا اور یقین جان کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے حساب لیگا۔ جو سکھیا رہیا ان کو اس حساب سے آسانی ہے

اور جو گنہگار ہیں اُن کو پریشانی ہے۔

فصل ۲۹ :- بیچ بیان سوال کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ اللہ تعالے سوال اپنے بندوں سے کریگا۔ پہلے جبریل علیہ السلام سے پوچھیگا کہ تم نے میری امانت وحی اوپر انبیاؤں کے کس طور سے پہنچائے۔ بعدۂ انبیاؤں کو صلوٰۃ اللہ تعالے علیہم اجمعین پوچھیگا کہ تم نے احکام میرے اوپر بندوں میرے کے کس طور سے ادا کئے عبادات میں پہلے سوال نماز کا ہوگا۔ اور معاملات میں خون کا۔ اسی طور سے اللہ تعالے تمام مخلوقات سے سوال فرماویگا۔ اور جواب اُس کا سُنے گا۔

سوال و جواب سے لرزہ تماموں کے بدن میں پڑیگا۔

فصل ۳۰ :- بیچ بیان اعمالنامے کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ اعمالنامہ جس میں نیکی اور بدی لکھی ہوگی۔ مسلمانوں کے تئیں اور نیکبختوں کے تئیں سیدھے ہاتھ میں دویں گے۔ منافقوں اور کافروں کے تئیں سینہ چیر کر بایاں ہاتھ پیچھے نکال کر دیویں گے اور کہیں گے کہ اپنے اپنے اعمالنامے پڑھو اور اعمال دریافت کرو۔

فصل ۳۱ :- بیچ بیان میزان کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ اعمال بندوں کے ترازو سے یا کسی اور چیز سے کمی اور زیادتی معلوم ہو تولیں گے۔ نیکی تل برابر کسی کی زیادہ ہوگی اُس کے تئیں دوزخ سے چھٹکارا ہے۔ فرشتوں سے مبارکبادی کا پکارا ہے۔ بدی تل برابر کسی کی زیادہ ہوگی اُس کے تئیں جا بجا ٹھکارا ہے۔ نعوذ باللہ منہا۔

فصل ۳۲ :- بیچ بیان پل صراط کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ خلق اللہ پل صراط پر سے گذریں گے۔ جان کہ اوپر دوزخ کے ایک پل ہے اور وہ پل تین ہزار برس کا راستہ ہے۔ بال سے باریک اور تلوار سے تیز۔ ایک ہزار برس کا چڑھاؤ۔ اور ایک ہزار برس کا برابر اور ایک ہزار برس کا اُتار۔ تمام خلق اللہ

اُس پر سے گذریں گے ۔ کافران اور منافقان گنہگاران کٹ کٹ کر دوزخ میں گرینگے
مسلمان موافق قوت ایمان کے کوئی مانند بجلی کے کوئی مانند ہوا کے ۔ کوئی مانند گھوڑے
کے کوئی مانند آدمی کے ۔ کوئی مانند چیونٹی کے ۔ اور کوئی اُس سے بدتر چلیں گے ۔
پلصراط پر اندھیرا بہت ہوگا ۔ جناب حبیب رب العالمین واسطے اُمت اپنی کے
تشریف فرما ہوویںگے ۔ روشنی میں نور محمدی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے ۔
تمام مسلمان گذر کر بہشت میں داخل ہو جاوینگے ۔

فصل ۴۳ :- بیچ بیان حوض کوثر کے ۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ جناب
سید المرسلین حبیب رب العالمین صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کا حوض ہے کہ نام
اُس کا حوض کوثر ہے ۔ لنبا چوڑا ایک مہینے کے راستے کا ہے ۔ پانی اس کا دودھ سے
سفید شہد سے میٹھا زیادہ ہے ۔ اطراف اُس کے کوزے اور پیالے بلور کے ۔ تاروں
کے مانند چمکتے ہوئے روشن ہیں ۔ حبیب خدا صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم
دست مبارک سے پانی لے کر حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ تعالےٰ وجہہٗ کو عنایت فرماوینگے
اور آپ تمام اُمت مرحومہ کو تقسیم کریں گے ۔ اور پلاوینگے ۔ اور فرمائے حضرت
علی کرم اللہ تعالےٰ وجہہٗ کہ جس کے دل میں محبت اور تعظیم جناب صدیق اکبر رضی
اللہ تعالےٰ عنہ کی نہیں ہونے کی ۔ اُسے ایک قطرہ پانی کا نہیں دینے کا ۔ اور جو
کہ ایک قطرہ پانی حوض کوثر کا پئے گا اُسے کبھی پیاس نہیں ہونے کی ۔

فصل ۴۴ :- بیچ بیان دوزخ کے ۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ دوزخ واسطے
عذاب کرنے کافروں کے اور منافقوں کے اور واسطے بعضے گنہگاروں کے ہے ۔
وہ دوزخ کے سات درجے ہیں ۔ ایک سے ایک سخت زیادہ ہے ۔ اور بیچ اس کے
طرح طرح کا عذاب ہے ۔ انگار سے اور سردی سے اور سانپوں سے اور بچھوؤں
سے ، کھانا اُس کا جھاڑ سے سینڈھ کے ہیں ۔ اور پانی اُس کا پیپ اور لہو ہے

تمام کافروں اور منافقوں کو اور بعضے گنہگاروں کو اس میں ڈالیں گے۔ گنہگار موافق گناہ کے عذاب دیکھکر و یا شفاعت سے حضرت رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے نکلکر پانی سے حوض کوثر کے نہاکر بہشت میں جاوینگے۔ کافران اور منافقان ہمیشہ بیچ اس کے رہیں گے۔ اُن کے تئیں عذاب سے کبھی نجات نہیں ہووے گی۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے تئیں بتصدق سے نعلین مبارک حبیب رب العالمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ اجمعین کے اس سے بچاوے۔

فصل ۳۵ :- بیچ بیان جنت کے۔ ایمان لے آ اور یقین جان کہ جنت واسطے مسلمانوں کے ہے۔ اور ادنیٰ جنتی کے تئیں دس برابر دنیا کے مکان ملیگا۔ اس جنت کے آٹھ درجے ہیں۔ ایک سے ایک زیادہ اور بہتر ہے۔ نعمتوں کو اس کے انتہا نہیں ہے۔ اور نعمتان اس کے ایسے ہیں کہ کسی کے دل میں خطرہ نہیں گذرا۔ اور کسی کی آنکھوں نے نہیں دیکھے۔ اور کسی کے کانوں نے نہیں سنے۔ حوریان اور غلمان اور مکانات موتیوں کے ہیں۔ ہزار ہا درخت اور ہزار ہا میوے اور طرح طرح کے پوشاک ہیں اور اقسام ہا کے طعام اور جانور ہیں۔ چہار ندیاں ہیں ایک میں پانی اور دوسرے میں دودھ تیسرے میں شہد اور چوتھی میں شراب۔ نہ ایسی شراب کہ آدمی کو بے ہوش کرے اور دردسر پیدا کرے۔ جان کہ بہشتی جس کھانے کے طرف یا میوے کے طرف یا جانور کے طرف خواہش سے دیکھے روبرو موجود ہوتا ہے۔ اور بخوشی تمام اپنے تئیں کھلاتا ہے۔ لذت اس کے سر سے پاؤں تک رہتی ہے۔ جان کہ لذت ایک میوے کی ستر قسم کی ہے۔ ایک طرف سے کھاتے جاویں گے دوسری طرف سے نیا ہوگا۔ جس قدر کہ کھاتے جاوینگے ہوس اور رغبت زیادہ ہوگی۔ پس تو بیان خوبیان جنت کی بیان کرنے کی طاقت نہیں ہے بہشتی جب بیچ اس کے داخل ہوگا۔ ہمیشہ بیچ اس کے رہیگا۔ نہ

کبھی مریگا۔ اور نہ کسی چیز کا غم کریگا۔ اور دریائے رضا میں ڈوبے گا۔ باوجود
اس دولت عظیم کے اور نعمت کریم کے دیکھنا موافق اپنے مرتبے کے نہر روز یا ہر
ہفتے میں جمال مبارک حبیب رب العالمین صلوات اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ اجمعین
کا ہے۔ کہ تمام نعمتاں روبرو اس کے ناچیز ہیں۔ اور کچھ مرتبہ نہیں رکھتے ہیں۔ اوپر
اس سرافرازی کے۔ دوسری سرافرازی دیکھنا اللہ تعالےٰ کا ہے۔ کہ تمام نعمتاں
اپنے بھول جاوے گا۔ اور دیدار الٰہی میں ڈوب جاویگا۔ خدایا تصدق سے نعلین
مبارک حضرت حبیب تیرے کے دیدار سے تیرے مشرف کر آمین یا رب العالمین
وصلی اللہ تعالےٰ علی خیر خلقہ سیدنا محمد وآلہ واصحابہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین
عنایت سے اللہ تعالےٰ کے اور تصدق سے نعلین مبارک حبیب خدا صلی اللہ
تعالےٰ وعلیہ وآلہ وسلم کے رسالہ عقائد کا ۱۲۹۵ھ بارہ سے پچانوے ہجری میں تمام
ہوا۔ نام اس کا عقائد ضروریہ رکھا گیا۔ اللہ تعالےٰ اس رسالہ کے تئیں مقبول
اہل زمانہ کا کرے۔ اور بسبب اس کے مسلمانوں کے تئیں فائدہ بخشے۔ آمین۔
یا رب العالمین۔ لازم اور ضرور ہے ہر شخص کے تئیں کہ موافق عقائد اہل سنت
وجماعت کے اعتقاد اپنا درست کرے۔ اور مضبوط رکھے۔ کہ سوائے گروہ
اہل سنت وجماعت کے کسی کے تئیں آخرت میں نجات نہیں ہے۔ بعد درست
کرنے عقائد کے عمل موافق شریعت کے جاری رکھے۔ یعنی کہ جسے شرع نے حلال
کہی اس کے تئیں بجان ودل بجا لاوے۔ اور جسے کہ شرع نے حرام کہی اس سے
نہایت پرہیز کرے۔ اور پیچھے بمقتضائے بشریت اگر خطا ایک واقع ہووے
اس سے نادم ہووے۔ اور توبہ کرے۔ بعد عقائد کے اور عمل موافق
شریعت کے قدم محبت الٰہی میں رکھے۔ تاکہ مومن عام سے مومن خاص میں
داخل ہووے۔ جان کہ محبت الٰہی بغیر نعلین برداری شیخ کامل مکمل کے

کے حاصل نہیں ہوتی ہے۔ علامت شیخ کامل کی وہ ہے کہ بال برابر خلاف شرع
نہ کرے۔ نہ ظاہراً نہ باطناً بمجرد صحبت اُس کے غم دنیا دل سے دھو جاوے اور
توجہ الی اللہ پیدا ہووے اور وہ خود راہ دان اور راہ بین ہووے۔ اور مقامات
سلوک پیر کامل سے طے کیا ہووے۔ پس ویسی ذات مبارک کی غلامی اختیار کرے
اور عمر اپنی نیچے سایۂ قدم مبارک اونہوں کے آخر کرے تاکہ نجات اخروی حاصل
ہووے اور عیش ابدی کامل ہووے۔ اور یقین جان کہ طریقۂ نقشبندیہ اور قادریہ
اور چشتیہ اور سہروردیہ اور کبرویہ اور طیفوریہ اور طبقاتیہ اور رفاعیہ وغیرہ سب حق ہیں۔ اور
پہنچانے والے طرف اللہ تعالیٰ کے ہیں۔ اور کسی طریقہ میں بال برابر خلاف شرع نہیں ہے
اور کوئی صاحب طریقہ نے خلاف شرع نہیں کیا ہے۔ پس کسی نے نفسانیت سے
اپنے کوئی کام خلاف شرع کیا اور نام اور نام پیروں کا لیا۔ اُس نے پیروں کو
اپنے بدنام کیا۔ اور نا رضا کیا۔ اور آخرت اپنی خراب کیا نعوذ باللہ منہا۔ اور تمام طریقوں
میں اولیا نجبا۔ نقبا غوث اور قطب ابدال اور اوتاد و محبوب ہوئے ہیں۔ لازم
ہے کہ ان سب بزرگان دین سے اور اکابر راہ یقین سے اعتقاد درست رکھنا
اور کسی ایک اولیاء اللہ سے بد اعتقاد نہ ہونا۔ کسی ایک سے بد اعتقاد ہوا گو یا سب سے
بد اعتقاد ہوا پس جس نے دوستان الٰہی سے بد اعتقاد ہوا اس نے راہ جنت چھوڑا اور راہ دوزخ اختیار کیا اللہ تعالیٰ
اُس سے سب مسلمانوں کو محفوظ رکھے۔ اور یقین جان کہ سب طریقوں میں طریقہ
نقشبندیہ افضل اور اعلیٰ ہے۔ اور سلسلہ اس طریقۂ عالیہ کا حضرت صدیق
اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پہونچتا ہے کہ آپ خلیفہ برحق اور جانشین مطلق جناب
حبیب رب العالمین کے ہیں اور محبوب محبوب خدا کے ہیں۔ اور باوجود کمالات
ولایت محمدیہ کے حامل بار نبوت احمدی احمدی کے ہیں۔ اسی واسطے بعد
سید المرسلین اور انبیاء متقدمین صلوات اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے خلافت

سے افضل بشریت کے سرافراز ہوئے ہیں۔ پس جو طریقہ کہ افضل بشر کے تئیں پہنچا ہے البتہ سب طریقوں میں افضل اور اعلیٰ ہوگا۔ جاں کہ اکابر اس طریقے کے رحمہم اللہ تعالیٰ واسطے اسی کے سوائے متابعت سنت سنیہ کے راستہ نہیں بتائے ہیں۔ اور قدم مبارک اپنا دائرہ عزیمت سے باہر نہیں رکھے ہیں۔ انتہا دوسروں کی ابتدا میں اونہوں کے شریک ہے۔ شروع عالم امر سے فرمائے ہیں۔ عالم خلق کے تئیں ضمن میں اس کے صاف کئے ہیں۔ سفر بیچ وطن کے مقرر کئے ہیں۔ خلوت بیچ انجمن کے حاصل کئے ہیں۔ حضور اور آگاہی وقت رکھتے ہیں۔ سوائے ذات مجردہ کے خواہاں دوسرے کے نہیں ہیں۔ دریائے محبت میں ڈوبے ہوئے ہیں خصوصًا اس زمانے میں زینت عالمین کے اور قوت فاضلین کے۔ راہ بتانے والے سالکین کے۔ اور پیشوا عارفین کے۔ دلیل متکلمین کے۔ اور نگینہ خاتم شرع متین کے۔ مقدم راہ یقین کے۔ نور طریقت کے۔ محور حقیقت کے۔ شہسوار میدان معرفت کے۔ آفتاب طریقہ نقشبندیہ کے۔ مہتاب نسبت شریفہ احراریہ کے فیض پہنچانے والے مقامات مجددیہ کے۔ اور بتانے والے کرامات مظہریہ کے۔ خلفاؤں سے قطب الاقطاب فرد الافراد حضرت شاہ عبداللہ المعروف بہ غلام علی شاہ دہلویہ کے۔ شیخ میرے مرشد میرے ہادی میرے حضرت شاہ سعد اللہ صاحب قبلہ دام اللہ ظلالہم صحبت شریف پہنچانے والی جمعیت کو نظر شریف اٹھانے والی غیریت کو باطنًا حضرت شاہ نقشبند اور مجدد الف ثانی ہیں ظاہرًا جسم سے اپنے فانی ہیں۔ خوشا نصیب اونہوں کے کہ کمر ارادت کی باندھی اور حلقۂ غلامی کے تئیں کان میں اپنے ڈالے۔ اور بجان و دل نعلین برداری کئے۔ نعمت باطنی کامل کئے۔ عیش ابدی حاصل کئے۔ الٰہی اس غریب اور فقیر کے تئیں کہ نام اس کا محمد نعیم ہے اور مردود ساتھ مسکین شاہ کے ہے

نعلین برداری میں ممتاز کر اور فرمانبرداری میں سرافراز کر آمین یا رب العالمین و
صلی اللہ تعالے علیٰ خیر خلقہٖ سیدنا محمدؐ و آلہٖ و اصحابہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین

تمت

ومن ارشادہ الشریف لمد اللہ تعالے علی رؤس لمخادمین ظلہم العالی ما کر رب الایام و اللیالی

نامرادی مراد اپنی ہے
خوب سمجھو یہ بات اپنی ہے

دل مقابل وجوب کے اپنا
فی الحقیقت ثبات اپنی ہے

قم باذنی و قم باذن اللہ
جان جاناں نہ بات اپنی ہے

ہے مخالف یہ نفس آمارہ
آہ اس میں حیات اپنی ہے

جبہہ سائی در محمدؐ کی
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم
شاد بادا نجات اپنی ہے

ہے خیال وجود میں مسکین
عدم محض ذات اپنی ہے

تمام شد

عقائد ضروریہ

مسائل ضروریہ فی الصلوٰۃ المفروضہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط

الحمد للہ رب العلمین الصلوٰۃ والسلام علی خیر المرسلین محمد وعلی آلہ واصحابہ اجمعین ۰

بعد حمد وصلوٰۃ کے جان کہ فرائض اور واجبات اور سنتیں اور مستحبات نماز کے نا جان کر نماز پڑھنے سے نماز کامل نہیں ہوتی ہے اس واسطے فقیر مسکین نے بیچ اس مختصر کے ساتھ سہل طریق کے بیان کیا ہے لازم ہے ہر مسلمان کو کہ موافق اس کے یاد کر کر عمل کرے تاکہ درستی نماز ہو کر خوبی آخرت پیدا ہووے۔

غسل کے تین ۳ فرض

پہلا ۱ فرض غرارہ کرنا۔ دوسرا ۲ فرض ناک میں پانی لینا۔ تیسرا فرض سر سے پاؤں تک تمام بدن دھونا۔

غسل کے پانچ ۵ سنتیں

پہلی ۱ سنت دونوں ہاتھ پہنچوں تک دھونا۔ دوسری ۲ سنت جسم کو کہیں نجاست لگی ہو دھونا۔ تیسری ۳ سنت استنجے پاکخانے کی جائے دھونا۔ چوتھی سنت وضو کرنا۔ پانچویں سنت تمام بدن سر سے پاؤں تک تین مرتبہ دھونا۔

وضو کے ۴ چار فرض

پہلا فرض تمام منہ دھونا۔ دوسرا فرض دونوں ہاتھ کہنیاں تک دھونا۔ یعنے کہنیاں بھی دھونا۔ تیسرا فرض پاؤ سر کا مسح کرنا۔ چوتھا فرض دونوں پاؤں ٹخنوں تک دھونا۔ یعنے ٹخنے بھی دہونا

وضو کے ۱۳ تیرہ سنتیں

پہلی سنت — دونوں ہاتھ پہنچوں تک دھونا یعنی دونوں پہنچے بھی دھونا۔ دوسری سنت بِسۡمِ اللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ عَلٰی دِیۡنِ الۡاِسۡلَامِ بولنا۔ تیسری سنت نیت کرنا۔ یعنی نَوَیۡتُ اَنۡ اَتَوَضَّأَ لِرَفۡعِ الۡحَدَثِ وَلِاسۡتِبَاحَۃِ الصَّلٰوۃِ دل سے بولنا۔ چوتھی سنت تین بار کلیاں کرنا۔ پانچویں سنت مسواک کرنا۔ چھٹی سنت ناک میں پانی لینا۔ ساتویں سنت داڑھی کا خلال کرنا۔ آٹھویں سنت تمام سر کا مسح کرنا۔ نویں سنت کانوں کا مسح کرنا۔ دسویں سنت سیدھے طرف سے دہونا۔ گیارہویں سنت ترتیب سے دھونا۔ بارھویں سنت ہات اور پاؤں کے انگلیوں کا خلال کرنا۔ تیرہویں سنت ہر اعضا کو تین تین مرتبہ دھونا۔ جاننا کہ مسح گردن کا مستحب ہے۔

آگے وضو کے ۲ دو سنتیں ہیں

ایک سنت پیچھے پیشاب کے اور پیچھے پاخانہ کے ڈھیلے لینا۔ دوسری سنت پانی سے دھونا۔

وضو کے چھ مکروہ

پہلا مکروہ وقت استنجے کے بات کرنا۔ دوسرا مکروہ بائیں ہاتھ سے بیغیر منھ میں اور ناک میں پانی لینا۔ تیسرا مکروہ ہے سیدھے ہاتھ سے بیغیر ناک چھینکنا۔ چوتھا مکروہ پانی اوپر منھ کے زور سے مارنا۔ پانچواں مکروہ کلیاں جان بوجھ کر بیچ پانی کے کرنا۔ چھٹا مکروہ ناف سے گھٹنے تک اپنا بدن تھوڑا یا بہت بیچ وضو کے دکھنا

وضو گیارہ چیزوں سے ٹوٹتا ہے

پہلی چیز پیشاب کے جائے سے کچھ نکلنا۔ دوسری چیز پائخانے کی جائے سے کچھ نکلنا۔ تیسری چیز کسی جائے سے لہو بہنے موافق نکلنا۔ چوتھی چیز کسی جائے سے پیپ بہنے موافق نکلنا۔ پانچویں چیز قے منھ بھر کر نکلنا۔ چھٹی چیز ٹیکا لگا کر سونا۔ ساتویں چیز دیوانہ ہونا۔ آٹھویں چیز کسی آزار سے بیہوش ہونا۔ نویں چیز نشہ سے بیہوش ہونا۔ دسویں چیز ننگا ہو کر ننگی عورت کو لپٹنا۔ گیارہویں چیز نماز میں بالغ نے پکار کر ہنسنا۔

تیمم میں تین فرض

پہلا فرض نیت کرنا نَوَیْتُ اَنْ اَتَیَمَّمَ لِرَفْعِ الحَدَثِ وَلِاِسْتِبَاحَةِ الصَّلٰوۃِ دوسرا فرض دونوں پنجے پاک مٹی پر مار کر اوپر منہ کے ملنا۔ تیسرا فرض پھر دونوں پنجے مٹی پر مار کر دونوں ہاتھوں کو کہنیوں تک ملنا۔

نماز کے چودہ فرض سات فرض باہر کے

پہلا فرض تن پاک کرنا۔ دوسرا فرض جامہ پاک کرنا۔ تیسرا فرض جائے پاک کرنا۔

چوتھا فرض ستر عورت کرنا۔ پانچواں فرض وقت پہچاننا۔ چھٹا فرض قبلہ پہچاننا۔ ساتواں فرض نیت کرنا۔

سات فرض اندر کے

پہلا فرض تکبیر تحریمہ بولنا۔ دوسرا فرض قیام کرنا تیسرا فرض قرأت پڑھنا۔ چوتھا فرض رکوع کرنا۔ پانچواں فرض دو سجدہ کرنا۔ چھٹا فرض قاعدہ آخر کا بیٹھنا ساتواں فرض بعد قاعدہ آخر کے اپنے اختیار سے نماز سے باہر ہونا۔

نماز کے بارہ ۱۲ واجب

پہلا واجب سورۂ فاتحہ پڑھنا۔ دوسرا واجب ضم سورہ کرنا۔ تیسرا واجب فرض نماز کے دو رکعت اوّل میں قرأت پڑھنا۔ چوتھا واجب فجر اور مغرب اور عشا میں پکار کر پڑھنا۔ پانچواں واجب ظہر اور عصر میں آہستہ پڑھنا۔ چھٹا واجب ترتیب سے رکن ادا کرنا۔ ساتواں واجب آرام سے رکن ادا کرنا۔ آٹھواں واجب نماز فرض میں اور وتر میں بیچ کا قاعدہ بیٹھنا۔ نواں واجب دونوں قاعدوں میں اَلتَّحِیَّات عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ تک پڑھنا۔ دسواں واجب لفظ سلام بولکر نماز کے باہر ہونا۔ گیارہواں واجب وتر میں دعا قنوت پڑھنا۔ بارہواں واجب ہر نماز میں عید کے چھ تکبیریں بولنا۔

نماز کے بیس ۲۰ سنتیں

پہلی سنت دونوں ہاتھ مرداں کا کانوں تک، اور عورتیں مونڈھوں تک اٹھانا۔ دوسری سنت نیچے ناف کے مرداں اور عورتیں اوپر چھاتی کے رکھنا۔ تیسری

سنت سیدھا ہاتھ اوپر بائیں کے رکھنا۔ چوتھی سنت نظر جائے سجدہ پر رکھنا۔ پانچویں سنت سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ پڑھنا۔ چھٹی سنت اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ بولنا۔ ساتویں سنت بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سے الحمد شروع کرنا۔ آٹھویں سنت آخر میں الحمد کے آمین بولنا۔ نویں سنت رکوع میں تین مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ بولنا۔ دسویں سنت امام رکوع سے سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ کہتے ہوئے اُٹھنا۔ گیارہویں سنت مقتدیان رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ بولنا۔ بارہویں سنت سجدہ میں تین مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى بولنا۔ تیرہویں سنت تمام تکبیریں اُٹھنے اور بیٹھنے کے بولنا۔ چودھویں سنت فرض کے دو رکعت آخر میں فقط الحمد کا سورہ پڑھنا۔ پندرہویں سنت مردان بائیں پاؤں پہ اور عورتیں دونوں پاؤں سیدھے طرف نکال کر چوتڑوں پہ بیٹھنا۔ سولھویں سنت بیچ قاعدہ کے نظر گود میں رکھنا۔ سترھویں سنت سر پا ہاتھ پاؤں کے انگلیوں کا وقت سجدے کے اور وقت قاعدے کے طرف قبلہ۔ اٹھارہویں سنت درود قاعدہ آخر میں بعد التحیات کے پڑھنا۔ انیسویں سنت بعد درود کے کچھ دعا ماثورہ دین میں مانگنا۔ بیسویں سنت وقت سلام کے سیدھے اور بائیں طرف منھ پھیرنا۔

نماز کے انیس ۱۹ مکروہ

پہلا مکروہ سیدھے اور بائیں طرف دیکھنا۔ دوسرا مکروہ پیشانی سے مٹی یا غبار پونچھنا۔ تیسرا مکروہ پگڑی کے پھیرے پر یا ٹوپی پر سجدہ کرنا۔ چوتھا مکروہ باوجود کپڑوں کے اور پگڑی ٹوپی کے ننگے آنگ اور ننگے سر نماز پڑھنا۔ پانچواں مکروہ سر یا کاندھوں پر کپڑا ڈال کر دونوں پلو لٹکے ہوں نماز پڑھنا۔ چھٹا مکروہ ہاتھ کمر پر رکھ کر کھڑے رہنا۔ ساتواں مکروہ جماعت سے جدا کھڑے رہنا۔ آٹھواں مکروہ بایاں ہاتھ سیدھے ہاتھ پہ رکھنا۔ نواں مکروہ انگلیاں ہاتھ اور پاؤں کے توڑنا۔ دسواں مکروہ آنکھیں اُٹھا کر آسمان کو دیکھنا۔ گیارہواں

مکروہ کپڑے سے یا کسی چیز سے کھیلنا۔ بارہواں[12] مکروہ جائے سجدہ کے کنکریوں کا نا۔ تیرہواں مکروہ بیچ سجدے کے کہنیاں زمین پر رکھنا۔ چودہواں[14] مکروہ تصویر جاندار کی چھت پر یا زمین پر یا بازو پر یا سامنے ہونا۔ پندرہواں[15] مکروہ نزدیک پائخانہ کے نماز پڑھنا۔ سولھواں[16] مکروہ سیدھے پاؤں پر بیٹھنا۔ سترہواں[17] مکروہ مانند عورتوں کے چوتڑوں پر بیٹھنا۔ اٹھارہواں[18] مکروہ آگے التحیات کے بسم اللہ پڑھنا۔ انیسواں[19] مکروہ جان بوجھ کر کوئی سنت نماز کی نہ کرنا۔

نماز بائیس[22] چیزوں سے ٹوٹتی ہے

پہلی[1] چیز کسی کو السلام علیکم بولنا۔ دوسری[2] چیز جواب سلام کا دینا۔ تیسری[3] چیز تھوڑی یا بہت بات کرنا۔ چوتھی[4] چیز واسطے دنیا کے رونا۔ پانچویں[5] چیز واسطے دنیا کے پکارنا۔ چھٹی[6] چیز واسطے دنیا کے اُف کرنا۔ ساتویں[7] چیز واسطے دنیا کے آہ بھرنا۔ آٹھویں[8] چیز کچھ کھانا۔ نویں[9] چیز کچھ پینا۔ دسویں[10] چیز کوئی بات کا جواب دینا۔ گیارہویں[11] چیز بیہودہ کھنکارنا۔ بارہویں[12] چیز اللہ سے دنیا کی مراد مانگنا۔ تیرہویں[13] چیز منہ طرف سے قبلہ کے پھیرنا۔ چودھویں[14] چیز نماز کا کوئی رکن نہ کرنا۔ پندرہویں[15] چیز قرارت نہ پڑھنا۔ سولھویں[16] چیز ناف سے گھٹنے تک اکثر عضو کا کھلنا۔ سترہویں[17] چیز کلام اللہ دیکھ کر پڑھنا۔ اٹھارہویں[18] چیز اپنے امام کے سوائے دوسرے کو بتانا۔ انیسویں[19] چیز ایک رکن میں تین حرکت کرنا۔ بیسویں[20] چیز دونوں ہاتوں سے ایک مرتبہ کچھ کام کرنا۔ اکیسویں[21] چیز ایسی حرکت کرنا کہ دوسرا دیکھنے والا سمجھے کہ نماز میں نہیں ہے۔ بائیسویں[22] چیز خندہ کرنا یعنی اپنی ہنسی کا آواز آپ سننا۔ جان کہ رات دن میں سترہ[17] رکعت نماز پڑھنا فرض ہے۔ دو رکعت فجر میں چار رکعت ظہر میں۔ چار رکعت عصر میں۔

تین رکعت مغرب ہیں۔ چار رکعت عشا ہیں تین رکعت واجب الوتر ہیں۔
جان کہ دن رات میں بارہ رکعت نماز پڑھنا سنت موکدہ ہے۔ دو رکعت فجر
میں چھے رکعت ظہر ہیں۔ دو رکعت مغرب ہیں دو رکعت عشا ہیں۔

اس طرح سے التحیات بیچ قاعدوں کے پڑھنا

اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالطَّیِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ
وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصّٰلِحِیْنَ
اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ
وَرَسُوْلُہٗ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ
عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ
بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی
اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَ
لِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْیَآءِ
مِنْھُمْ وَالْاَمْوَاتِ اِنَّکَ مُجِیْبُ الدَّعْوَاتِ بِرَحْمَتِکَ یَا
اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝

اس طور سے دعا قنوت بیچ واجب الوتر کے پڑھنا۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ وَنَسْتَغْفِرُکَ وَنُؤْمِنُ بِکَ وَنَتَوَکَّلُ

عَلَيْكَ وَنُثْنِي عَلَيْكَ الْخَيْرَ وَنَشْكُرُكَ وَلَا نَكْفُرُكَ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُكُ مَنْ يَفْجُرُكَ اَللّٰهُمَّ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَلَكَ نُصَلِّي وَنَسْجُدُ وَإِلَيْكَ نَسْعٰى وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْ رَحْمَتَكَ وَنَخْشٰى عَذَابَكَ إِنَّ عَذَابَكَ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌ ۞

بعد نماز کے یہ دعا پڑھنا

اَللّٰهُمَّ أَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ وَإِلَيْكَ يَرْجِعُ السَّلَامُ حَيِّنَا رَبَّنَا بِالسَّلَامِ وَأَدْخِلْنَا دَارَ السَّلَامِ تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ -

بعد اذان کے یہ دعا پڑھنا

اَللّٰهُمَّ رَبَّ هٰذِهِ الدَّعْوَةِ التَّامَّةِ وَالصَّلٰوةِ الْقَائِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۞

بیان غسل میت کا

مستحب ہے کہ نہلانے والا میت کا خویش نزدیک کا ہووے یعنی باپ یا بھائی یا بیٹا ہووے اور باوضو ہووے اگر اسے علم نہلانے کا نہیں ہے

دوسرا کوئی پرہیزگار نہلاوے۔ پہلے عود تختے کو دلا کر میت اوپر اس کے سلا کر
تمام کپڑے اس میت کے اتار کر لنگی ناف سے گھٹنے تک ڈھانپ کر نہلانا شروع کرے
اور سوائے نہلانے والوں کے دوسرے نہ دیکھیں۔ نہلانے تک عود جلاوے
اور غفرانک یا رحمٰن بولتے رہوے۔ بیر کی پتی ڈال کر پانی گرم کرے۔
اگر نہ ملیں سادہ پانی کفایت کرتا ہے۔ پہلے ایک ڈھیلے سے استنجے کی جائے
کو صاف کرنے بعد تین یا پانچ یا سات ڈھیلے سے پاخانے کی جائے کو صاف
کر کر کپڑا ہاتھوں کو لپیٹ کر استنجے پاخانے کی جائے دھو کر وضو کراوے بغیر منھ
میں اور ناک میں پانی ڈالنے کے لاکن مستحب ہے کہ کپڑا گیلا انگلی پر لپیٹ کر دانتوں
پر پھراوے۔ اور سوراخ ناک کے اسی طور سے صاف کرے۔ بعد وضو کے اگر
بال داڑھی کے اور سر کے ہوویں لعاب چھال گلخیرو کے دہووے۔ وگرنہ صابن
کفایت کرتا ہے۔ بعدہٗ کروٹ کرے اوپر بائیں مونڈھے کے اور دھووے
سیدھا طرف تمام اس کا اس طور سے کہ پانی تختے تک پہنچے۔ بعد اس کے
کروٹ کرے اوپر سیدھے مونڈھے کے۔ اور دھووے بایاں طرف تمام اس کا
بعدہٗ ٹیکا پیچھے دیکر آہستہ پیٹ ملے۔ اگر پاخانے یا پیشاب کی جائے سے
کچھ نکل آوے اسے دھووے پھر دوبارہ وضو نہ کراوے۔ اگر میت پھولی ہو
فقط پانی پیٹ پر ڈالے بعد اس کے موافق ترتیب سابق کے تین مرتبہ کروٹ
کرے۔ ہر کروٹ میں تین تین یا پانچ پانچ یا سات سات مرتبہ پانی ڈالے۔
جانکہ کر زیادہ سات مرتبہ سے کراہیت ہے۔ بعد غسل کے کفن پہناوے۔
ایسے کپڑے کا کہ عید اور جمعہ کو پہنتا تھا۔ جان کہ مرد کو کفن سنت تین کپڑے
ہیں ایک نام کفنی دوسری ازار تیسری لفافہ۔ کفنی گلے سے ٹخنوں تک ازار اور
لفافہ سر سے پاؤں تک۔ اور عورتوں کو پانچ کپڑے سوائے ان تینوں کے

دو کپڑے اور ہیں ۔ ایک سربند دوسرا سینہ بند ۔ درازی سربند کے
دو گز شرعی اور چوڑائی ایک بالشت درازی سینہ بند کی تین گز اور چوڑائی
بغل سے ران تک ۔ اگر کفن سنت نہ ملے مرد کو کفن کفایت دو کپڑے ایک
ازار دوسرے لفافہ اور عورت کو تین کپڑے ایک کفنی دوسرے ازار اور
تیسرا لفافہ اور یہ بھی نہ ملے کفن ضرور جتنا کہ پاوے دیوے ۔ اگر کفن مطلق نہ
ملے میت کو بیچ گھاس خوشبو کے یعنی روسہ کے لپیٹے ۔ چانکہ پہلے لفافہ بیچ اس
کے ازار اوپر اس کے کفنی بچھا کر میت اوپر اس کے سلا کر خوشبو لگا دے ۔ یعنی
عطر ملے ۔ بعدہٗ کافور سات جگہ لگا دے ۔ ایک پیشانی دو ہتھیلیاں دو گھٹنے
دو پنجے پاؤں کے بعدہٗ پہلی ازار بائیں طرف سے پیچھے سیدھے طرف سے
لپیٹ کر بعد اس کے لفافہ اسی طور سے لپیٹے ۔ بعدہٗ تین جائے باندھے ۔ ایک
اوپر سر کے ۔ دوسرا بیچ کمر کے ۔ تیسرا نیچے پاؤں کے اور عورتوں کو بعد کفنی پہنانے
کے بال سر کے دو حصے کر کے چھاتی پر ڈال کر پیچھے اس کے سربند یعنی دامنی
اوپر سر کے اوڑھا کر دونوں پلوں سے دونوں طرف کے بال لپیٹے پیچھے اس کے
سینہ بند پیچھے اس کے لفافہ لپیٹ کر تین جائے باندھے ۔ اور نماز موافق شریعت
لکھے ہوئے کے پڑھے ۔ جان کہ نیت نماز جنازہ فرض ہے ۔ اگر جنازہ مرد کا ہے
برابر سینے کے کھڑے رہوے اگر جنازہ عورت کا ہے برابر سر کے کھڑے رہوے
اور نیت یوں کرے ۔ نماز پڑھتا ہوں میں اس جنازہ کی ساتھ چار تکبیروں کے اور
دعا واسطے اس میت کے اگر امام ہووے پیچھے اس امام کے بولے واسطے
اللہ تعالےٰ کے اللہ اکبر بول کر ہاتھ باندھے ۔ بعد اس کے ثنا پڑھے یعنی سُبْحَانَكَ
اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ
وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ پڑھے ۔ بعد اس کے پھر بغیر ہاتھ اٹھانے کے اللہ اکبر بول کر

درود کہ بیچ التحیات کے ہے تمام پڑھے۔ پھر بغیر ہاتھ اُٹھانے کے اللہ اکبر بول کر یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَمَیِّتِنَا وَشَاھِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِیْرِنَا وَکَبِیْرِنَا وَذَکَرِنَا وَاُنْثَانَا اَللّٰھُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَہٗ مِنَّا فَاَحْیِہٖ عَلَی الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّیْتَہٗ مِنَّا فَتَوَفَّہٗ عَلَی الْاِیْمَانِ بعد اس دعا کے پھر اللہ اکبر بول کر سلام پھیرے۔ نماز جنازہ تمام ہوئی۔ اگر جنازہ لڑکے کا ہے یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ لَنَا فَرَطًا وَاجْعَلْہُ لَنَا اَجْرًا وَذُخْرًا وَاجْعَلْہُ لَنَا شَافِعًا وَّمُشَفَّعًا اور جنازہ لڑکی کا ہے تو یوں پڑھے اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا لَنَا فَرَطًا وَاجْعَلْھَا لَنَا اَجْرًا وَذُخْرًا وَاجْعَلْھَا لَنَا شَافِعَۃً وَّمُشَفَّعَۃً۔

بیان روزے ماہ رمضان المبارک کا

جان کہ روزے تمام ماہ رمضان کے اور نیتیں اُن کے فرض کے ہیں نیت یہ ہے نَوَیْتُ اَنْ اَصُوْمَ غَدًا فَرْضًا مِّنْ شَھْرِ رَمَضَانَ الْمُبَارَکِ لِلّٰہِ تَعَالٰی یا یوں کہے روزہ رکھتا ہوں میں فرض اس ماہ رمضان کا واسطے اللہ تعالےٰ کے۔ جان کہ بعد آدھی رات کے ساتواں حصہ رات کا رہے تک سحر کرنا سنت ہے۔ ساتواں حصہ رات کا چار گھڑی ہوتی ہے۔ بعضے دراز راتوں میں سوا یا ساڑھے چار گھڑی ہوتی ہے۔ لاکن قریب ساتویں حصے کے کھانا کھانے سے سنت نبی صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم بخوبی ادا ہوتی ہے پس وہاں سے کہ صبح صادق شروع ہے آفتاب ڈوبے تک تین چیزیں حرام ہیں۔ ایک چیز کچھ کھانا۔ دوسری چیز کچھ پینا۔ تیسری چیز جماع کرنا۔ جب یقین ہوا کہ آفتاب ڈوبا مختار ہے کسی چیز سے افطار کرے کہ وقت افطار کا ہے۔ نیت افطار کی شرط نہیں ہے۔ بلکہ فاتحہ پڑھے۔ اور شکر اللہ کا کرے

اور دعا مانگے کہ وقت قبولیت کا ہے۔ کوئی جان بوجھ کر بیچ روزہ کے ان تین چیزوں سے ایک چیز کیا یعنی کچھ کھایا یا کچھ پیا یا جماع کیا۔ اُس پر قضا اُس روزے کے اور کفارہ آیا۔ یعنی ایک غلام یا ایک باندی آزاد کرے اور ایک روزہ قضا کا رکھے۔ یا باندی غلام میسر نہیں ساٹھ غریبوں کو پیٹ بھر کھانا کھلاوے اور ایک روزہ رکھے۔ یا قدرت کھانا کھلانے کی نہیں ساٹھ روزہ پے در پے رکھے۔ اور روزہ قضا کا رکھے۔ اگر کوئی مٹی کنکرے یا موتی یا سیپی سولے ان کے جو چیز کہ نہیں کھانے کی ہے کھایا یا غرغرہ کیا یا ہاتھ سے شہوت باہر نکالا۔ یعنی انزال کیا روزہ گیا۔ لاکن بغیر کفارہ کے قضا روزہ لازم پڑا۔ اور کسی نے بھولے سے پیٹ بھر کھایا تھوڑا پیٹ کھانا کھایا یا پانی پیا یا شہوت سے خود بخود چھوٹ گیا۔ یا خواب میں جماع سے انزال کیا روزہ نہیں گیا۔ اور اگر کسی نے کھانے کی چیزوں سے زبان پر رکھا لاکن حلق تک نہیں پہنچا روزہ مکروہ ہوا۔ یا کسی نے روٹی چابکر لڑکے کو کھلایا۔ وقت ضرور کے جائز آیا اور کسی نے حجامت کیا یعنی فصد لیا۔ جونکوں سے۔ سرنگیوں سے لہو نکالا یا سرمہ آنکھوں میں لگایا یا تیل سر میں ڈالا۔ یا خوشبو سونگا۔ ان تمام صورتوں میں روزہ نہیں گیا۔ اور کچھ گناہ نہیں ہوا۔

تمام شد رسالہ مسائل ضروریہ فی صلوٰۃ المفروضہ :۔ من تالیف فقیر حقیر محمد نعیم

بن محمد حفیظ

المعروف بمسکین شاہ

نقشبندی

الحیدرآبادی

قصیدۂ حکیمیہ قلم ارشاد رقم حضرت عالی الشان قبلۂ روحی فداہ مدظلہ و زاد فیضہ

ہیں فخرِ رسل انجمن آرائے مدینہ
کرّو بیان رکھتے ہیں تولائی مدینہ

وحدت میں فنا ہو دیں نہ کس طور سے اب ہم
رکھتے ہیں دل و جان سے تمنائے مدینہ

دریائے محبت میں سراپا ہے ڈوبا
جو دل سے ذرا دیکھیں تماشائے مدینہ

اے اہلِ نظر غور سے دیکھو تو ذرا تم
تصویر کا عالم ہے سراپائے مدینہ

اب صحو کو ہے تسلیم ہے اور دور سے آداب
جس روز سے ہم ہوگئے شیدائے مدینہ

لیجاؤں اگر سر کو فلک پر تو سزا وار
رہتا ہے میرے سر میں جو سودائے مدینہ

واللہ نظر حور پہ ہرگز نہ کریں ہم
ہے اپنے مقابل رخِ زیبائے مدینہ

یثرب کے ہر ایک ذرے میں محبوب کا دیدار
رشکِ چمنِ طور ہے ہاں جائے مدینہ

ہر ذرہ ممکن کا مفر یثرب و بطحا
مولائے جہاں ہے مرا مولائے مدینہ

مسکین کی اب خاک کو اے بادِ صبا تو
لیجا کے فنا کردے بصحرائے مدینہ

ہم عاصیاں شفاعت احمد سے جائیں گے
ٹھنڈی ہوا بہشت کی کیا خوب کھائیں گے

دیدار مصطفیٰ پہ میری جان ہے فدا
صدقے سے اُن کے رویت جاناں کو پائینگے

مثل پدر ہے فاطمہ زہرا کی ہم پہ مہر
دستِ حسین سر پہ غریبوں کے لائینگے

ہمکو حضورِ تام سے آگر کرے خدا
پھولوں نہ اپنے جسم میں پھر ہم سمائیں گے

یارب تو فضل بد سے یہ مسکین کو بچے
جنت میں وہ ہمارے نہیں ساتھ آئیں گے

(ختم شد)

رسالۂ فقہ

موسوم بہ

صورتِ نماز

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ خیر المرسلین محمد وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ اجمعین ٥ بعد حمد وصلوٰۃ کے بوجھ کر جاننا فرض کا اوپر عاقل وبالغ کے فرض ہے۔ اور جاننا واجب کا واجب اور جاننا سنت کا سنت اور جاننا مستحب کا مستحب ہے۔ فرض اللہ تعالیٰ کے حکم کو کہتے ہیں۔ اور واجب بھی اسی کا حکم ہے اور سنت جس کام پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ہمیشگی فرماتے ہیں اس کو کہتے ہیں۔ اور مستحب جو کام بیچ عبادت کے ہووے اُسے کہتے ہیں۔ اگرچہ تعریف ہر ایک کی بیچ بڑے جلدوں کے مکتوب ہے لیکن یہ واسطے فہم لڑکوں کے خوب ہے۔ بوجھ ثابت کرے تیرے تئیں اللہ تعالیٰ اوپر راہ مستقیم کے۔ اس بات کو کہ ایمان چھ چیزوں کے یقین کرنے کو کہتے ہیں۔ پہلے اللہ تعالیٰ کی واحدانیت کا یقین کرنا یعنی نہیں ہے دوسرا شریک اُوسے۔ دوسرا فرشتوں کا یقین کرنا کہ مخلوق نورانی ہیں۔ اور ہمیشہ عبادت بیچ الٰہی ہیں۔ تیسرا انبیاؤں کا یقین کرنا کہ واسطے راہ بتانے آدمیوں کے بھیجے ہوئے اللہ تعالیٰ کے ہیں۔ چوتھا

کتابوں کا یقین کرنا۔ کہ یہ کلام اللہ تعالےٰ کا اوپر اُن نبیوں کے اُترا ہے۔
پانچواں تقدیر کا یقین کرنا۔ کہ نیکی اور بدی رنج اور راحت اللہ تعالےٰ سے ہے
چھٹا قیامت کے دن کا یقین کرنا کہ لوگ اُٹھیں گے اور اپنے اپنے اعمال کی جزا پاوینگے
خوب سمجھ کہ ایمان قائم ہونے کے پانچ تھم ہیں۔ پہلا زبان سے لا الٰہ
اِلّا اللّٰہ محمّد الرّسُولُ اللّٰہِ کہنا ہے۔ دوسرا نماز ہے۔ تیسرا روزہ ہے
چوتھا زکوٰۃ ہے۔ پانچواں حج ہے۔ اب فرائض اور واجبات اور سنتیں
ان سب کی ساتھ سہل طریق کے بیان کئے جاتے ہیں۔ اللہ تعالےٰ اپنے فضل
سے سب اہل اسلام کو یاد کرنے کی ہدایت دیوے۔ تاکہ مضبوطی ایمان کی ہووے
اور دو چیزیں کہ عین ایمان ہیں ایماندارں کو نصیب کرے ایک تو وحدانیت
اللہ جل جلالہٗ کی دُوسرے محبّت رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی
الٰہی طفیل سے اہل ایمان کے اس مسکین کو دریاے احدیت اور
دریاے عشق احمدیت میں غرق کرے آمین ثم آمین۔ بیت:۔

محمدؐ سے ملے وحدت خدا کی ॥ الٰہی دے محبّت مصطفیٰ کی

غسل کے تین فرض

غسل کے تین فرض ہیں ✤ پہلا فرض غرارہ کرنا دوسرا فرض ناک میں پانی
لینا۔ تیسرا فرض تمام بدن کو دہونا۔ غسل کے ۵ سُنتیں پہلی سنّت دونوں

غسل کے پانچ سنت

ہاتھ پہنچوں تک دھونا۔ دوسری سنت جسم کو کہیں نجاست لگی ہو دھونا۔
تیسری سنت استنجے پاخانے کی جائے دھونا۔ چوتھی سُنّت وضو کرنا۔
پانچویں سنت تمام بدن تین مرتبہ دھونا۔ وضو کے چار فرض۔ پہلا فرض

وضو کے چار فرض

تمام منھ ہاتھ دھونا۔ یعنی پیشانی کے بال اُگنے کی جائے سے نیچے تک ٹھوڈی
کے اور ایک کان کی لولک سے دوسرے کان کی لولک تک دھونا۔ دوسرا
فرض دونوں ہاتھ کہنیاں تک دُہونا۔ یعنی کہنیاں بھی دُہونا۔ تیسرا فرض

وضو کی تیرہ سنتیں

پاؤ سر کا مسح کرنا۔ چوتھا[۴] فرض دونوں پاؤں ٹخنوں تک دھونا۔ یعنی ٹخنے بھی دھونا۔ وضو کے تیرہ[۱۳] سنتیں۔ پہلی سنت دونوں ہاتھ پہونچوں تک دھونا۔ دوسری[۲] سنت بِسْمِ اللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی دِیْنِ الْاِسْلَامِ یہ بولنا۔ اگر کسی کو یاد نہووے فقط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کفایت کرتا ہے۔ تیسری سنت نَوَیْتُ اَنْ اَتَوَضَّأَ لِرَفْعِ الْحَدَثِ وَلِاسْتِبَاحَةِ الصَّلٰوةِ بولنا۔ اگر کوئی عربی بول نہ سکے تو یہ بولنا۔ وضو کرتا ہوں میں واسطے دور ہونے حدث کے۔ اور واسطے درستی نماز کے سنت ادا ہوتی ہے۔ چوتھی[۴] سنت کلیاں کرنا۔ پانچویں[۵] سنت مسواک کرنا۔ چھٹی[۶] سنت ناک میں پانی لینا۔ ساتویں[۷] سنت ڈاڑھی کا خلال کرنا۔ آٹھویں[۸] سنت تمام سر کا مسح کرنا۔ نویں[۹] سنت کانوں کا مسح کرنا۔ دسویں[۱۰] سنت سیدھی طرف سے دھونا۔ یعنی پہلے سیدھا سیدھا پیچھے بایاں دھونا۔ گیارھویں[۱۱] سنت ترتیب سے دھونا یعنی پہلے منہ پیچھے ہاتھ بعد مسح سر کے پاؤں دھونا۔ بارھویں[۱۲] سنت ہر ہر اعضا کو تین تین مرتبہ دھونا یعنی ہر ہر کسے کو ہاتھ اور پاؤں کے۔ تیرھویں[۱۳] سنت ہاتھ اور پاؤں کی انگلیاں کا خلال کرنا۔ جان کہ مسح گردن کا مستحب ہے لازم ہے کہ مسح سر کا اور کان کا ایک پانی سے کرے اور واسطے مسح گردن کے دوسرا پانی لیوے (لیوتہ) کہ آگے وضو کے دو سنتیں ایک سنت پیچھے پیشاب کے اور پیچھے پاخانے کے ڈھیلے لینا دوسرے[۲] سنت پانی لینا یعنی پانی سے دھونا۔

وضو کی ۲ دو سنتیں

وضو کے چھ مکروہ ہیں

پہلا مکروہ وقت استنجے کے بات کرنا۔ دوسرا مکروہ بائیں ہاتھ سے

سیدھے منھ میں اور ناک میں پانی لینا۔ تیسرا مکروہ سیدھے ہاتھ سے سینڈ ناک چھینکنا۔ چوتھا مکروہ پانی اوپر منھ سے زور سے مارنا۔ پانچواں مکروہ کلیاں جان بوجھ کر بیچ پانی کے کرنا۔ چھٹا مکروہ ناف سے گھٹنے تک اپنا بدن تھوڑا یا بہت بیچ وضو کے دیکھنا۔

وضو گیارہ چیزوں سے ٹوٹتا ہے

پہلی چیز پیشاب کی جائے سے کچھ نکلنا یعنی پیشاب یا مذی یا وذی یا منی بے شہوت نکلے۔ دوسرے چیز پاخانہ کے جائے سے کچھ نکلنا۔ یعنی پاخانہ یا ہوا یا کدو دانہ کیڑا نکلے۔ تیسری چیز کسی جائے سے لہو بہنے موافق نکلنا۔ چوتھی چیز کسی جائے سے پیپ بہنے موافق نکلنا۔ پانچویں چیز قے منھ بھر کر نکلے۔ چھٹی چیز ٹیکہ لگا کر سونا۔ ساتویں چیز دیوانہ ہونا۔ آٹھویں چیز کسی آزار سے بے ہوش ہونا۔ نویں چیز نشہ سے بے ہوش ہونا۔ دسویں چیز ننگا ہو کر ننگی عورت کو لپٹنا۔ گیارہویں چیز نماز میں بالغ کے پکار کر ہنسنا۔ بوجہ کہ وقت نہ ہونے پانی کے اللہ جل جلالہ نے واسطے آسانی اُمت محمد صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم کے طہارت مٹی سے فرمایا ہے۔ نام اس طہارت کا تیمم ہے۔ یقین جان کہ یاں برابر طہارت پانی اور طہارت مٹی میں فرق نہیں ہے۔ کس واسطے کہ دونوں حکم اُسی اللہ جل جلالہٗ کے ہیں۔ تیمم کے آٹھ سبب ہیں۔ پہلا سبب پانی چو طرف کوس بھر تک دور ہوئے۔ دوسرا سبب کنواں ہووے ڈول رسی نہ ہووے۔ تیسرا سبب پانی کی جائے جان یا مال کا ڈر ہووے یعنی شیر یا چور رہووے۔ چوتھا سبب پانی والا قیمت سے پانی کے زیادہ مانگے۔ یعنی قیمت سے بستی والوں کے مسافروں سے زیادہ مانگے۔ پانچواں

پانچواں سبب وضو کرنے سے پیاسا ہووے۔ چھٹا سبب لگانے سے پانی کے ہاتھ پاؤں اکڑیں۔ ساتواں سبب لگانے سے پانی کے آزار زیادہ ہووے۔ آٹھواں سبب وضو کرنے سے عید یا میت کی نماز جاوے۔

تیمم کے تین فرض

پہلا فرض نیت کرنا نَوَیْتُ اَنْ اَتَیَمَّمَ لِرَفْعِ الْحَدَثِ وَلِاِسْتِبَاحَةِ الصَّلٰوۃِ اس طور سے کہہ نہ سکے تو یہ کہے نیت کرتا ہوں میں تیمم کی واسطے دور ہونے حدث کے اور واسطے درستی نماز کے۔ دوسرا فرض دونوں پنجے پاک مٹی پر مار کر اوپر منہ کے ملے۔ تیسرا فرض پھر دونوں پنجے مٹی پر مار کر دونو ہاتھوں کو کہنیاں تک ملے۔ جان کہ نماز کے چودہ فرض باہر کے سات فرض اندر کے باہر کے یعنی آگے نماز کے ادا کرنا۔ اندر کے یعنی بیچ نماز کے ادا کرنا۔

لازم کے چودہ فرض سات فرض باہر کے

سات فرض باہر کے۔ پہلا فرض تن پاک کرنا۔ یعنی احتیاج غسل کی ہو غسل کرنا۔ یا احتیاج وضو کی ہو وضو کرنا۔ سوائے ان دو کے کسی جائے نجاست لگی ہو تو پاک کرنا۔ دوسرا فرض جامہ پاک کرنا۔ یعنی کپڑے نماز پڑھنے کے پاک ہونا۔ تیسرا فرض جائے پاک کرنا۔ یعنی نماز پڑھنے کی جائے نجاست سے پاک رہنا چوتھا فرض ستر عورت کرنا۔ یعنی مرداں نیچے ناف کے نیچے تک گھٹنوں تک ڈھانپنا۔ اور عورتاں سوائے منہ اور سیوائے پنچے ہاتھوں پاؤں کے تمام بدن ڈھانپنا۔ اور باندیاں مانند مردوں کے ڈھانپنا۔ لاکن پیٹ اور پیٹھ بھی ڈھانپنا پانچواں فرض وقت پہچاننا یعنے وقت پانچوں نمازوں کا پہچاننا۔ چھٹا فرض قبلہ پہچاننا یعنے وقت نماز کے منہ طرف قبلہ کے کرنا۔ ساتواں فرض نیت کرنا یعنی نَوَیْتُ اَنْ اُصَلِّیَ صَلٰوۃَ ھٰذَا الْوَقْتِ اِقْتَدَیْتُ بِھٰذَا الْاِمَام

لِلّٰہِ تَعَالیٰ یا جو نماز ہووے نام اُس نماز کا بیچ جائے وقت کے بولے۔ کوئی زبان عربی نا سمجھے یوں کہے نماز پڑھتا ہوں میں فجر کی پیچھے اس امام کے واسطے اللہ کے اور رکعتیں ہر نماز کی بولے بہتر ورنہ دل میں تصور کرے اگر نمازی اکیلا ہے۔

نیت عربی میں اِقْتَدَیْتُ بِھٰذَا الْاِمَامِ۔ نیت ہندی میں پیچھے اس امام کے نہ بولے بیچ سنت اور نفل کے نماز پڑھتا ہوں میں واسطے اللہ تعالیٰ کے اتنا کفایت کرتا ہے۔ سات فرض اندر کے۔ پہلا فرض تکبیر تحریمہ ہے۔ یعنے بعد نیت کے اللہ اکبر بولے۔ دوسرا فرض قیام ہے یعنی بعد اللہ اکبر کے کھڑا ہووے۔ تیسرا فرض قرأت ہے یعنی کلام اللہ سے کچھ پڑھے۔ چوتھا فرض رکوع ہے۔ یعنی دونوں ہاتھوں سے دونوں گھٹنے پکڑ کے جھکے اور پیٹھ اور سر تختے کے برابر رکھے۔ پانچواں فرض سجدہ ہے۔ یعنے سات ٹکڑے بدن کے زمین پر رکھے۔ ایک سر اور دو پنجے ہاتھوں کے اور دو گھٹنے اور دو پنجے پاؤں کے۔ وآں کہ ناک شریک سر کے ہے۔ چھٹا فرض قاعدہ آخر ہے یعنی ہر نماز کے آخر میں موافق التحیات پڑھنے کے بیٹھے۔ ساتواں فرض بعد قاعدہ آخر کے اپنے اختیار سے باہر ہونا ہے۔ یعنی کچھ کام یا کلام کرے۔ نماز کے بارہ واجب پہلا واجب سورہ فاتحہ پڑھنا۔ یعنے الحمد کا سورہ پڑھنا۔ دوسرا واجب ضم سورہ کرنا یعنی بعد الحمد کے کلام سے کوئی سورہ پڑھنا۔ تیسرا واجب فرض نماز کی دو رکعت اول میں قرأت پڑھنا۔ چوتھا واجب پکار کر پڑھنا۔ یعنی بیچ فجر اور مغرب اور عشا کے۔ پانچواں واجب آہستہ پڑھنا یعنی بیچ ظہر اور عصر کے۔ چھٹا واجب ترتیب سے رکن ادا کرنا۔ یعنی پہلے قیام پیچھے رکوع پیچھے سجدہ کرنا۔ ساتواں واجب آرام سے رکن ادا کرنا۔ اس طور سے کہ ہر ٹکڑا ہاتھ پاؤں کا اپنے جائے پر آکر آرام پکڑے۔ آٹھواں واجب نماز

فرض میں اور وتر میں قاعدہ بیچ کا بیٹھنا۔ نواں[9] واجب دونوں قاعدوں میں التحیات تمام پڑھنا۔ یعنی وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ تک پڑھنا۔ دسواں[10] واجب لفظ سلام بولنا یعنی اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ سیدھے اور بائیں طرف بولکرنا زکے باہر ہونا۔ گیارہواں[11] واجب وتر میں قنوت پڑھنا۔ بارہواں[12] واجب ہر نماز میں عید کے چھ تکبیریں بولنا۔ یعنی پیچھے تکبیر تحریمہ کے تین تکبیریں بولکر قرارت شروع کرنا۔ اور دوسری رکعت میں بعد قرارت کے تین تکبیریں بولکر رکوع کرنا۔ جان کہ تکبیر اس رکوع کے واجب ہے۔ اور جو تکبیر کہ دو رکعت میں فرض کے قرارت پڑھنا فرض ہے۔ اور باقی رکعتوں میں مستحب ہے۔ اور تمام رکعتوں میں وتر اور سنت اور نفل کے قرارت فرض ہے اور قاعدہ بیچ کا سیوائے وتر کے فرض ہے۔

نماز کے بیس[20] سنتیں

پہلی سنت دونوں ہاتھ مرداں کا کانوں تک اور عورتاں مونڈوں تک اُٹھانا۔ دوسری سنت نیچے ناف کے مرداں اور عورتاں اوپر چھاتی کے رکھنا۔ تیسری سنت سیدھا ہاتھ اوپر بائیں کے رکھنا۔ چوتھی سنت نظر جائے پر سجدہ کے رکھنا۔ پانچویں سنت سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ پڑھنا۔ چھٹی سنت اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ بولنا۔ ساتویں سنت بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ سے الحمد شروع کرنا۔ آٹھویں سنت آخر میں الحمد کے آمین بولنا۔ نویں[9] سنت تین مرتبہ رکوع میں سُبْحَانَ

رَبِّیَ الْعَظِیْم بولنا۔ دسویں[10] سنت رکوع سے امام سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ کہتے ہوئے اٹھنا۔ گیارہویں[11] سنت مقتدیاں رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ بولنا۔ بارھویں[12] سنت تین مرتبہ سجدے میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی بولنا تیرھویں[13] سنت تمام تکبیریں اٹھنے کی اور بیٹھنے کی بولنا۔ چودھویں[14] سنت فرض کے دو رکعت آخر میں فقط الحمد کا سورہ پڑھنا۔ پندرہویں[15] سنت مرداں بائیں پاؤں پر اور عورتاں دونوں سیدھے طرف نکالکر چوتڑوں پر بیٹھنا۔ سولھویں[16] سنت بیچ قاعدہ کے نظر گود میں رکھنا۔ سترہویں[17] سنت سر ہاتھ پاؤں کی انگلیوں کا وقت سجدے کے اور قاعدہ کے طرف قبلہ کے رکھنا۔ اٹھارہویں[18] سنت درود قاعدہ آخر میں بعد التحیات کے پڑھنا۔ انیسویں[19] سنت بعد درود کے کچھ دعا ماثور دین میں مانگنا۔ بیسویں[20] سنت وقت سلام کے سیدھے اور بائیں طرف منھ پھیرنا۔

ترتیب نماز

ترتیب نماز جان کہ حاجت سے پیشاب اور پاخانہ کے فارغ ہوکر ساتھ درستی تمام کے فرضان اور سنتان وضو کے ادا کر کر دل سے خطرات ماسوائے اللہ جدا کر کر اوپر مصلے کے مانند غلام کے با ادب آکر با ادب کھڑا رہوے اور دونوں ہاتھوں کو دونوں جہان سے اٹھاکر دونوں کانوں تک لاکر نیت نماز کی کہے۔ بعدہٗ ساتھ لفظ اللہ کے دو لولک کو دونوں انگوٹھے لگاکر ساتھ عظمت وجلال کے تصور اپنے معبود کا کر کر ماننا۔ پیچھے ناف کے ہاتھوں کو لاکر نیچے ناف کے رسے پر اکبر کے باندھے۔ اس طرح سے کہ تین انگلیاں سیدھے ہاتھ کے بائیں ہاتھ پر رہویں۔ چھوٹی انگلی اور انگوٹھے سے پہونچا پکڑے۔ اور درمیان میں دونوں پاؤں کے فاصلہ چار انگلیوں کا رہوے۔ اور نظر جائے سجدے کے رہوے بعد اس کے ثنا اور اعوذ باللہ اور بسم اللہ پڑھکر سورۂ فاتحہ تمام کرے۔ اور آخر میں اس کے آمین بولے۔ بعدہٗ کوئی سورہ ضم کرے اور دل کو سوائے اللہ کے

کسی طرف نہ رکھے۔ یا طرف معنی یا لفظوں کے رکھے۔ پیچھے ختم سورہ کے اللہ اکبر
اس طور سے کہے کہ رے اکبر کا بیچ رکوع کے آخر ہووے وقت رکوع کے دونوں
پنجوں سے دونوں گھٹنے پکڑکر ہاتھوں کو مانند چلے کے سیدھے اور اور پیٹھ کو مانند
تختے کے رکھکر نظر بیچ پیر پاؤں کے رکھے۔ بیچ رکوع کے تین یا پانچ مرتبہ تسبیح کہہ
کر سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ بولتے ہوئے اٹھے۔ اور سیدھا مانند ستون
کے آرام سے موافق ایک تسبیح کے کھڑے رہووے۔ بعد اس کے ساتھ اللہ اکبر
کے سجدے میں جھکے کہ رے اکبر کا بیچ سجدے کے تمام ہووے۔ جان کہ
واسطے سجدے کے ایسا بیٹھے گویا کسی نے پتھر بیچ پانی کے مارا۔ اور طریق بیٹھنے
کا یہ ہے کہ پہلے سیدھا گھٹنا زمین پر رکھے پیچھے بایاں گھٹنا رکھے۔ بعدہٗ پہلے
سیدھا ہاتھ پیچھے بایاں ہاتھ رکھے۔ بعد اُن کے پہلے ناک پیچھے پیشانی رکھکر
نظر کو ناک یا گال پر رکھے۔ اور سر درمیان میں ہاتھوں کے ایسا رکھے کہ کنکر کان سے
گرے تو ہاتھوں پر پڑے۔ پیٹ کو رانوں سے اور بازو کو پسلیوں سے اور
پنڈلیاں اور کہنیاں کو زمین سے دور رکھے۔ اور عورتاں ان تمام کو ملا دیویں۔
نہایت عجز سے سجدہ کرے۔ بیچ سجدے کے تین یا پانچ مرتبہ تسبیح کہکر اللہ اکبر
بولتے ہوئے اٹھے۔ وقت اٹھنے کے پہلے پیشانی پیچھے ناک اٹھاوے۔ بعدہٗ
پہلے بایاں ہاتھ پیچھے سیدھا ہاتھ اٹھاکر درمیان میں دونوں سجدوں کے آرام
سے موافق ایک تسبیح کے بیٹھے۔ بعد اُس کے اسی طور سے دوسرا سجدہ کرے۔
بعد دوسرے سجدے کے پہلے بایاں گھٹنا پیچھے سیدھا گھٹنا اٹھاکر قیام میں کھڑے
رہووے۔ بوجھ کہ اس جاۓ ایک رکعت تمام ہوئی۔ اور دوسری رکعت مانند
رکعت اول کے پڑھکر قاعدے میں بیچ حضوری کے با ادب بیٹھے۔ اور نظر
گود میں رکھے۔ پنجوں کو ہاتھوں کے زانوؤں پر ایسا رکھے کہ سر انگلیوں کا گھٹنا پر

گھٹنوں کے رہو سے۔ اور انگلیاں آپس میں نہ ملی نہ بہت کشادہ رہو ہیں۔ طرف
قبلہ کے سر ہاتھ پاؤں کے انگلیوں کا رہو سے۔ بعد قاعدے کے التحیات
اس طور سے پڑھے۔ اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ اَلسَّلَا
مُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَ
عَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ
اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ
مَّجِيْدٌ ط اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ
عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط
اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ
وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَاءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ اِنَّكَ
مُجِيْبُ الدَّعَوَاتِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ط بعد اس کے
پہلے سیدھے طرف اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ پھر بائیں طرف سلام
بولے گردن پھیرا دے۔ وقت سلام کے اگر اکیلا ہے فرشتوں کے ساتھ کراماً کاتبین
کے نیت کرے اور اگر امام ہے مقتدیوں کے ساتھ فرشتوں کے اور مقتدیان
امام کے اور بازو والوں کے اور فرشتوں کی نیت کریں۔ اللہ تعالیٰ نماز
مومنوں کی اس طور سے ادا کروا دے۔ نماز میں انیس ۱۹ مکروہ ہیں۔ پہلا
مکروہ سینہ بائیں طرف دیکھنا دوسرا مکروہ پیشانی سے مٹی یا غبار پونچھنا۔
تیسرا مکروہ پگڑی کے پیچ پر یا ٹوپی پر سجدہ کرنا۔ چوتھا مکروہ باوجود
کپڑوں کے اور پگڑی ٹوپی کے ننگے آنگا اور ننگے سر نماز پڑھنا۔ پانچواں
مکروہ سر یا کاندھوں پر کپڑا ڈال کر دونوں پلو لٹکے ہوئے نماز پڑھنا۔

نماز میں انیس ۱۹ مکروہ ہیں

چھٹا مکروہ ہاتھ کمر پر رکھکر کھڑے رہنا۔ ساتواں مکروہ جماعت سے جدا
کھڑے رہنا۔ آٹھواں مکروہ بایاں ہات سیدھے ہاتھ پر رکھنا۔ نواں مکروہ
انگلیاں ہات پاؤں کے توڑنا۔ دسواں مکروہ آنکھیں اٹھاکر آسمان دیکھنا۔
گیارہواں مکروہ کپڑے سے یا کسی چیز سے کھیلنا۔ بارہواں مکروہ جاے سجدہ
کے کنکر سے صاف کرنا۔ تیرہواں مکروہ بیچ سجدے کے کہنیاں زمین پر رکھنا۔ چودہواں
مکروہ تصویر جاندار کی چھت یا زمین پر یا بازو میں یا سامنے ہونا۔ پندرھواں
مکروہ نزدیک پاخانے کے نماز پڑھنا۔ سولہواں مکروہ سیدھے پاؤں پر بے
عذر بیٹھنا۔ سترہواں مکروہ مانند عورتوں کے چوتڑوں پر بیٹھنا۔ اٹھارہواں
مکروہ آگے التحیات کے بسم اللہ پڑھنا۔ انیسواں مکروہ جہاں پر جگہ کوئی [illegible]
نماز کی [illegible]۔ [illegible] اگر اپنا [illegible] کیا وہ کافر ہوا۔

نماز باطل [illegible]

نماز باطل کرنے والی چیزوں کا بیان

پہلی چیز کوئی کلام قصداً یا بھول کر بولنا۔ دوسری چیز جواب سلام کا دینا۔ تیسری
چیز [illegible] بات کرنا۔ چوتھی چیز دنیا کے واسطے رونا۔ پانچویں چیز
[illegible] پکارنا۔ چھٹی چیز [illegible] آہ کرنا۔ ساتویں
چیز واسطے [illegible]۔ آٹھویں چیز کچھ کھانا۔ نویں چیز کچھ پینا۔
دسویں چیز کسی کو کوئی بات کا جواب دینا۔ گیارہویں چیز بے عذر کھنکارنا۔ بارہویں
چیز اللہ سے دنیا کی مراد مانگنا۔ تیرہویں چیز منہ طرف سے قبلہ کے پھیرنا۔
چودہویں چیز نماز کا کوئی رکن نکرنا یعنی قیام یا رکوع یا سجدہ چھوڑ دینا۔
پندرہویں چیز قرأت نہ پڑھنا یعنی کلام اللہ سے کچھ نہ پڑھنا۔ سولہویں چیز
ناف سے گھٹنے تک اکثر عضو کا کھلنا یعنی بہت سے ران یا پشت کھلنا

یا دوسرا بدن دیکھنا۔ سترہویں[۱۷] چیز کلام اللہ دیکھکر پڑہنا۔ اٹھارہویں[۱۸] چیز اپنے امام کے سیوائے دوسرے کو بتانا۔ اُنیسویں[۱۹] چیز ایک رکن میں تین حرکت کرنا۔ یعنی تمام قیام یا تمام رکوع یا دوسرے رکنوں میں ایک ہاتھ سے تین مرتبہ کچھ کام کرنا۔ یعنے پگڑی یا کپڑا درست کرنا۔ بیسویں[۲۰] چیز دونوں ہاتھوں سے ایک مرتبہ کچھ کام کرنا۔ اکیسویں[۲۱] چیز ایسی حرکت کرنا کہ دوسرا دیکھنے والا سمجھے نماز میں نہیں ہے۔ بائیسویں[۲۲] چیز خنداں کرنا۔ چانکہ ہنسنا تین[۳] قسم پر ہے ایک قہقہہ دوسرا خندہ تیسرا تبسم۔ قہقہہ وہ ہے کہ آواز ہنسنے والے کا بازو والا سنے اُس سے وضو جاتا ہے۔ خندہ وہ ہے کہ ہنسنے والا اپنا آواز آپ سُنے اُس سے نماز جاتی ہے۔ تبسم وہ ہے کہ آپ بھی نہ سُنے یعنی لبوں میں مسکرا دے اُس سے نہ وضو جاتا نہ نماز جاتی۔ بوجے کہ رات دن میں سترہ رکعت پڑہنا پڑہنا فرض ہے۔ فجر کو دو رکعت ظہر کو چار رکعت عصر کو چار رکعت مغرب کو تین رکعت۔ عشا کو چار رکعت۔ وقت فجر کا ابتداء صبح صادق سے آفتاب نکلنے تک ہے ابتدأً صبح صادق کی چار گھڑی رات سے ہوتی ہے لاکن روشنی ہوئی پر پڑہنا مستحب ہے۔ وقت ظہر کا ابتداء آفتاب ڈھلنے سے سایہ ہر شئے کا سیوائے سایۂ اصلی کے دو برابر ہوئی تک ہے۔ سایہ اصلی وہ کہ وقت سر پہ ہولنے آفتاب کے زمین پہ پڑے۔ جاڑوں کے دنوں میں سایہ اصلی طرف شمال کے پڑتا ہے۔ اور بعضے دنوں میں دھوپ کے نہیں پڑتا ہے لاکن سیوائے سایہ اصلی کے سایہ اول میں پڑہنا مستحب ہے۔ اور وقت عصر کا بعد دو سایہ کے آفتاب ڈوبنے تک ہے لاکن زرد ہوئے پر آفتاب کے پڑہنا کراہیت ہے۔ اور وقت مغرب کا بعد آفتاب ڈوبنے کے شفق ڈوبنے تک ہے۔ جان کہ بعد آفتاب ڈوبنے کے سرخی ہوتی ہے۔ بعد سرخی کے سفیدی

رات دن میں سترہ[۱۷] رکعت

بیان اوقات نماز

ہوتی ہے۔ اس سفیدی کو شفق کہتے ہیں۔ دو گھڑی رات تک شفق رہتی ہے۔
لاکن بہت تارے نکلنے پر پڑھنا کراہیت ہے۔ اور وقت عشا کا بعد سفیدی
ڈوبنے کے سفیدی تک صبح صادق کی ہے۔ لاکن چھ گھڑی رات سے پہر رات
تک پڑھنا مستحب ہے۔ جان کہ نماز عیدین کے اور جمعہ کی اور وتر کی واجب
ہے۔ نیت عیدین کی یہ ہے دو رکعت نماز واجب پڑھتا ہوں میں اس عید الفطر
کی یا اس عید الضحیٰ کی ساتھ چھ تکبیروں کے پیچھے اس امام کے واسطے اللہ تعالےٰ
کے۔ اور نیت جمعہ یہ ہے۔ دو رکعت نماز پڑھتا ہوں میں اس جمعہ کی بدلے میں
فرض ظہر کے پیچھے اس امام کے واسطے اللہ تعالےٰ کے۔ اور نیت وتر کی یہ ہے
تین رکعت نماز واجب الوتر کی پڑھتا ہوں میں واسطے اللہ تعالےٰ کے تیسری
رکعت میں بعد ضم سورہ کے دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھا کر تکبیر کہہ کر پھر ہاتھ
باندھے۔ بعدہٗ دعائے قنوت اس طور سے پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ
وَ نَسْتَغْفِرُکَ وَنُؤْمِنُ بِکَ وَ نَتَوَکَّلُ عَلَیْکَ وَ نُثْنِیْ عَلَیْکَ الْخَیْرَ
وَنَشْکُرُکَ وَلَا نَکْفُرُکَ وَ نَخْلَعُ وَ نَتْرُکُ مَنْ یَّفْجُرُکَ اَللّٰھُمَّ
اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَلَکَ نُصَلِّیْ وَ نَسْجُدُ وَاِلَیْکَ نَسْعٰی وَ نَحْفِدُ وَ
نَرْجُوْ رَحْمَتَکَ وَ نَخْشٰی عَذَابَکَ اِنَّ عَذَابَکَ بِالْکُفَّارِ
مُلْحِقٌ ط بعد دعائے قنوت کے رکوع کرے نماز تمام کرے۔ جان کہ
سنت دو قسم پر ہے ایک موکدہ دوسرے غیر موکدہ۔ موکدہ وہی ہے
کہ نبی ہمارے صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم نے تمام عمر پڑھے ہو ویں۔ ایک
دو مرتبہ نہ پڑھے ہو ویں۔ غیر موکدہ وہ ہے کہ تمام عمر میں ایک دو مرتبہ پڑھے
ہو ویں۔ رات دن میں سنت موکدہ کی بارہ رکعت ہیں دو رکعت آگے فجر کے
چار رکعت آگے ظہر کے دو رکعت بعد ظہر کے۔ دو رکعت بعد مغرب کے دو رکعت

نیت نماز عیدین

نیت جمعہ

نیت وتر

رات دن میں سنت موکدہ ۱۲ رکعت ہیں۔

بعد عشا کے۔ پنج جمعہ کے دس رکعت موکدہ ہیں۔ چار رکعت آگے جمعہ کے
چھ رکعت بعد جمعہ کے۔ رات دن میں سنت غیر موکدہ کی آٹھ رکعت ہیں۔
چار رکعت آگے عصر کے چار رکعت آگے عشا کے۔ سنت موکدہ کا نہ پڑھنے
والا گنہگار ہے۔ اور آخرت میں عذاب کے سزاوار ہے۔ واسطے سنت غیر موکدہ
کے مختار ہے پڑھے یا نہ پڑھے۔ لاکن نہ پڑھنے والا ثواب عظیم کا چھوڑنے والا ہے

سجدہ سہو کے پانچ سبب

سجدہ سہو کے پانچ سبب۔ پہلا سبب تاخیر فرض کرنا۔ یعنی بعد تکبیر تحریمہ کے
دیر سے قرات شروع کرنا۔ بعد قرات کے ٹھہر کر رکوع کرنا۔ یا دوسرے
کوئی فرض کو دیر کرنا۔ دوسرا سبب دو مرتبہ بھولے سے رکن ادا کرنا۔ یعنی
دو قیام یا دو رکوع یا تین سجدہ کرنا۔ تیسرا سبب رکن کی تقدیم تاخیر کرنا۔
یعنی بعد تکبیر تحریمہ کے پہلے رکوع کرنا۔ بعد قیام کرنا۔ یا پہلے سجدہ کرنا بعد
رکوع کرنا۔ یا کسی اور رکن کو آگے پیچھے کرنا۔ چوتھا سبب دو مرتبہ واجب
کو ادا کرنا۔ یعنی دو مرتبہ سورہ الحمد کو پڑھنا۔ یا نماز فرض میں دو مرتبہ بیچ
کا قاعدہ بیٹھنا۔ یا اور کوئی واجب کو دو مرتبہ ادا کرنا۔ پانچواں سبب ترک
واجب کرنا۔ الحمد کا سورہ نہ پڑھنا۔ یا ضم سورہ نہ کرنا۔ یا بیچ کا قاعدہ نماز
فرض کا نہ بیٹھنا۔ یا قرات پکار کر پڑھنے کی جائے آہستہ پڑھنا۔ یا آہستہ
پڑھنے کی جائے پکار کر پڑھنا۔ یا سوائے ان کے اور کوئی واجب چھوڑ دینا۔
تمام ان صورتوں میں سجدہ سہو آتا ہے۔ سجدہ سہو کا اس طور سے ادا کرے
کہ قاعدہ آخر میں بعد اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ
پڑھنے کے امام ایک طرف سلام پھیرے اور اکیلا دو طرف سلام پھیر کے
دو سجدہ کرے۔ بعد سجدہ کے پھر ابتدا سے التحیات پڑھ کر سلام پھیرے
اللہ تعالیٰ اپنے رحم سے اس نماز کو مانند نماز بے سہو کے قبول کرتا ہے۔

ایک نے جماعت سے جا کر پڑھا سب کے ذمہ کی ادا کیا۔

بیان غسل میت کا

بیان غسل میت

غسل میت مستحب ہے کہ نہلانے والا میت کا خویش نزدیک کا ہووے۔ یعنی باپ یا بھائی یا بیٹا ہووے۔ اور باوضو ہووے۔ اگر اُسے علم نہلانے کا نہیں ہے دوسرا کوئی پرہیزگار نہلاوے۔ پہلے عود تختے کو دلا کر میت کو اوپر اوپر اُس کے سُلا کر تمام کپڑے اُس میت کے اُتار کر لنگی ناف سے گھٹنے تک ڈھانپ کر نہلانا شروع کرے اور سوائے نہلانے والوں کے دوسرے نہ دیکھیں۔ نہلانے تک عود جلاوے اور غفرانک یا رحمٰن بولتے رہے۔ بیر کے پتے ڈال کر پانی گرم کرے۔ اگر نہ ملیں سادہ پانی کفایت کرتا ہے۔ پہلے ایک ڈھیلے سے استنجے کی جائے کو صاف کرے۔ بعد تین یا پانچ یا سات ڈھیلے سے پاخانے کی جائے کو صاف کر کر کپڑا ہاتھوں کو لپیٹ کر استنجے پاخانے کی جائے دھو کر وضو کراوے۔ بغیر منھ میں اور ناک میں پانی ڈالنے کے۔ لاکن مستحب ہے کہ کپڑا گیلا اُنگلی پر لپیٹ کر دانتوں پر پھراوے۔ اور سوراخ ناک کے اسی طور سے صاف کرے۔ بعد وضو کے اگر بال داڑھی کے اور سر کے ہووین لعاب سے چھال گلخیرو کی دھووے وگرنہ صابون کفایت کرتا ہے۔ بعدہٗ کروٹ کرے اوپر بائیں مونڈھے کے اور دھووے سیدھا طرف تمام اُس کا۔ اس طور سے کہ پانی تختے تک پہونچے۔ بعد اُس کے کروٹ کرے اوپر سیدھے مونڈھے کے۔ اور دھووے بایاں طرف تمام اُس کا۔ بعدہٗ ٹیکا پیچھے دیکر آہستہ پیٹ ملے۔ اگر پاخانے یا پیشاب کے جائے سے کچھ نکلے اُسے دھووے پھر دوبارہ وضو نہ کراوے۔ اگر میت پھولی ہے فقط پانی پیٹ پر ڈالے۔ بعد اُس کے موافق شیعہ

سابق کے تین مرتبہ کروٹ کرے ہر کروٹ میں تین تین یا پانچ پانچ یا سات سات مرتبہ پانی ڈالے ۔ یوںجہ کہ کہ زیادہ سات مرتبہ سے کراہیت ہے ۔

بیان کفن میت

بعد غسل کے کفن پہناوے ایسے کپڑے کا کہ عید اور جمعہ کو پہنتا تھا ۔ جان کہ مرد کو کفن سنت تین کپڑے ہیں ایک کفنی دوسرے ازار تیسرے لفافہ کفنی گلے سے ٹخنوں تک ازار اور لفافہ سر سے پاؤں تک اور عورتوں کو پانچ کپڑے سوائے ان تین کے دو کپڑے اور ہیں ۔ ایک سربند دوسرا سینہ بند درازی سربند کی دو گز شرعی اور چوڑائی ایک بالشت ۔ درازی سینہ بند کی تین گز اور چوڑائی بغل سے ران تک ۔ اگر کفن سنت نہ ملے ۔ مرد کو کفن کفایت دو کپڑے ایک ازار دوسری لفافہ اور عورت کو تین کپڑے ایک کفنی دوسرے ازار تیسرا لفافہ ۔ اور اگر یہ بھی نہ ملے کفن ضرورت جتنا کہ پاوے دیوے ۔ اگر کفن مطلق نہ ملے میت کو بیچ گھانس خوشبو کے لپیٹے یعنی روسہ وغیرہ کے لپیٹے جان کہ پہلے لفافہ ۔ اوپر اس کے ازار اوپر اس کے کفنی بچھا کر میت کو اوپر اس کے سلا کر خوشبو لگاوے ۔ یعنی عطر ملے ۔ بعدہٗ کافور سات جگہ لگاوے ایک پیشانی دو ہتھیلیاں دو گھٹنے ۔ دو پنجے پاؤں کے ۔ بعدہٗ پہلے ازار بائیں طرف سے پیچھے سیدھے طرف لپیٹ کر اوپر اس کے لفافہ اسی طور سے لپیٹے ۔ بعدہٗ تین جائے باندھے ۔ ایک اوپر سر کے دوسرا بیچ کمر کے تیسرا نیچے پاؤں کے اور عورتوں کو بعد کفنی پہنانے کے بال سر کے دو حصہ کر کر چھاتی پر ڈال کر پیچھے اس کے سربند یعنی دامنی اوپر سر کے اوڑا کر دونو پلوں سے دونوں طرف سے بال لپیٹے ۔ پیچھے اس کے سینہ بند پیچھے اس کے لفافہ لپیٹ کر تین جائے باندھے اور نماز موافق ترتیب لکھے ہوئے کے پڑھے ۔ یوں جگہ کہ نیت نماز جنازہ کی فرض ہے اگر جنازہ مرد کا ہے برابر

سینہ کے کھڑے رہے۔ اگر جنازہ عورت کا ہے برابر سر کے کھڑے رہے اور
نیت یوں کرے نماز پڑھتا ہوں میں اس جنازہ کی ساتھ چار تکبیروں کے
اور دعا واسطے اس میت کے۔ اگر امام ہووے پیچھے اس امام کے بولے واسطے
اللہ تعالیٰ کے۔ اللہ اکبر بولکر ہاتھ باندھے بعد اس کے ثنا پڑھے یعنی۔
سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ
وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ پڑھے۔ بعد اس کے پھر بغیر ہاتھ اٹھا
کے اللہ اکبر بول کر درود کہ بعد التحیات کے ہے تمام پڑھے۔ پھر بغیر ہاتھ
اٹھانے کے اللہ اکبر بول کر یہ دعا پڑھے۔
اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيْرِنَا
وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى
الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ ط بعد اس دعا
کے پھر اللہ اکبر بولکر سلام پھیرے۔ نماز جنازہ تمام ہوئی۔ اگر جنازہ لڑکے
کا ہے یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا اَجْرًا وَّ
ذُخْرًا وَّاجْعَلْهُ لَنَا شَافِعًا وَّمُشَفَّعًا اور اگر جنازہ لڑکی کا ہے تو
یوں پڑھے اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا لَنَا فَرَطًا وَّاجْعَلْهَا لَنَا اَجْرًا وَّذُخْرًا
وَّاجْعَلْهَا لَنَا شَافِعَةً وَّمُشَفَّعَةً

بیان روزے ماہ رمضان المبارک کا

جان کہ روزے تمام ماہ رمضان کے اور نیتیں ان کے فرض ہیں۔ نیت
یہ ہے:۔ نَوَيْتُ اَنْ اَصُوْمَ غَدًا فَرْضًا مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ
الْمُبَارَكِ لِلّٰهِ تَعَالٰى۔ یا یوں کہے روزہ رکھتا ہوں میں فرض اس ماہ رمضان

واسطے اللہ تعالےٰ کے ۔ جان کہ بعد آدھی رات کے ساتواں حصہ رات کا باقی رہے تک سحر کرنا سنت ہے ۔ ساتواں حصہ رات کا چار گھڑی ہوتی ہے بعضے دراز راتوں میں سوا یا ساڑھے چار گھڑی ہوتی ہے ۔ لاکن قریب ساتویں حصہ کے کھانا کھانے سے سنت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بخوبی ادا ہوتی ہے پس وہاں سے کہ صبح صادق شروع ہے آفتاب ڈوبنے تک تین چیزیں حرام ہیں ایک چیز کچھ کھانا ۔ دوسری چیز کچھ پینا ۔ تیسری چیز جماع کرنا ۔ جب یقین ہوا کہ آفتاب ڈوبا فقط اسے کسی چیز سے افطار کرے ۔ کہ وقت افطار کا ہے نیت افطار کی شرط نہیں ہے بلکہ فاتحہ پڑھے اور شکر اللہ کا کرے اور دعا مانگے کہ وقت قبولیت کا ہے ۔ کوئی جان بوجھ کر روزے کے ان تین چیزوں میں سے ایک چیز کیا ۔ یعنی کچھ کھایا یا کچھ پیا یا جماع کیا اس پر قضا اس روزے کی اور کفارہ آیا ۔ یعنی ایک غلام یا ایک باندی آزاد کرے ۔ اور ایک روزہ قضا کا رکھے ۔ اور اگر باندی غلام میسر نہیں تو ساٹھ غریبوں کو پیٹ بھر کھانا کھلا دے ۔ اور ایک روزہ رکھے اور اگر قدرت کھانا کھلانے کی نہیں تو ساٹھ روزے پے درپے رکھے اور روزہ قضا کا رکھے ۔ اگر کوئی مٹی یا کنکر سے یا موتی یا تنکی سوائے ان کے جو چیز کہ نہیں کھانے کی ہے کھایا یا غرغرہ کیا یا ہاتھ سے شہوت باہر نکالا ۔ یعنی انزال کیا روزہ گیا ۔ لاکن بغیر کفارہ کے قضا روزہ لازم پڑا ۔ اور اگر کسی نے بھولے سے پیٹ بھر کھایا یا تھوڑا پیٹ کھانا کھایا یا شہوت سے خود بخود چھوٹ گیا یا خواب میں جماع سے انزال کیا روزہ نہیں گیا ۔ اور اگر کسی نے کھانے کی چیزوں سے زبان پر رکھا لاکن حلق تک نہیں پہنچا ۔ روزہ مکروہ ہوا ۔ یا کسی نے روٹی چبا کر لڑکے کو کھلایا وقت ضرور کے جائز آیا ۔ اور اگر کسی نے حجامت کیا یعنی فصد لیا ۔ جو کوئی سر منگوائی

لہو نکالا۔ یا سرمہ آنکھوں میں لگا یا یا تیل سر میں ڈالا۔ یا خوشبو سونگھا۔ ان تمام صورتوں میں روزہ نہیں گیا۔ اور کچھ گناہ نہیں ہوا۔ جو امت محمد صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ وسلم سے یہ دعا بعد کہنے یا سننے اذان کے پڑھے گا۔

دعائے بعد اذان

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ دامن شفاعت میں لپٹا رہیگا گوش دل سے سن اور پھول ایمان کے اعتقاد کے ہاتھ سے چن کر دن قیامت کے جلال سے اللہ جل جلالہٗ کے لوح اور قلم اور عرش سے فرش تک کل مخلوقین اور ملائکین و مقربین اور مرسلین مکملین لرزان اور ترساں رہینگے کسی کو قدرت دم مارنے کی نہیں رہے گی۔ اس وقت سید المرسلین صلوٰۃ اللہ علیہ وآلہ وسلم بیچ مقام محمود کے سجدہ ادا کرینگے اور ثنائے الٰہی بجا لاوینگے۔ پس اللہ جل جلالہٗ سات رحم تمام کے کلام رحمۃ اللعالمین سے کریگا۔ اور فرماوے گا اے رسول میرے اور اے مقبول میرے سر اٹھا اور مانگ کیا مانگتا ہے۔ اے حبیب میرے اور اے محبوب میرے ہر کوئی رضا میری چاہتا ہے۔ میں رضا تیری چاہتا ہوں۔

بیان شفاعت کبرای

اس وقت شفیع المذنبین پہلے شفاعت جبرئیل علیہ السلام کی اور جمیع ملائک کی کرکر بعدہٗ ساتھ امت اپنے تمام امتوں کے شفاعت کریں گے بجرد کلام کرنے اللہ جل جلالہٗ نے ساتھ خیر الانام کے تمام مخلوق اور ملائک اور مرسلین کو تسکین خاطر ہوگی جان کہ تسکین خاطر کل کی شفاعت کل کی ہے سبب پہلے شفاعت جبرئیل علیہ السلام کا یہ ہے کہ اس دار دنیا میں جبرئیل علیہ السلام نے سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عہد و پیمان کئے ہیں اور

عرض کئے ہیں اے سید و آسے محبوب خدا دن قیامت کے پہلے شفاعت
واسطے جبرئیل کے جناب باری میں کلام کیجئے ۔ بعدہٗ ملائکہ مقربین اور مخلوق کی
شفاعت کیجئے ۔ اسے وہ لوگوں کہ دم امت محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا
مارتے ہو لازم ہے کہ فرمان سے اُن کے ہرگز نہ منھ پھیرو اور اور شرع سے سرمو
تجاوز نہ کرو اور نماز پنجگانہ ادا کرو اور جان و مال اپنا اُن پہ فدا کرو اور محبت میں
اُن کے مرو کہ دن قیامت کے شفاعت میں اُن کے رہو یہیں یہ مسکین بے تسکین
کہ نالین بردار سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہے چند مسئلہ ضرور یہ
نماز کے واسطے یاد کرنے لڑکوں کے تحریر کر کر نام اُس کا صورت نماز رکھا ہے
الٰہا خدایا غفورا رحیما طفیل سے صورت محمدی اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
عَلَیْہِ وَآلِہٖ صورت نماز کو قبول کر کر اس مسکین کو اور والدین
کو اور برادران اور اقربا اور محبان اور کاتبان اور ناظران اور قاریان کو اور کل
مسلمین اور مسلمات کو مومنین اور مومنات کو دامن میں شفاعت حضرت سید المرسلین
صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کے لپیٹ آمین ثم آمین بتاریخ دوسری محرم الحرام
کے ۱۲۵۷ بارہ سو چھپن ہجری نبوی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم گذرے تھے
کہ نقش صورت نماز کا پردہ بطون سے صفحہ ظاہر پر اوٹھا ۔

تمام شد

محال گر نبودے کس نبودے ٭ نبودے ہر دو عالم را وجودے
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ واصحابہٖ وسلم
دائمًا کثیرًا
کثیرا ۵

تجویدالحروف

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

ا ب ت ث ج ح خ

د ذ ر ز س ش

ص ض ط ظ ع غ

ف ق ک ل م ن و

ه لا ء ی والسلام

جاں کہ یہ قطرہ قرات کا ہے اور دریائے عظیم آگے ہے۔

مانند
فَاَمَّا مَنْ طَغٰی
اور کَاْسًا دِهَاقًا کے
باقی
اٹھائیس مثالاں قیاس کرا وپر
اس
کے۔

قاعدہ اخفا بعد نون ساکن اور نون تنوین کے ان پندرہ حرفوں ...

مانند
وَفِرْعَوْنَ اور
وَنَمَارِقُ کے

قاعدہ ترقیق را ماقبل حرف ...

مانند
یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اور
یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ کے اور
باقی دو مثال قیاس
کرا وپر اس کے

... پیش یا زبر ہووے ...

وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ
اَجْمَعِیْنَ ۝

رسالہ قراءت موسوم بہ قواعد التجوید

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَیْرِ الْمُرْسَلِیْنَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۔ قاعدہ قلب بعد نون ساکن اور نون تنوین کے ب آوے تو نون کے تئیں بدل میم سے کرتے ہیں ۔ اور باغنہ پڑھتے ہیں ۔ مانند مِنْۢ بَعْدِ وَاَنْتَ حِلٌّۢ بِھٰذَا الْبَلَدِ کے

قاعدہ قلب

قاعدہ ادغام باغنہ بعد نون ساکن اور نون تنوین کے یومن میں سے کوئی حرف آوے تو نون کے تئیں بدل اس حرف سے کرتے ہیں ۔ اور باغنہ پڑھتے ہیں ۔ مانند فَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ خَیْرًا یَّرَہٗ کے ۔

قاعدہ ادغام باغنہ

قاعدہ ادغام بے غنہ ۔ بعد نون ساکن اور نون تنوین کے ر یا ل آوے نون کے تئیں بدل ر سے یا ل سے کرتے ہیں اور بغیر غنہ کے پڑھتے ہیں ۔ مانند اَنْ رَّاٰہُ اسْتَغْنٰی ؕ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ کے ۔ قاعدہ اظہار بعد نون ساکن اور نون تنوین کے ء اور ھ اور ح اور خ اور ع اور غ ان چھ حرفوں میں سے کوئی حرف آوے نون کے تئیں ظاہر کرتے ہیں ۔ اور پڑھتے ہیں مانند وَاٰمَنَھُمْ مِّنْ خَوْفٍ کُفُوًا اَحَدٌ کے

قاعدہ ادغام بے غنہ

قاعدہ اظہار

قاعدہ اخفا بعد نون ساکن اور نون تنوین کے ت ث ج د ذ ز س ش ص ض ط ظ ف ق ک ان پندرہ حرفوں سے کوئی حرف آوے نون کے تئیں اخفا کرتے ہیں ۔ یعنے پوشیدہ کرکر ساتھ غنہ کے پڑھتے ہیں ۔ مانند فَاَمَّا مَنْ طَغٰی ؕ وَکَاْسًا دِھَاقًا کے قاعدہ تفخیم

ماقبل لفظ مبارک اللہ کے پیش آوے یا زبر آوے لفظ مبارک کے تئیں پر پڑھتے ہیں ۔ مانند اَللّٰہُ اَکْبَرُ ؛ نَصْرُ اللّٰہِ وَالْفَتْحُ کے قاعدہ ترقیق ماقبل لفظ مبارک کے زیر آوے یا خود زیر دار ہووے لفظ مبارک کے تئیں باریک پڑھتے ہیں ۔ مانند بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ کے قاعدہ تفخیم را ماقبل حرف را کے پیش یا زبر ہووے یا خود پیش دار ہووے یا زبر دار ہووے پُر پڑھتے ہیں مانند یا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ؛ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ کے ۔ قاعدہ ترقیق را ماقبل حرف را کے زیر ہووے یا خود زیر دار ہووے باریک پڑھتے ہیں ۔ مانند رِزْقٌ کَرِیْمٌ ؛ وَ بَارِقٌ کے ۔ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ

بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝

رسالہ قراءت موسوم بہ ہدایت القراء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی خَیْرِ اَنْبِیَائِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بعد حمد و صلوٰۃ کے اے تلاوت کرنے والے قرآن شریف کے ۔ اللہ تعالیٰ نے تعریفیں ہیں اور آپ صفت ہیں بیچ حدیث قدسی فرمایا ہے ۔ جو چاہے کہ میرے سے بے واسطہ باتیں کرے پس وہ کلام شریف پڑھے ۔ اس واسطے فقیر مسکین نے چند قواعد قراءت کے

ساتھ سہل طریق کے بیان کیا ہے۔ لازم ہر قاری کے تئیں کہ موافق اس کے
قرأت پڑھے۔ تاکہ نرمی سے بایقیں عذاب باری سے کرے۔ اے قاری نون
اوپر دو قسم کے ہے۔ ایک نون ساکن جزم دار کے تئیں کہتے ہیں مانند
اَنْ کے دوسری نون تنوین دو پیش دو زبر دو زیر کے تئیں کہتے ہیں مانند
ٌ ً ٍ کے تمام اٹھائیس حرف ہیں اُن میں سے ب بعد اُن دونوں
نونوں کے آوے نون کے تئیں بدل میم سے کرتے ہیں۔ اور ساتھ غنہ کے
پڑھتے ہیں غنہ وہ ہے کہ آواز طرف ناک کے جاوے۔ مانند مِنْۢ بَعْدِ
وَاَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ کے اسے قاعدہ قلب کہتے ہیں۔ باقی
رہے ستائیس حرف اُن میں سے ی و م ن کہ مجموع اُن کا یُؤْمِنُ
ہوتا ہے۔ بعد ان دونوں نونوں کے آوے۔ ادغام ساتھ غنہ کے کرتے ہیں
یعنی نون کے تئیں بدل اس حرف سے کرتے ہیں اور با غنہ پڑھتے ہیں مانند
مَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ کے باقی جو مثالاں قیاس کر اوپر اس کے
اسے قاعدہ ادغام کہتے ہیں۔ باقی رہے تئیس حرف اُن میں سے ر اور ل
بعد اُن دونوں نونوں کے آوے نون کے تئیں بدل را سے کرتے ہیں اور
بغیر غنہ کے پڑھتے ہیں۔ مانند اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى کے یا نون کے تئیں بدل
لام سے کرتے ہیں۔ اور لام میں ادغام کرتے ہیں۔ یہاں بھی بغیر غنہ کے پڑھتے
ہیں۔ مانند وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ کے اگر رے اور لام یومن میں
شریک ہووے مجموع اس کا یرملون ہوتا ہے۔ اسے قاعدہ یرملون
کہتے ہیں۔ باقی رہے اکیس حرف اُن میں سے ء اور ھ اور ح اور خ
اور ع اور غ ان حرفوں کو حرف حلقی کہتے ہیں۔ بعد اُن دونوں نونوں
کے آوے نون دونوں کو ظاہر کرتے ہیں اور پڑھتے ہیں مانند وَاٰمَنَهُمْ

مِنْ خَوْفٍ اور کُفُوًا اَحَدٌ کے باقی دس مثالاں قیاس کر اوپر اس کے
اسّے قاعدہ اظہار کہتے ہیں۔ باقی رہے پندرہ حرف ت ث ج د
ذ ز س ش ص ض ط ظ ف ق ك اِن پندرہ حرفوں
سے بعد اُن دونوں لونوں کے کوئی حرف آوے نون کے تئیں اخفا کرتے
ہیں۔ یعنے پوشیدہ کر کر سات غنہ کے پڑھتے ہیں مانند فَاَمَّا مَنْ طَغٰی
اور کَاْسًا دِهَاقًا کے باقی اٹھائیں مثالاں قیاس کر اوپر اس کے اسے
قاعدہ اخفا کہتے ہیں۔ اسّے قاری لفظ مبارک اللّٰہ دل سے تیرے جاری
ماقبل اُس کے پیش یا زبر آوے لفظ کے تئیں پُر پڑھتے ہیں۔ مانند اَللّٰهُ
اَکْبَرُ اور نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ کے اسے قاعدہ تفخیم کہتے ہیں۔ اگر ماقبل اس کے
زیر آوے یا خود زیردار ہووے لفظ مبارک کے تئیں باریک پڑھتے ہیں۔
مانند بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے اور اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ
کے۔ اسے قاعدہ ترقیق کہتے ہیں۔ اور اسی طور سے حال حرف رے کا
ہے کہ ماقبل اس کے پیش ہووے یا زبر ہووے یا خود پیش دار ہووے
یا زبردار ہووے پُر پڑھتے ہیں۔ مانند یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اور
یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ کے باقی دو مثالاں قیاس کر اوپر اس کے۔
اس قاعدہ کے تئیں بھی تفخیم کہتے ہیں۔ اگر ماقبل حرف رے کے زیر
ہووے یا خود زیردار ہووے باریک پڑھتے ہیں مانند فِرْعَوْنَ وَنَمَارِقُ
کے اس قاعدہ کے تئیں بھی ترقیق کہتے ہیں۔ اسے قاری اللہ تعالیٰ نے کلام
شریف میں فرمایا ہے پڑھو تم قرآن شریف کو ساتھ آہستگی کے یعنے علم
قرارت کے تئیں تحقیق کر کر حرف اور مد اور شد بخوبی ادا کرو۔ اور
رضائے الٰہی میں ڈوبو اسے قاری جو تحریر فقیر کی ہے الف بے قرارت

کی ہے اس پر قناعت نہ کر کر بحر قراءت میں غوطہ مار کر موتی کمال کے تین بیچ ہاتھ کے لاکر شب و روز بیچ قراءت کلام مجید کے رہو۔ اور عمر اپنی بیچ اس کے آخر کرو۔ تاکہ شفاعت سے کلام شریف کے دن قیامت کے نجات پاؤ

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ؁

خطب

الخطبة الاولى لیوم الجمعه

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ط اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ط وَخَلَقَ اٰدَمَ عَلٰی صُوْرَتِهٖ ط اَیْ عَلٰی صُوْرَةٍ جَمِیْلَةٍ شَرِیْفَةٍ نَجِیْبَةٍ ط لِاَنَّهٗ خَلِیْفَةُ اللّٰهِ ط وَاللَّازِمُ لِلْخِلَافَةِ مِنْ اٰتِیَتِهٖ الْجَمَالِ وَالْكَمَالِ هٰذَا هُوَ الْخُلُقُ الْعَظِیْمُ الَّذِیْ وَصَفَ اللّٰهُ تَعَالٰی حَبِیْبَهٗ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ بِهٖ حَیْثُ قَالَ فِیْ كَلَامِهٖ الْقَدِیْمِ ـ وَاِنَّكَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ ط اَلْخُلُقُ الْعَظِیْمُ ط اَلْخُلُقُ الْعَظِیْمُ هِیَ عُكُوْسُ الْاَسْمَاءِ

وَالصِّفَاتِ الَّتِیْ انْطَبَعَتْ فِیْ مِرْآۃِ الْمُحَمَّدِیَّۃِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ وَظَہَرَ فِیْہِ الْکَمَالَاتُ الْقَدِیْمَۃُ الْوُجُوْبِیَّۃُ الرَّبُوْبِیَّۃُ لِاَنَّہٗ مِرْآۃُ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ فِی الدَّارِ الدُّنْیَا مُحِبًّا وَمَحْبُوْبًا وَفِیْ دَارِ الْاٰخِرَۃِ مَحْبُوْبًا صِرْفًا فَلِلّٰہِ دَرُّ مَنْ قَالَ فِیْ حَقِّہٖ ؎

بَلَغَ الْعُلٰی بِکَمَالِہٖ کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ
حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ صَلُّوْا عَلَیْہِ وَآلِہٖ

شَفِیْعٌ مُطَاعٌ نَبِیٌّ کَرِیْمٌ قَسِیْمٌ جَسِیْمٌ نَسِیْمٌ وَسِیْمٌ

اَیُّہَا النَّاسُ اِعْلَمُوْا وَافْہَمُوْا اَنَّ نَبِیَّکُمْ وَرَسُوْلَکُمْ خَیْرُ خَلْقِ اللّٰہِ لَا شَرِکَۃَ لِاَحَدٍ فِیْ مَرْتَبَتِہٖ عِنْدَ اللّٰہِ بَلْ ہُوَ حَبِیْبُ اللّٰہِ لِہٰذَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ لِیْ مَعَ اللّٰہِ وَقْتٌ لَا یَسَعُنِیْ فِیْہِ مَلَکٌ مُقَرَّبٌ وَلَا نَبِیٌّ مُرْسَلٌ۔

فَقَبِلَ اللّٰهُ تَعَالٰی دُعَاءَ آدَمَ لِسَبَبِهٖ وَنَجّٰی نُوْحٌ نَبِیُّ اللّٰهِ بِمَدَدِهٖ
وَكَانَ النَّارُ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰی خَلِیْلِهٖ لِقُوَّتِهٖ وَخَرَجَ
مُوْسٰی كَلِیْمُ اللّٰهِ مِنَ الْبَحْرِ بِنَظَرِهٖ ۔ فَاتَّبِعُوْا شَرِیْعَةَ
نَبِیِّكُمْ وَاسْلُكُوْا طَرِیْقَةَ رَسُوْلِكُمْ طَرِیْقُ النَّبِیِّ صَلَّی
اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰی قِسْمَیْنِ اَلْقِسْمُ الْاَوَّلُ
اِعْتِقَادِیٌّ وَالْقِسْمُ الثَّانِیْ عَمَلِیٌّ ۔ وَالْاِعْتِقَادِیُّ اِنَّمَا
هُوَ مُنْحَصِرٌ فِیْ مَذْهَبِ اَهْلِ السُّنَّةِ وَالْجَمَاعَةِ لَا
خِلَافَ فِیْهِ قَدْرَ رَاسِ شَعْرَةٍ ۔ وَكُلُّهٗ حَقٌّ حَقِیْقٌ دَقِیْقٌ
فَالْاِلْزَامُ عَلَی النَّاسِ كُلِّهِمْ اَنْ یَّعْتَقِدُوْا وَفْقَ اِعْتِقَا
دِهِمْ لِاَنَّهٗ لَا سَبَبَ لِلنَّجَاةِ وَالْفَلَاحِ اِلَّا هُوَ
وَالْعَمَلِیُّ مُنْحَصِرٌ فِی اجْتِهَادِ حَنَفِیٍّ شَافِعِیٍّ مَالِكِیٍّ وَحَنْبَلِیٍّ
اَلْاَئِمَّةِ الْاَرْبَعَةِ وَهُمْ كُلُّهُمْ عَلَی الْحَقِّ ۔ فَاتَّبِعْ لِمَنْ شِئْتَ
مِنْ هٰؤُلَاءِ الْاَرْبَعَةِ وَاعْمَلْ عَلٰی حُكْمِهٖ وَكُنْ فِیْ مَحَبَّةِ الثَّلَاثَةِ
الْبَاقِیَةِ كَمَحَبَّةِ اِمَامِكَ ۔ فَبَعْدَ الْاِعْتِقَادِ لَا بُدَّ مِنَ
الْعَمَلِ الْكَامِلِ عَلَی الشَّرِیْعَةِ الْمُصْطَفَوِیَّةِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

وَآلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ وَهُوَ اَدَاءُ الصَّلٰوتِ الْخَمْسَةِ
وَصِيَامُ شَهْرِ رَمَضَانَ وَاَدَاءُ الزَّكٰوةِ عَلٰى صَاحِبِ النِّصَابِ
وَالْحَجُّ مِنَ الْحَسَنِ الْوُجُوْهِ اِذَا اسْتَطَعْتُمْ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ط وَ
بَعْدَهٗ سُلُوْكُ طَرِيْقِ الصُّوْفِيَّةِ يَعْنِيْ ذِكْرُ اللّٰهِ تَعَالٰى
مِنَ الْقَلْبِ وَاللِّسَانِ مُوَافِقُ اِرْشَادِ صَاحِبِ الْاِرْشَادِ
لِاَنَّ الْفَنَاءَ وَالْبَقَاءَ وَقُرْبَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَمَحَبَّةَ رَسُوْلِ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰى دَرَجَةِ
الْكَمَالِ لَا يَحْصُلُ اِلَّا بِهٖ وَالذَّاكِرُ كَذَا يَصِلُ اِلَى الْاِيْمَانِ
الْحَقِيْقِيِّ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَ
اَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ط

الخطبة الثانية ليوم الجمعة

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ط اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ قَدَّرَ لَنَا الْاِيْمَانَ ط اَلصَّلٰوةُ
وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَاَصْحَابِهِ الَّذِيْنَ

ھدٰونا طریق الاسلام والاحسان خصوصًا علٰی
افضل الصحابۃ بالتحقیق امیر المؤمنین حضرت
ابی بکر ن الصدیق رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ ثم السلام
من الملک العلام علٰی قاتل الکفرۃ والمرتاب من کان رائیہ
موافقًا للوحی والکتاب امیر المؤمنین حضرت عمر بن الخطاب
رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ ثم السلام من الملک العلام علٰی
جامع القراٰن کامل الحیاء والایمان امیر المؤمنین حضرت
عثمان ابن عفان رضی اللّٰہ تعالٰی عنہ ثم السلام
من الملک العلام علٰی اسد اللّٰہ الغالب مظھر العجائب
والغرائب امیر المؤمنین حضرت علی بن ابی طالب رضی اللّٰہ
تعالٰی عنہ وعلی العشرۃ الباقیۃ المبشرۃ الذین بایعوہ صلی اللّٰہ علیہ
واٰلہٖ وصحبہٖ وسلم تحت الشجرۃ رضی اللّٰہ تعالٰی عنھم ثم السلام
علی العمین الشریفین بین الناس حمزۃ والعباس رضی اللّٰہ
تعالٰی عنھما ثم السلام علٰی امھات المؤمنین والمسلمین

حضرت خدیجۃ الکبریٰ وحضرت عایشۃ الصدیقۃ
رضی اللہ تعالیٰ عنہما وعلیٰ باقیۃ الازواج المطہرات
رضی اللہ تعالیٰ عنہن ثم السلام علیٰ بنت النبی صلی اللہ
تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم التی قال علیہ السلام فی حقہا
الفاطمۃ بضعۃ منی رضی اللہ تعالیٰ عنہا ثم السلام
علی الامامین الہمامین امیر المومنین حضرت الحسن
المجتبیٰ وامیر المومنین حضرت الحسین شہید وادی
کربلاء رضی اللہ تعالیٰ عنہما ثم السلام علی جمیع
الصحابۃ والتابعین وعلیٰ تبع التابعین رضی اللہ
تعالیٰ عنہم اجمعین۔

دعای سلطان الزمان بخواند

اللّٰہم انصر من نصر دین محمد وشریعتہ صلی اللہ
علیہ وآلہ واصحابہ وسلم واخذل من خذل
دین محمد وطریقتہ سہ بار بخواند عباد اللہ رحمکم

ایضاً قصیدہ منہ مدظلہ وزاد فیضہ

ای محمد جانِ من بر تو فدا	آمدی از بحر وحدت خوش لقا
گر بقائی تو نبودی در جہان	کے شدی اہل جہان اہل امان
گر نبودی ذات تو بر من عیان	ذات من معدوم بودی در جہان
ما عدم بودیم فانی در عدم	بوے تو دادہ نشانی از قدم
خوش خرامیدی تو از کتم عدم	خوش نہادی بر سر ہستی قدم
این کرشمہ از کجا آوردہ	ذات حق را تو نمایاں کردہ
کنت کنزاً را ظہوری آمدی	ایکہ تو از فہم ما بالا تری
شاد بودی در حریم کبریا	آمدی بر ما عیان راز خفا
سر مکنون را تو کردی بر عیان	بی نشان را دادہ بر ما نشان
شاد باد اے سرور عالیمقام	از طفیل جاہ تو یابم مرام

این عجب کاری کہ مسکین را نبی
غوطہ دادی در وجود خارجی

کے وہاں سے فیض مرشد کے لطیفۂ خفی پر آتا ہے۔ مرشد کے لطیفۂ خفی سے میرے لطیفۂ خفی پر آتا ہے۔
اسی طور سے لطیفۂ اخفیٰ سے اللہ اللہ ذکر کرنا اور ایسا خیال کرنا کہ اللہ تعالیٰ کے وہاں سے فیض مرشد کے لطیفۂ اخفیٰ پر آتا ہے مرشد کے لطیفۂ اخفیٰ سے میرے لطیفۂ اخفیٰ پر آتا ہے۔ اسی طور سے لطیفۂ نفسی سے اللہ اللہ ذکر کرنا اور ایسا خیال کرنا کہ اللہ تعالیٰ کے وہاں سے فیض مرشد کے لطیفۂ نفسی پر آتا ہے مرشد کے لطیفۂ نفسی سے میرے لطیفۂ نفسی پر آتا ہے۔
اسی طور سے لطیفۂ قالب سے کہ جسے سلطان الاذکار کہتے ہیں اللہ اللہ ذکر کرنا اور ایسا خیال کرنا کہ اللہ تعالیٰ کے وہاں سے فیض مرشد کے لطیفۂ قالب پر آتا ہے مرشد کے لطیفۂ قالب سے میرے لطیفۂ قالب پر آتا ہے۔
ذکر نفی اثبات کا ساتھ بند کرنے دم کے کلمہ لا کے تئیں ناف سے اٹھا کر لطیفۂ نفسی تک پہنچا کر الٰہ کے تئیں سیدھے بازو پر تصور کر کر الا اللہ کے تئیں لطیفۂ روح سے لے کر تمام لطیفوں پر سے گذار کر لطیفۂ قلب پر ضرب کرنا۔ معنی کلمۂ طیبہ کے اس طور سے خیال کرنا نہیں ہے کوئی مقصود سوائے ذات پاک کے تین یا پانچ پر یا زیادہ اس سے ہو سکے لیکن طاق پر دم چھوڑنا وقت چھوڑنے دم کے محمد الرسول اللہ دل سے اور زبان سے کہنا۔ بعد کلمۂ طیبہ سے ذکر کے الٰہی مقصود من توئی و رضائے تو۔ محبت و معرفت خود بدہ۔ اس دعا کو خاص عجز و انکساری سے مانگنا۔
مراقبہ معیت ساتھ ذکر نفی اثبات کے معنی اس آیہ شریفہ کے وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَمَا كُنْتُمْ اللہ تعالیٰ ساتھ ہمارے ہے۔ اس طور سے کہ شان کو اس کے سزاوار ہے اس ذات سے فیض آتا ہے مرشد کے لطیفۂ قالب پر۔ وہاں سے فیض

آتا ہے میرے لطیفہ قالب پر۔ مراقبہ ہر لطیفہ کا ساتھ ذکر اسم ذات کے اس طور سے تصور کرنا۔ مراقبہ لطیفۂ قلبی تجلیاتِ افعالیہ الٰہیہ سے فیض آتا ہے اوپر دل مبارک حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم کے وہاں سے فیض آتا ہے بواسطۂ دل مبارک حضرت آدم علیہ السلام کے وہاں سے فیض آتا ہے بواسطۂ دل مبارک پیران کبار کے اور بواسطۂ دل مبارک پیر میرے اوپر دل میرے کے
مراقبہ لطیفۂ روحی تجلیاتِ صفاتِ ثبوتیہ الٰہیہ سے فیض آتا ہے اور روح مبارک حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم کے وہاں فیض آتا ہے۔ اوپر روح مبارک حضرت نوح اور حضرت ابراہیم علیہما السلام کے وہاں سے فیض آتا ہے۔ بواسطۂ روح مبارک پیران کبار کے .... اور بواسطۂ روح مبارک پیر میرے اوپر روح میرے کے۔
مراقبہ لطیفہ سرّی تجلیاتِ شیونات ذاتیہ الٰہیہ سے فیض آتا ہے اوپر سرّی مبارک حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم کے وہاں سے فیض آتا ہے اوپر سرّی مبارک حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وہاں سے فیض آتا ہے بواسطہ سرّی مبارک پیران کبار کے اور بواسطہ سرّی مبارک پیر میرے اوپر سرّی میرے کے
مراقبہ لطیفۂ خفی تجلیاتِ صفاتِ سلبیہ الٰہیہ سے فیض آتا ہے اوپر خفی مبارک حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ آلہ وصحبہ وسلم کے وہاں سے فیض آتا ہے۔ اوپر خفی مبارک حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے وہاں سے فیض آتا ہے بواسطۂ خفی مبارک پیران کبار کے۔ اور بواسطہ خفی مبارک پیر میرے اوپر خفی میرے کے۔
مراقبۂ لطیفۂ اخفیٰ تجلیاتِ شانِ جامع الٰہیہ سے فیض آتا ہے اوپر اخفیٰ مبارک حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم کے وہاں سے فیض آتا ہے بواسطۂ اخفیٰ مبارک پیران کبار کے اور بواسطہ اخفیٰ مبارک پیر میرے ۔ اوپر اخفیٰ میرے کے۔

مراقبہ اقربیت جان کہ لطیفہ نفسی میں ساڑھے تین دایرہ ہے - دایرہ اول میں مراقبہ
اقربیت اسطور سے کرنا - میں دایرہ اول میں ہوں جو اقربیت کا ہے - نَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْہِ مِنْ
حَبْلِ الْوَرِیْدِ - اللہ تعالیٰ نزدیک زیادہ ہے میرے تئیں میری سے
اس ذات سے فیض آتا ہے مرشد کے لطیفہ نفسی پر سے
دایرہ اول وہاں سے فیض آتا ہے میرے لطیفہ
نفسی پر سے دایرۂ اول سے لطائف خمسہ عالم امر
مراقبہ محبت میں دایرہ ثانی میں ہوں
جو اصل ہے دایرہ اول کا - یُحِبُّہُمْ وَ یُحِبُّوْنَہٗ
دوست رکھتا ہے اللہ تعالیٰ ہمارے تئیں اور دوست رکھتے
ہیں ہم اللہ تعالیٰ کے تئیں - اس ذات سے فیض آتا ہے مرشد کے لطیفہ نفسی

پر سے دو دایرہ واسطے فیض آتا ہے میرے لطیفہ نفسی پر سے دو دایرہ سے لطائف خمسہ عالم امر
مراقبہ محبت میں دایرہ ثالثہ میں ہوں جو اصل ہے دایرہ ثانی کا - یُحِبُّہُمْ وَ یُحِبُّوْنَہٗ
دوست رکھتا ہے اللہ تعالیٰ ہمارے تئیں اور دوست رکھتے ہیں ہم اللہ تعالیٰ کے تئیں - اس ذات
سے فیض آتا ہے مرشد کے لطیفہ نفسی پر سے سہ دایرہ واسطے فیض آتا ہے میرے لطیفہ نفسی پر
سے سہ دایرہ سے لطائف خمسہ عالم امر
مراقبہ محبت میں قوس میں ہوں جو اصل ہے دایرہ ثالث کی - یُحِبُّہُمْ وَ یُحِبُّوْنَہٗ
دوست رکھتا ہے اللہ تعالیٰ ہمارے تئیں اور دوست رکھتے ہیں ہم اللہ تعالیٰ کے تئیں -
اس ذات سے فیض آتا ہے مرشد کے لطیفہ نفسی پر سے قوس سے دوایر ثلاثہ واسطے فیض
آتا ہے میرے لطیفہ نفسی پر سے قوس سے دوایر ثلاثہ سے لطائف خمسہ عالم امر
مراقبہ اسم ظاہر - ھُوَ الظَّاہِرُ وہ ذات جو مسمّیٰ ہے اسم ظاہر کا اس
ذات سے فیض آتا ہے مرشد کے لطیفہ نفسی پر سے قوس سے دوایر ثلاثہ واسطے فیض
آتا ہے میرے لطیفہ نفسی پر سے قوس سے دوایر ثلاثہ سے لطائف خمسہ عالم امر
مراقبہ اسم باطن ھُوَ الْبَاطِنُ وہ ذات جو مسمّیٰ ہے اسم باطن کا اس ذات

سے فیض آتا ہے ۔ مرشد کے عناصر ثلثہ پر سوائے عنصر خاک کے وہاں سے فیض آتا ہے میرے عناصر ثلثہ پر سوائے عنصر خاک کے ۔

مراقبہ کمالات نبوت وہ ذات جو منشا ہے کمالات نبوت کا مبدا ہے جمیع اعتبارات سابقہ سے اور مبرا ہے ہمہ تعینات سے اس ذات سے فیض آتا ہے مرشد کے عنصر خاک پر معہ عناصر ثلثہ وہاں سے فیض آتا ہے میرے عنصر خاک پر معہ عناصر ثلثہ

مراقبہ کمالات رسالت وہ ذات ہے جو منشا کمالات رسالت کا اس ذات سے فیض آتا ہے مرشد کے ہیئت وحدانی پر وہاں سے فیض آتا ہے میری ہیئت وحدانی پر۔

مراقبہ کمالات اولوالعزم وہ ذات جو منشا ء کمالات اولوالعزم کا اس ذات سے فیض آتا ہے مرشد کی ہیئت وحدانی پر وہاں سے فیض آتا ہے میری ہیئت وحدانی پر۔

مراقبہ حقیقت کعبہ :- وہ ذات جو حقیقت کعبہ ہے مسجود لہ جمیع ممکنات اس ذات سے فیض آتا ہے مرشد کی ہیئت وحدانی پر وہاں سے فیض آتا ہے میری ہیئت وحدانی پر

مراقبہ حقیقت قرآن وہ ذات جو حقیقت قرآن ہے مبداء وسعت بیچون حضرت ذات اس ذات سے فیض آتا ہے مرشد کی ہیئت وحدانی پر وہاں سے فیض آتا میری ہیئت وحدانی پر۔

مراقبہ حقیقت صلوٰۃ وہ ذات جو حقیقت صلوٰۃ ہے کمال وسعت بیچون حضرت ذات اس ذات سے فیض آتا ہے مرشد کی ہیئت وحدانی پر وہاں سے فیض آتا ہے میری ہیئت وحدانی پر۔

مراقبہ معبودیت صرفہ :- وہ ذات جو معبودیت صرفہ ہے اس ذات سے فیض آتا ہے مرشد کی ہیئت وحدانی پر وہاں سے فیض آتا ہے میری ہیئت وحدانی پر۔

مراقبہ حقیقت ابراہیمی[۱] وہ ذات جو منشا ہے حقیقت ابراہیمی کا۔ اُنسیت ذات کے ساتھ ذات کے اُس ذات سے فیض آتا ہے مرشد کی ہیئت وحدانی پر وہاں سے فیض آتا ہے میری ہیئت وحدانی پر۔

مراقبہ حقیقت موسوی[۲] وہ ذات جو منشا ہے حقیقت موسوی کا محبت ذات اُس ذات سے فیض آتا ہے مرشد کی ہیئت وحدانی پر وہاں سے فیض آتا ہے میری ہیئت وحدانی پر۔

مراقبہ حقیقت محمدی[۳] وہ ذات جو منشا ہے حقیقت محمدی کا محب و محبوب خود اُس ذات سے فیض آتا ہے مرشد کی ہیئت وحدانی پر وہاں سے فیض آتا ہے میری ہیئت وحدانی پر۔

مراقبہ حقیقت احمدی[۴] وہ ذات جو منشا ہے حقیقت احمدی کا محبوب خود اُس ذات سے فیض آتا ہے مرشد کی ہیئت وحدانی پر وہاں سے فیض آتا ہے میری ہیئت وحدانی پر۔

مراقبہ حب صرفہ[۵] وہ ذات جو منشا ہے حب صرفہ کا اُس ذات سے فیض آتا ہے مرشد کی ہیئت وحدانی پر وہاں سے فیض آتا ہے میری ہیئت وحدانی پر۔

مراقبہ لاتعین[۶] وہ ذات جو لاتعین ہے اُس ذات سے فیض آتا ہے مرشد کی ہیئت وحدانی پر وہاں سے فیض آتا ہے میری ہیئت وحدانی پر۔

خاتمہ مراقبات سلوک نقشبندیہ مجددیہ

رحمہم اللہ تعالیٰ بیچ تاریخ گیارہویں رجب المرجب ۱۲۷۶ بارہ سو ہجری نبوی تھی کہ اتمام کو پہونچی۔ اللہ تعالیٰ بتصدق نعلین مبارک حبیب اپنے صلوات اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وصحبہ اجمعین مقبول قلوب پیران کبار رحمہم اللہ کرے آمین ثم آمین۔

تاریخ این رسالہ ارشاد شدہ است
۱۲۷۶

۱۲

[۱] درینجا درود ابراہیمی یعنی اللہم صل علی محمد وعلی آل محمد کما صلیت علی ابراہیم وعلی آل ابراہیم انک حمید مجید اللہم بارک علی محمد وعلی آل محمد کما بارکت علی ابراہیم وعلی آل ابراہیم انک حمید مجید ذکر کردہ شود ۱۲۔

[۲] درینجا درود موسوی یعنی اللہم صل علی سیدنا محمد وعلی آلہ واصحابہ وعلی جمیع اخوانہ من الانبیاء والمرسلین خصوصاً علی کلیمک موسیٰ وبارک وسلم ذکر کردہ شود ۱۲۔

[۳] درینجا درود شریف ... علی اشرف الانبیا اللہم صل علی سیدنا محمد ... افضل صلواتک عدد ... صلواتک وبارک وسلم ... [illegible]

[۴] درینجا تنبیر درود شریف بتکرار ... مفید است

[۵] درینجا در مقام ... تہلیل لسانی ... درود شریف ... قراءۃ تلاوت قرآن مجید ... نماز نوافل قنوت خواندن ... دیگر خیرات ... از شیخ ارشاد ... درود وعمل نمایند ۱۲۔

رسالۂ ارشادیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَیْرِ الْمُرْسَلِیْنَ
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ اما بعد فقیر حقیر بے تمکین محمد نعیم
المعروف بہ مسکین شاہ از پیروان طریقہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ مظہریہ
ویکے از غلامان جناب شیخ زمان قطب دوران قوت ارباب ایمان تقویت
اصحاب ایقان پیر و مرشدی فداہ قلبی و روحی حضرت شاہ سعد اللہ صاحب
ادام اللہ افاضتہم کہ ہرگاہ باستفادہ جناب کرامت مآب از مراقبات و
مکاشفات و واردات و واقعات سرمایۂ بے سر و سامانی بہم رسانید حکم عالی
صادر گردید کہ رسالہ موجز الالفاظ مبسوط الاشارہ درین طریقۂ عالیہ انشاء ساز دتا
برادران دینی را فائدہ حاصل آید۔ اگرچہ این بے بضاعت استطاعت این امر
نداشت وغیر از اقبال امر جلیل القدر چارہ ہم ندانست پس بر طبق ارشاد
مکرمت بنیاد بدین عنوان اساس تحریر نہاد۔ اللّٰہ الموفق بالاتمام از تعلیمات
و تلقینات حضرت پیر و مرشدی فداہ قلبی و روحی کہ این درویش بے خویش کمر
ارادت را بر میان جان بستہ در حلقہ بگوشان صدق اعتقاد درآمدہ و روزگاری
چند در مشق توجہات طریقۂ عالیہ نقشبندیہ بسر گذرانیدہ بدین حال سمت ارشاد یافتہ
کہ انسان مرکب از لطائف عشرہ است پنج از عالم امر و پنج از عالم
خلق عالم امر آنکہ از امر کن پیدا شدہ۔ و عالم خلق آنکہ ظہورش بتدریج
آمد۔ عالم امر فوق عرش۔ و عالم خلق تحت عرش۔ لطائف عالم امر قلب
روح و سری و خفی و اخفی۔ و لطائف عالم خلق لطیفۂ

نفس و خاک و آب و باد و نار ارشاد دائرۂ امکان عبارت از ہر دو عالم
است نصف عالی آن بالائے عرش و نصف سافل
آن تحت عرش باین صورت و بہ این
فقیر را پیر رسید که صفائی
لطائف عشره
بتوجہات و ارشادات حضرت
پیر و مرشدے فداه قلبی و روحی
بہم رسیده بعرض و اظہار خواہد آورد ارشاد

اخفی
خفی
سری
روح
قلب
عرش
نفس
نار
باد
آب
خاک

کہ محل قلب زیر پستان چپ بفاصلۂ دو انگشت مائل بہ پہلو ست زبان بکام چسپانیده
مفہوم اسم مبارک اللہ کہ بیچون و بیچگونه و بے شبه و بے نمونه است ملحوظ خاطر داشته
متوجہ بدل باشد و دل را متوجہ باو سبحانه دارد و در ذکر اسم ذات از زبان خیال مستغرق
باشد اما زمان دخول توجه ذکر را موقوف داشته باین طور متوجه باشد که فیض از باری
تعالی بر قلب شیخ من می آید و از آنجا بر قلب من میرسد چونکه چندی درویش
بجوشش متوجہات قلبی حضرت پیر و مرشدی فداه قلبی و روحی مانده دید که حرکتے
عجیب بر قلب و حرکتے در وی پدید آمد و ذکر اسم ذات یعنی اللہ اللہ جاری گردید و
مشاہده میکرد که از قلب مقدسۂ حضرت پیر و مرشدی فداه قلبی و روحی مثل امواج
دریا بر قلبم میرسد و لیان ترشح نمناک در حالت استغراق تلذذ سے فرحتے از آن
بر باطن من میرسید و بپیا باید که صورت شیخ را بلحاظ فیض فیضان حقیقی
روبروئے خود یا در دل خود یا خود را بصورت شیخ تصور نماید۔ اینرا ہر سه را
ذکر رابطه گویند و بے این ذکر رابطه فتح الباب بطون نمی گردد و ہر قدر که ذکر رابطه
بہ غلو باشد سلوک علو۔ و این فقیر را ذکر رابطه آنقدر غلبه کرده که ہمیشه ذکر بے فکر شیخ

سر نمیزد بلکہ در ہر شئی غیر صورت شیخ نمی بیند و آخر الامر خود را از خویش برکنار می
می یافت مصرع فانی شدم بشیخ و مرادم حصول شد، نور این لطیفہ در
عالم مثال معصفرین (زرد) است ارشاد کہ محل لطیفۂ روح زیر پستان راست
بفاصلہ دو انگشت است باید کہ با و متوجہ باشد بتوجہات حضرت پیر و مرشدے
فداہ قلبی و روحی حرکتے درو پدید آمد و ذکر اسم ذات جاری گردید و این فقیر را از قوت
لطیفہ قلب جسم تا صفۂ دست چپ و از قوت لطیفۂ روح جسم تا صفۂ دست یمین
بحرکت آمد۔ ارشاد کہ فیض از باری تعالے بر لطیفۂ روح شیخ و از آنجا بر لطیفۂ روح
خود تصور کند نور این لطیفہ در عالم مثال احمر ست ارشاد کہ محل لطیفہ سری
برابر پستان چپ جانب وسط سینہ بفاصلہ دو انگشت ست متوجہ باشد در آن ہم
بتوجہ حضرت پیر و مرشدی فداہ قلبی و روحی حرکتے پدید آمد۔ و ذکر اسم ذات جاری
گردید ارشاد کہ فیض از باریتعالے بر لطیفۂ سری شیخ و از آنجا بر لطیفۂ سری خود
تصور کند نور این لطیفۂ در عالم مثال ابیض (سفید) است ارشاد کہ محل لطیفہ خفی
برابر پستان راست بفاصلۂ دو انگشت طرف وسط سینہ است بتوجہ حضرت پیر و
مرشدی فداہ قلبی و روحی درین ہم حرکتے پدید آمد۔ و ذکر اسم ذات جاری گردید
ارشاد کہ فیض از باریتعالے بر لطیفۂ خفی شیخ و از آنجا بر لطیفۂ خفی خود تصور
کند۔ نور این لطیفۂ در عالم مثال اسیاہ (سیاہ) است۔ ارشاد کہ محل لطیفہ اخفیٰ
کہ الطف و احسن و اصل لطائف عالم امر و اقرب ست بذات حضرت او سبحانہ و
درمیان لطائف کالزجاج در وسط سینہ است بتوجہ حضرت پیر و مرشدی
فداہ قلبی و روحی در آن ہم حرکتے پدید آمد و ذکر اسم ذات جاری گردید۔ ارشاد
کہ فیض از باری تعالی بر لطیفہ اخفی شیخ و از آنجا بر لطیفہ اخفیٰ خود تصور کند نور این
لطیفہ در عالم مثال اخضر (سبز) ست ارشاد این زمان بہ ردائیکہ فوق عرش ست

جانب اصل خویش جذبہ و عروجے واقع می شود بر صاحبش گرمی و بیتابی و بیہوشی ظاہر میگردد۔ ارشاد اصل لطیفۂ روح فوق لطیفۂ قلب و اصل لطیفۂ سری فوق لطیفۂ روح .... واصل لطیفۂ خفی فوق لطیفۂ سری و اصل لطیفۂ اخفیٰ فوق لطیفۂ خفی و تا دایرہ امکان منتہی گشتہ و بنظر اینہا بطریج خویش لطف اقرب بجناب ایزدی ہستند ارشاد کہ محل لطیفۂ نفسی در وسط پیشانی ست در آن ہم بتوجہ حضرت پیر و مرشدی فداہ قلبی و روحی حرکتے پدید آمد و ذکر اسم ذات جاری گردید۔ ارشاد کہ فیض از باری تعالیٰ بر لطیفۂ نفسی شیخ و از آنجا بر لطیفۂ نفسی خود تصور کند و نور این لطیفۂ در عالم مثال مائل بہ ابیض ست و بیشتر توجہ منیر کہ حضرت پیر و مرشدی فداہ قلبی و روحی بر لطیفۂ قالب فقیر گردد و در آن ہم از سر تا پا حرکتے پدید آمد و از ہر بن مو ذکر اسم ذات جاری گردید۔ این را سلطان الاذکار گویند ارشاد کہ فیض از باری تعالیٰ بر لطیفۂ قالب شیخ از آنجا بر لطیفۂ قالب خود تصور کند۔ و نور سلطان الاذکار بر این فقیر چنان متجلی گردید کہ چادر سر مائل بہ سبزی از سر تا پا ست و بزبان اسم ذات از ہر بن مو مثل بوٹہ ہائے سفید کہ از لمعۂ آن عالمی روشن ارشاد کہ بزرگان طریقہ عالیہ نقشبندیہ رحمہم اللہ تعالیٰ اذکار مقررہ را با شرائط مسطورہ در شبانہ روز بست و پنجہزار مرفرمودہ اند باین طریق کہ ہر لطیفہ ہزار ہزار کرت تا لطیفۂ سبعہ و باز از سر گیرد۔ و تا بست و پنجہزار رساند و بہ ثبوت این فقیر پیوست کہ درین طریقۂ عالیہ بعد از صحت اعتقاد و اتباع سنت حبیب رب العباد استلزام توجہ شیخ و دوام اذکار شرط است کہ بغیر از توجہ شیخ انکشاف لطایف محال چنانچہ حافظ شیرازی میفرماید بیت :-

آنان کہ خاک را بنظر کیمیا کنند   آیا بود کہ گوشۂ چشمی بما کنند

ارشاد مراقبہ احدیت در دائرہ امکان بدین طریق می باید کہ از ذات احد

مسمّی باسم مبارک اللہ بیچون و بیچگونہ و بی شبہ و بی نمونہ فیض بر لطیفۂ قلب
و یا بر لطیفۂ روح و یا بر لطیفۂ سری و یا بر لطیفۂ خفی و یا بر لطیفۂ اخفیٰ و یا بر لطیفۂ نفسی
و یا بر لطیفۂ قالب می آید ارشاد کہ ذکر نفی و اثبات کہ نفس را زیر ناف حبس
کردہ و لا را از آنجا برداشتہ تا بلطیفۂ نفسی بکشد - و اِلٰہ را از آنجا بر کتف
راست آوردہ اِلَّا اللہ را از لطیفۂ روح و خفی و اخفیٰ و سری گذرانده بر لطیفۂ
قلب ضرب نماید تا اثر ذکر و حرارت مو بمو رسد تا سر و دیگر اعضا را حرکت ندہد
معنی کلمۂ طیبہ را ملحوظ خاطر دارد یعنی نیست ہیچ مقصودی بجز ذات پاک نفی
خویش و اثبات ہستی ذات پاک او تعالیٰ کند و بر این طریق تا مقدور نفس را بعدد
